اللہ تعالیٰ کے پاس نہ ان کا گوشت پہنچتا ہے اور نہ ان کا خون
لیکن اس کے پاس تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے۔ (سورۃ الحج:37)

جس میں آپ سیکھیں گے

6
عید، حقیقت، مسنون اعمال
کوتاہیاں

مرتب: مفتی منیر احمد صاحب
استاذ: معہد العلوم الاسلامیۃ (رجسٹرڈ)
فاضل: جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن، کراچی

- کتاب کا نام : فہم قربانی کورس
- مرتب : مفتی منیر احمد صاحب
- تاریخ طباعت دوم: ذوالقعدہ 1437ھ اگست 2016ء
- ناشر : ادارہ احیاءِ علومِ نبوت
- ای میل : maahdpc@gmail.com
- ویب سائٹ : muftimuneer.blogspot.com
- فیس بک : MuftiMuneerAhmadOfficial

- مفتی ابولبابہ شاہ منصور صاحب فرماتے ہیں: مولانا منیر احمد صاحب جامع مسجد الفلاح نارتھ ناظم آباد نے بھی میرے علم کی حد تک قابل قدر مختصر کورسز ترتیب دیئے ہیں اور ان سے عوام کو خوب فائدہ ہو رہا ہے۔ مزید فرماتے ہیں کہ مساجد میں درس قرآن کے ساتھ عوام الناس کی دینی تعلیم و تربیت کے لیے کروائے جانے والے چار مختلف کورسز۔ ائمہ مساجد و خطباء حضرات اپنے ماحول اور دستیاب مواقع کے لحاظ سے ان میں سے کسی کا بھی انتخاب کرسکتے ہیں۔ خصوصاً گرمیوں کی چھٹیوں میں ہر کورس کے لیے یہ نصاب مجرب و آزمودہ ہیں
(ضرب مؤمن 25 تا 31 مئی 2012)

ملنے کا پتہ

دار الکتب

متصل: جامع مسجد الفلاح بلاک "H" شمالی ناظم آباد، کراچی

فون نمبر: 0331-2607207 - 0331-2607204

اللہ تعالیٰ کے پاس نہ ان کا گوشت پہنچتا ہے اور نہ ان کا خون

لیکن اس کے پاس تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے۔ (سورۃ الحج:37)

جس میں آپ سیکھیں گے

1. ذوالحجہ کے دس دنوں کی فضیلت اعمال، تکبیر تشریق کے مسائل
2. قربانی کے فضائل کس پر واجب ہے کس پر نہیں
3. منڈی جانے سے پہلے کرنے کے کام
4. منڈی پہنچ کر کرنے کے کام
5. جانور خرید نے کے بعد سے شبِ عید تک کرنے کے کام
6. عید، حقیقت، مسنون اعمال کوتاہیاں
7. ذبح کرنے سے پہلے، بوقت ذبح اور ذبح کے بعد کرنے کے کام

مرتب: مُفتی مُنیر احمد صاحب

استاذ: معہد العلوم الاسلامیۃ (رجسٹرڈ)

فاضل: جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن، کراچی

بسم الله الرحمن الرحيم

Jamia-Uloom-Islamiyyah

(University of Islamic Sciences)

Allama Muhammad Yousuf Banuri Town

Karachi - Pakistan.

جامعة العلوم الاسلامية

علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن

کراچی ۷۴۸۰۰ - پاکستان

Ref. No. ______________

Date: ۲۳/۱۱/۱۴۳۵ھ

۱۹/۹/۲۰۱۴ء

الحمد لله رب العالمین، والصلوٰة والسلام علیٰ أشرف الأنبیاء والمرسلین، وعلیٰ آله وصحبه أجمعین.

أما بعد!

''قربانی'' شعائر اسلام میں سے ہے، مسلمان دنیا بھر میں انتہائی جوش وجذبہ کے ساتھ سالانہ قربانی کا اہتمام کرتے ہیں، بعض مواقع پر دیگر عبادات کے مقابلے میں قربانی کا اہتمام بہت زیادہ پایا جاتا ہے، قربانی کی اہمیت اور اہتمام کا تقاضا یہ ہے کہ مسلمان قربانی کی روح اور متعلقہ شرعی احکام سے پوری طرح آگاہی حاصل کریں، ورنہ یہ عبادت خدانخواستہ محض رسم وعادت بن کر رہ جائے گی۔

اللہ تعالیٰ علماء دین کو جزائے خیر عطا فرمائے کہ وہ موقع بموقع مختلف طریقوں سے قربانی کی روح اور اس کے متعلقہ احکام سے عوام کو روشناس کرانے کی کوششیں فرماتے رہتے ہیں، اسی سلسلے کی ایک مفید کڑی ''تین روزہ فہم قربانی کورس'' بھی ہے، جو قربانی کے آغاز سے لے کر اختتام تک ہر مرحلے کے مسائل، فضائل اور آداب واحکام پر مشتمل ہے، جسے ہماری جامعہ کے فاضل مولانا مفتی منیر احمد صاحب حفظہ اللہ نے ترتیب دیا ہے۔ میری رائے میں اس موضوع کی افادیت واہمیت کے پیش نظر ائمہ مساجد کو اس کورس کا یا اس طرز کے کورس کا ضرور اہتمام کرنا چاہئے، تاکہ ہماری یہ عظیم عبادت صحیح عبادت کے طور پر ادا ہوسکے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو قربانی کی روح سمجھنے اور اس کے احکام کے مطابق ادا کرنے کی توفیق بخشے اور مؤلف ومرتب کی اس کوشش کو منظور ومقبول اور ذریعۂ نجات بنائے، آمین۔

فقط والسلام

(مولانا ڈاکٹر) عبدالرزاق اسکندر (مدظلہ)

P.O. Box: 3465 Karachi Code No. 74800, Phone: (0092-21) - 34913570 - 34912683 - 34915[illegible] - 34123366 - 34121152

Hazrat Abu Huraira
TRUST

جامعہ ابوہریرہ، مدرسۃ البنات، اسلامیہ ماڈل سکول، ابوہریرہ اسلامی سکول،
ابوہریرہ ڈسپنسری، حمد اللہ جان ڈسپنسری، القاسم اکیڈمی، ماہنامہ القاسم

حوالہ نمبر ____________ تاریخ 4-4-2011

محترم ومکرم جناب مولانا مفتی منیر احمد صاحب مدظلہ

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہٗ

امید ہے مزاج گرامی بخیر ہوں گے، اللہ کریم عافیت سے رکھے،

فہم رمضان اور فہم قربانی کورس دونوں ملے۔ انتہائی خوشی ہوئی، آپ کی محنت، شفقت اور خلوص نیت دیکھ کر بہت اچھا لگا۔ آپ نے بلاشبہ بہت محنت کی ہے۔ آپ کی یہ محنت ان شاء اللہ رنگ لائے گی، اور یہ عوام اور خواص دونوں کے لیے بہت مفید ثابت ہوں گے۔ آج کل لوگوں کو رمضان اور قربانی کے مسائل کا کچھ پتہ نہیں، خصوصاً ہماری نئی نسل تو ان کے بارے میں کچھ نہیں جانتی۔ آپ کا جذبہ اور آپ کی محنت دیکھ کر تو بے اختیار دل سے دعائیں نکلیں ....
اللہ تعالیٰ آپ کے علم وعمل وعمر میں برکت عطا فرمائے۔ آمین

والسلام

عبد القیوم حقانی

برائے رابطہ:
جامعہ ابوہریرہ، برانچ پوسٹ آفس خالق آباد نوشہرہ سرحد پاکستان
فون: 0923-630237
فیکس: 0923-630094
موبائل: 0333-9102770

فہرست مضامین

کچھ سوالات فہم قربانی کورس کے بارے میں

(1) سوال: فہم قربانی کورس سیکھنا کیوں ضروری ہے اس کے سیکھنے کی کیا اہمیت ہے؟

جواب: قرآن مجید میں ہے لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا (ہود 7) ترجمہ: تا کہ تمہیں آزمائے کہ عمل کے اعتبار سے تم میں کون زیادہ اچھا ہے۔ اور سورۃ قارعہ (آیت: ۶، ۷) میں ہے فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ. ترجمہ: اب جس شخص کے پلڑے وزنی ہوں گے تو وہ من پسند زندگی میں ہوگا۔

معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کے یہاں اعمال گنے نہیں جاتے بلکہ تولے جاتے ہیں لہٰذا ہمارے عشرۂ ذی الحجہ کے اعمال روزہ، نیک اعمال، تکبیراتِ تشریق، قربانی وغیرہ جو بھی ہم کرتے ہیں وہ کل قیامت میں تولے جائیں گے اور اس وقت ہر ایک کی یہی خواہش ہوگی کہ کسی طرح ہمارے اعمال وزنی ثابت ہوجائیں، اور عمل وزنی ہوتے ہیں اتباع سنت سے یعنی ہمارا روزہ، قربانی وغیرہ اعمال جتنا حضور ﷺ کے بتائے ہوئے طریقہ کے مطابق ہوں گے اتنے ہی کل قیامت میں وزنی ہوں گے اور جتنے سنت طریقہ سے ہٹ کر ہوں گے اتنے بے وزنی ہوں گے اسی سنت طریقہ کو سیکھنے کے لیے اور خلاف سنت طریقہ سے بچنے کے لیے یہ فہم قربانی کورس ہے گویا فہم قربانی کورس سیکھ کر ہم اعمال عشرۂ ذی الحجہ کو کل قیامت میں وزنی بنا سکتے ہیں الغرض فہم قربانی کورس سیکھنا ہم سب کی ضرورت ہے، جس نے پہلے سے نہیں سیکھا وہ اس کے ذریعہ سے سیکھ لے گا اور جو پہلے سیکھ چکے ہیں ان کے لیے یہ کورس یاددہانی کا ذریعہ بن جائے گا۔

(2) سوال: فہم قربانی کورس سیکھنے کے کیا فوائد ہیں؟

جواب: ● **علم دین سیکھنے کے جتنے فضائل قرآن وحدیث میں آئے ہیں وہ سب حاصل ہوجائیں گے۔**

(1) حضور ﷺ نے فرمایا جو شخص علم حاصل کرنے کے لیے صبح کو چلتا ہے تو فرشتے اس پر سایہ کرتے ہیں اور اس کے روزگار میں برکت ہوتی ہے اور اس کے رزق میں کمی نہیں ہوتی اور رزق اس کے لیے مبارک ہوتا ہے۔(1)

(2) حضور ﷺ کے زمانہ میں دو بھائی تھے ایک کماتا دوسرا حضور ﷺ کے ساتھ رہتا علم سیکھتا کمائی والے نے اپنے بھائی کی شکایت کی حضور ﷺ نے فرمایا شاید اسی کی وجہ سے تمہیں روزی ملتی ہو۔(2)

(3) حضور ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ بھلائی کا معاملہ کرنا چاہتے ہیں اس کو دین کی سمجھ بوجھ عطا فرماتے ہیں۔(3)

(4) جو شخص علم حاصل کرنے کے لیے چلتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت کا راستہ آسان فرمادیتے ہیں اور فرشتے خوش ہوکر پروں سے اس کے لیے سایہ کرتے ہیں۔(4)

(5) آپ ﷺ نے فرمایا جس کو اس حال میں موت آئی کہ وہ علم حاصل کررہا ہوتا کہ وہ علم حاصل کرکے دین اسلام کو زندہ کرے تو اس کے اور نبیوں کے درمیان ایک درجہ کا فرق ہوگا۔(5)

● سیکھ لیا لیکن عمل نہ کر سکے یہ بھی فائدہ سے خالی نہیں۔

(1) عشرۂ ذی الحجہ اور قربانی کی فضیلت اور اس سے متعلق مسائل کا صحیح علم سامنے آ جانے کے بعد گمراہی اور جہالت سے حفاظت ہو جائے گی۔

(2) کبھی نہ کبھی عمل کی توفیق بھی نصیب ہو جائے گی۔

(3) خود عمل نہ بھی کیا دوسروں کو سکھلا دیا تو بھی ثواب ملے گا۔ **(6)**

● سیکھنے کے بعد عمل بھی کر لیا۔

(1) تو اس عمل پر جو خیر و برکت کے وعدے ہیں وہ یقیناً پورے ہوں گے۔

(2) جب ان خیروں اور برکتوں کا مشاہدہ خود عمل کرنے والے اور دوسروں کو ہوگا تو اپنے یقین میں بھی اضافہ ہوگا اور دوسروں کو بھی عمل کی ترغیب ملے گی۔

(3) قربانی کے متعلق اسلام کی ہدایات عام ہوں گی، جہالت ختم ہو گی اور کتابوں سے پڑھے اور سیکھے بغیر بھی صرف دیکھنے اور سننے سے قربانی اور عشرۂ ذی الحجہ کے بہت سارے احکام لوگوں کو معلوم ہو جائیں گے۔

(4) قربانی کے بہت سارے احکام جن پر عمل کرنے میں کوئی مجاہدہ اور مشقت نہیں اٹھانی پڑتی صرف نہ جاننے یا غلط جاننے کی وجہ سے عمل نہیں کر پا رہے تھے ان پر بسہولت عمل کی توفیق نصیب ہو جائے گی۔

● قربانی اور عشرۂ ذی الحجہ کے فضائل و مسائل اور عمل کرنے کے بعد اگر دوسروں کو سکھا بھی دیا تو سکھانے کے جتنے فضائل ہیں وہ سب نصیب ہو جائیں گے۔

(1) حضرت ابو اُمامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دو آدمیوں کا ذکر کیا گیا جن میں ایک عابد تھا اور دوسرا عالم۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عالم کی فضیلت عابد پر ایسی ہے جیسے میری فضیلت تم میں سے ایک معمولی شخص پر۔ اس کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لوگوں کو بھلائی سکھلانے والے پر اللہ تعالیٰ، ان کے فرشتے، آسمان اور زمین کی تمام مخلوقات یہاں تک کہ چیونٹی اپنے بل میں سے مچھلی (پانی میں اپنے اپنے انداز میں) رحمت بھیجتی اور دعائیں کرتی ہیں۔ **(7)**

(2) ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مومن کے مرنے کے بعد جن اعمال کا ثواب اس کو ملتا رہتا ہے ان میں ایک تو علم ہے جو کسی کو سکھایا اور پھیلایا ہو، دوسرا صالح اولاد ہے جس کو چھوڑا ہو، تیسرا قرآن شریف ہے جو میراث میں چھوڑ گیا ہو، چوتھا مسجد ہے جو بنا گیا ہو، پانچواں مسافر خانہ ہے جس کو اس نے تعمیر کیا ہو، چھٹا نہر ہے جس کو اس نے جاری کیا ہو، ساتواں وہ صدقہ ہے جس کو اپنی زندگی اور صحت میں اس طرح دے گیا ہو کہ مرنے کے بعد اس کا ثواب ملتا رہے (مثلاً وقف کی شکل میں صدقہ کر گیا ہو) **(8)**

(3) اللہ تعالیٰ سرسبز و شاداب کرے اس آدمی کو جو ہم سے کچھ بات سنے پھر اسے آگے پہنچا دے جیسا اس کو سنا تھا بہت سے ایسے آدمی جن کو بات پہنچائی جائے زیادہ محفوظ کرنے والے ہوتے ہیں بنسبت سننے والے سے **(9)**

(3) سوال: فہم قربانی کورس میں کون سے مضامین ہیں اور اس کا تعارف کیا ہے؟

جواب: اس میں درج ذیل عنوانات بیان کئے جائیں گے۔(1) ذی الحجہ کے دس دنوں کی فضیلت، اعمال، تکبیر تشریق کے مسائل (2) قربانی کے فضائل، کس پر واجب ہے کس پر نہیں؟ (3) منڈی جانے سے پہلے ان امور کا اہتمام کیجیے (4) منڈی پہنچ کر ان امور کا اہتمام کریں (5) جانور خریدنے کے بعد سے شبِ عید تک کرنے کے کام (6) عید (7) جانور ذبح کرنے سے پہلے، بوقت ذبح اور ذبح کے بعد ان امور کا اہتمام کیجیے۔ مزید تفصیل کے لیے کورس کی فہرست ملاحظہ فرمائیں۔

(4) سوال: یہ بھی تو ہوسکتا ہے کہ فہم قربانی کورس کے ذریعہ با قاعدہ مسائل قربانی سیکھنے کے بجائے جب کسی مسئلہ میں ضرورت پیش آجائے ہم مفتی حضرات سے وہ مسئلہ پوچھ لیں اور جب تک اس مسئلہ کا علم نہ ہو جائے اس وقت تک اس معاملہ کو موقوف رکھیں۔

جواب: بنیادی مسائل کا علم حاصل کرنا پھر بھی ضروری ہے، کیونکہ جب تک یہ معلوم نہ ہو کہ کس چیز کا تعلق شریعت سے ہے اور کس چیز کا نہیں ہے تو اس سے پہلے لوگ پوچھنے کی زحمت ہی گوارا نہیں کریں گے۔ امام غزالیؒ ایک جگہ فرماتے ہیں کہ تجارت کے بنیادی مسائل کا علم بہرحال پھر بھی سیکھنا ضروری ہے کیونکہ جب تک ان کا علم نہ ہوگا یہ بھی معلوم نہیں ہوگا کہ کہاں معاملہ موقوف کرنا چاہیے اور کہاں علماء سے دریافت کرنا چاہیے۔ اگر کوئی شخص یہ کہے کہ میں تو اسی وقت کسی خاص مسئلے کا علم حاصل کروں گا جب مجھے اس کی ضرورت پیش آئے گی، اس سے پوچھا جائے گا کہ آپ کو یہ بات کس طرح معلوم ہوگی کہ فلاں واقعے کے سلسلے میں شریعت کا حکم دریافت کرنا چاہیے۔ آپ تو اپنے معاملات میں مشغول رہیں گے اور یہ سمجھتے رہیں گے کہ جو کچھ میں کر رہا ہوں وہ جائز ہے، حالانکہ یہ ممکن ہے کہ وہ جائز نہ ہو، اس لیے تجارت کے سلسلے میں مباح اور غیر مباح کا جاننا بے حد ضروری ہے۔ **(10)**

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں روایت ہے کہ وہ اپنے دورِ خلافت میں بازار کا گشت کرتے اور بعض جاہل تاجروں کو درے لگاتے۔ فرمایا کرتے تھے کہ ہمارے بازار میں صرف وہی لوگ خرید و فروخت کریں، جنہیں تجارت کے شرعی احکام کا علم ہو، ورنہ ان کے معاملات سودی ہوں گے خواہ وہ مانیں یا نہ مانیں☆

(5) سوال: یہ ذہن میں آتا ہے کہ اب تو عمر کافی ہوگئی بات یاد نہیں رہتی، اب حافظہ پہلے جیسا نہیں رہا۔ پھر کلاس میں پڑھ بھی لیا تو واپس جا کر مشغولیت کی وجہ سے پڑھنے اور یاد کرنے کا موقع نہیں ملے گا۔

جواب: علم دین کا تعلق دماغ سے زیادہ، دل اور عمل سے ہے، عمل کی نیت سے درس سنیں اور کرنے کی چیزوں پر عمل شروع کریں، بچنے کی چیزوں سے بچنا شروع کردیں۔ پس علم بھی محفوظ ہو جائے گا، وہ چیزیں انسان بھولتا ہے جو عمل میں نہیں ہوتیں۔

(6) سوال: یہ ذہن میں آتا ہے کہ زیادہ دیر زمین پر بیٹھنا مشکل ہوتا ہے۔

جواب: عذر ہے تو ٹیک لگا کر، کرسی پر جیسے سہولت ہو بیٹھ سکتے ہیں۔

(7) سوال: اپنی مشغولیتوں کے اعتبار سے آئندہ اگر پابندی مشکل ہو جائے؟

جواب: کامل فائدہ تو پابندی سے ہی ہوگا، باقی کچھ نہ ہونے سے ہونا بہتر ہے، عزم، ہمت اور دعا کر کے کورس میں آنا تو شروع کر دیں۔

(8) سوال: کورس کی فیس کیا ہے؟

جواب: ﴿وَمَآ اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (شعراء:109)﴾ اور میں تم سے کوئی صلہ نہیں مانگتا میرا صلہ تو بس رب العالمین کے ذمہ ہے۔ ﴿اِنْ اُرِيْدُ اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ (ہود:88)﴾ میں تو اصلاح چاہتا ہوں جہاں تک میرے امکان میں ہے۔

(9) سوال: اس کورس کا دورانیہ کتنا ہے؟

جواب: اگر مجمع سے یومیہ ایک گھنٹہ لیا جائے تو تین، چار کلاسوں میں بہت اچھے انداز سے اس کو پڑھایا جاسکتا ہے۔

(10) سوال: کیا دوسروں کو بھی کورس میں لاسکتے ہیں؟

جواب: ضرور، ﴿مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا (نساء:85)﴾ جو شخص اچھی سفارش کرے اس کو اس کی وجہ سے حصہ ملے گا۔

(11) سوال: اس کے علاوہ اور مزید کون کونسے کورس یہاں ہوتے ہیں

جواب: فہم رمضان کورس، فہم تجارت کورس، سیرت رسول ﷺ بذریعہ پروجیکٹر (برائے حضرات وخواتین) 3 ماہی سمر کیمپ، چالیس روزہ سمر کیمپ، تعلیم بالغان، دوسالہ مختصر علم دین کورس، مکتب تعلیم القرآن۔

فہم قربانی کورس کو پڑھانے کا طریقہ

(12) سوال: فہم قربانی کورس کو پڑھنے پڑھانے کا کیا طریقہ ہے؟

جواب: **طریقہ 1:** سب سے اعلیٰ طریقہ تو یہ ہے کہ تدریسی انداز اختیار کیا جائے۔ پڑھانے والے کے سامنے بھی یہ کورس ہو اور تمام پڑھنے والوں کے پاس بھی، ایک ایک بات اچھی طرح سمجھائی جائے، اور دوران تدریس بذریعہ سوالات اس بات کی تسلی کی جائے کہ مجمع سمجھ رہا ہے یا نہیں اور درمیان میں جو مشقیں آئیں طلبہ ان کو گھر سے حل کر کے آئیں۔ اور اگلے دن استاذ سے اس کی تصحیح کرالیں، اگر روزانہ ایک گھنٹہ مجمع سے لے رہے ہیں تو پہلی کلاس میں شروع کتاب یعنی عشرۂ ذی الحجہ اور قربانی کے فضائل سے صفحہ 18 تک پڑھائیں اور دوسری کلاس میں صفحہ 19 یعنی "منڈی جانے سے پہلے کے امور" سے صفحہ 33 تک پڑھائیں اور تیسری کلاس میں صفحہ 34 سے آخر کتاب تک پڑھادیں۔

طریقہ 2: اور اگر مجمع بہت زیادہ ہے کچھ کے پاس یہ کورس ہے اکثر کے پاس نہیں تو تدریسی انداز کے بجائے ترغیبی

انداز سے پڑھا سکتے ہیں مثلاً کتاب میں سے عنوان دیکھا اور مجمع کو سنا دیا۔ کہیں کہیں عبارت پڑھ دی، مشقوں میں جو ضروری سوال ہیں وہ مجمع سے پوچھ لیے۔

طریقہ 3: جمعہ کے بیانات میں اس کے مضامین بیان کردیئے جائیں مثلاً ذی الحجہ سے ایک یا دو جمعہ پہلے عشرۂ ذی الحجہ اور قربانی کے تحت جو مضامین ہیں وہ سنا دیئے پھر ذی الحجہ شروع ہو جانے کے بعد قربانی اور شبِ عید وغیرہ سے متعلقہ احکام کی وضاحت کردی جائے۔

طریقہ 4: بعض مساجد میں فجر یا عصر کے بعد ائمہ حضرات مجمع سے ترغیبی بات کرتے ہیں ان نشستوں میں بھی فہم قربانی کے مضامین زبانی یا کتاب سے جیسے مناسب ہو مجمع کو سنائے جاسکتے ہیں۔

طریقہ 5: جن حضرات نے یہ کورس پڑھ لیا ہے وہ اپنے اپنے گھروں میں پڑھائیں۔

طریقہ امتحان

اگر اس کورس کو طریقہ 1 کے مطابق پڑھایا جائے تو جس انداز میں مشقوں کے تحت سوالات دیے گئے ہیں ان ہی میں سے انتخاب کرکے پرچہ میں دے دیئے جائیں۔

1. عشرۂ ذی الحجہ

1.1 فضائل

1.2 اعمال

1. عشرۂ ذی الحجۃ

1.1 فضائل

(1) دس راتوں کی قسم

وَالْفَجْرِ وَ لَيَالٍ عَشْرٍ (سورۃ الفجر)

ترجمہ: قسم ہے فجر کی اور دس راتوں کی۔

تشریح: اس آیت میں دس راتوں سے مراد حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے نزدیک ماہِ ذی الحجہ کی ابتدائی دس راتیں ہیں۔(11)

وَيَذْكُرُوا اسْمَ اللهِ فِيْ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمَاتٍ۔ (سورۃ الحج:28)

ترجمہ: اور چند مقرر دنوں میں اللہ کا نام لیں۔

تشریح: کئی مفسرین کے نزدیک ان مقرر دنوں سے ذی الحجہ کا پہلا عشرہ مراد ہے، کہ جس میں اللہ کے ذکر کی خاص فضیلت و اہمیت ہے۔(12)

(2) کوئی دن ایسا نہیں جس میں عمل کرنا ان دس دنوں سے زیادہ محبوب ہو

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے فرمایا: ''کوئی دن ایسا نہیں ہے کہ جس میں عمل صالح اللہ تعالی کے یہاں اِن (ذی الحجہ کے) دس دنوں کے عمل سے زیادہ محبوب اور پسندیدہ ہو۔'' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا: ''یا رسول اللہ! کیا جہاد بھی ان (ایام کے عمل) کے برابر نہیں؟'' آپ ﷺ نے فرمایا: ''(ہاں) جہاد بھی ان (دنوں میں کیئے ہوئے عمل) کے برابر نہیں، مگر وہ شخص جو جان و مال لے کر جہاد کے لیے نکلے پھر ان میں سے کوئی چیز بھی واپس نہ لائے۔(نہ جان، نہ مال، دونوں قربان کردے، یعنی شہید ہو جائے)(13)

(3) عشرہ ذی الحجہ سے زیادہ عظمت والا کوئی دن نہیں

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ہی سے روایت ہے کہ رحمت عالم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالی کے نزدیک عشرۂ ذی الحجہ سے زیادہ عظمت والا کوئی دن نہیں اور نہ ان دنوں کے عمل سے اور کسی دن کا عمل زیادہ محبوب ہے۔ لہٰذا تم ان دنوں میں تسبیح و تہلیل اور

تکبیر وتحمید کثرت سے کیا کرو۔(14)

(4) عشرہ ذی الحجہ سے زیادہ پسندیدہ عبادت کسی دن کی نہیں

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''کوئی دن ایسا نہیں ہے جس میں عبادت اللہ تعالیٰ کے نزدیک عشرۂ ذی الحجہ سے زیادہ پسند ہو۔(کیونکہ)عشرہ ذی الحجہ میں سے ہر دن کا روزہ ایک سال کے روزوں کے برابر ہے اور اس کی ہر رات کی عبادت شب قدر کی عبادت کے برابر ہے۔(15)

(5) قربانی والا اپنے بال اور ناخن نہ کاٹے

اُمّ المؤمنین حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رحمت دو عالم ﷺ نے فرمایا: ''جب ذی الحجہ کا مہینہ شروع ہو جائے اور تم میں سے کسی کا قربانی کرنے کا ارادہ ہو تو اپنے بال اور ناخن نہ کاٹے۔''(16)

(6) 9ذی الحجہ کے روزے سے ایک سال پہلے اور ایک سال بعد کے گناہ معاف ہوتے ہیں

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ محبوب رب العالمین ﷺ نے یوم عرفہ (9ذی الحجہ) کے روزے کے بارے میں فرمایا کہ میں اللہ تعالیٰ سے پختہ اُمید رکھتا ہوں کہ وہ اس کی وجہ سے ایک سال پہلے اور ایک سال بعد کے گناہوں کا کفارہ فرمادیں گے۔(17)

(7) عیدین کی راتوں میں عبادت کرنے والے کا دل قیامت کے دن مرے گا نہیں

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص نے دونوں عیدوں (یعنی عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ) کی راتوں کو ثواب کا یقین رکھتے ہوئے زندہ رکھا تو اس کا دل اس دن نہ مرے گا جس دن لوگوں کے دل مردہ ہو جائیں گے۔''(18)

(8) 8، 9ذی الحجہ،عیدین،شب برأت کی راتوں کو زندہ کرنے والے کے لیے جنت واجب

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص نے (ذکر اور عبادت کے ذریعہ)پانچ راتیں زندہ رکھیں،اس کے لیے جنت واجب ہوگئی۔(وہ پانچ راتیں یہ ہیں) آٹھ ذی الحجہ کی رات،عرفہ کی رات، بقرعید کی رات،عیدالفطر کی رات اور پندرھویں شعبان کی رات۔(19)

1.2 اعمال

(1) یکم ذی الحجہ سے دس ذی الحجہ تک نیک اعمال کا اہتمام کرنا اور خاص طور سے تسبیح (سبحان اللہ) تحمید (الحمدللہ)، تکبیر (اللہ اکبر) اور تہلیل (لا الہ الا اللہ) کی کثرت کرنا۔

(2) روزے رکھنا۔

(3) راتوں کو عبادت میں گزارنا۔

(4) قربانی کرنے والے کا بال اور ناخن قربانی کے بعد کاٹنا۔(20)

(5) تکبیر تشریق پڑھنا۔

تکبیر تشریق

(الف) کن الفاظ میں پڑھنا ہے؟

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ، اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ۔(21)

(ب) کب پڑھنا ہے؟

ذی الحجہ کی نویں تاریخ کی فجر سے ذی الحجہ کی 13 تاریخ کی عصر تک ہر فرض نماز کے بعد۔(22)

(ج) کس نماز کے بعد پڑھنا ہے؟

ہر فرض نماز کے بعد، بقرعید کی نماز کے بعد کہنے نہ کہنے میں اختلاف ہے بعض کے نزدیک کہہ لینا واجب۔(23)

(د) کتنی مرتبہ پڑھنا ہے؟

ایک مرتبہ تکبیر تشریق پڑھنا واجب ہے۔(24)

(ہ) کس کو پڑھنا ہے؟

تکبیر تشریق امام، مقتدی، مسبوق، منفرد، شہری، دیہاتی، مقیم، مسافر، مرد و عورت پر واجب ہے۔(25)

(و) کیسے پڑھنا ہے؟

مردوں کو بلند آواز سے اور عورتوں کو آہستہ آواز سے پڑھنا ہے۔(26)

(ز) تکبیرات کہنا بھول گیا تو کیا کرے؟

سلام کے متصل بعد تکبیرات بھول جانے کی صورت میں اگر نماز کے منافی کوئی کام نہیں کیا تو یاد آنے پر تکبیرات کہہ دینی چاہئیں اور اگر نماز کے منافی کوئی کام کرلیا مثلاً آواز سے ہنس پڑا، جان بوجھ کر وضو توڑ دیا، جان بوجھ کر یا غلطی سے کلام کرلیا' مسجد سے نکل گیا یا میدان میں نماز پڑھی اور صفوں سے باہر نکل گیا تو تکبیرات فوت ہوگئیں، اب کہنے سے واجب ادا نہ ہوگا، اس پر استغفار ضروری ہے۔(27)

مشق:عشرۂ ذی الحجہ

1. حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ''کوئی دن ایسا نہیں ہے کہ جس میں عمل صالح اللہ تعالیٰ کے یہاں ان __________ دنوں کے عمل سے زیادہ محبوب اور پسندیدہ ہو۔''

2. عشرہ ذی الحجہ میں سے ہر دن کا روزہ ______________ کے روزوں کے برابر ہے اور اس کی ہر رات کی عبادت ______ کی
عبادت کے برابر ہے۔

3. حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: ''جس شخص نے (ذکر، عبادت کے ذریعہ) پانچ راتیں زندہ رکھیں اس کے لیے جنت واجب ہوگی وہ پانچ راتیں یہ ہیں۔

1.______________ 2.______________ 3.______________ 4.______________

5.______________

4. عشرہ ذی الحجہ میں کون کون سے اعمال کرنے چاہیے تحریر فرمائیں:

____

____

____

5. تکبیر تشریق کے الفاظ یہ ہیں:

____

6. تکبیر تشریق کب سے کب تک پڑھنا چاہیے؟

____

7. تکبیر تشریق کس کے اوپر واجب ہے؟

____

2. قربانی آپ پر واجب ہے یا نہیں؟ جلد فیصلہ کریں

2.1 فضائل قربانی

2.2 قربانی سے حاصل ہونے والا سبق

2.3 قربانی نہ کرنے پر وعید

2.4 قربانی کس پر واجب ہے؟

2.1 فضائل قربانی

(1) بقرہ عید کے دن قربانی سے بہتر کوئی عمل نہیں

''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بیان ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ذی الحجہ کی دس تاریخ (بقرہ عید) کو کوئی نیک عمل اللہ تعالیٰ کے نزدیک قربانی کا خون بہانے سے بڑھ کر محبوب اور پسندیدہ نہیں اور قیامت کے دن قربانی کرنے والا اپنے جانور کے بالوں، سینگوں اور کھروں کو لے کر آئے گا (اور یہ چیزیں ثواب عظیم ملنے کا ذریعہ بنیں گی) نیز فرمایا کہ قربانی کا خون زمین پر گرنے سے پہلے اللہ تعالیٰ کے نزدیک شرفِ قبولیت حاصل کر لیتا ہے، لہٰذا تم خوش دلی کے ساتھ قربانی کیا کرو۔(28)

''حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بقرہ عید کے دن فرمایا کہ آج کے دن کوئی شخص قربانی سے بہتر عمل نہیں کر سکتا۔ الّا یہ کہ صلہ رحمی کرے (یاد رہے کہ صلہ رحمی نفلی قربانی کا بدل تو ہو سکتی ہے واجب قربانی کا نہیں۔)''(29)

(2) خون کا پہلا قطرہ گرتے ہی سارے گناہ معاف

''حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''اے فاطمہ! جاؤ اپنی قربانی پر حاضری دو، کیونکہ اس کے خون سے جونہی پہلا قطرہ گرے گا تمہارے سارے گناہ معاف ہو جائیں گے۔ نیز وہ جانور (قیامت کے دن) اپنے خون اور گوشت کے ساتھ لایا جائے گا اور پھر اسے ستر گنا (بھاری کر کے) تمہارے میزان میں رکھا جائے گا۔'' حضرت ابوسعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (یہ عظیم الشان فضیلت سن کر بے ساختہ) عرض کیا: ''یا رسول اللہ! کیا یہ (فضیلت عظیمہ صرف) آلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہے کیونکہ وہ (واقعتہً) اس کارِ خیر کے زیادہ مستحق ہیں یا آلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام مسلمانوں کے لیے عام ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا: ''(یہ عظیم الشان فضیلت) آلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تو بطور خاص ہے اور تمام مسلمانوں کے لیے بھی عام ہے (یعنی ہر مسلمان کو بھی قربانی کرنے کے بعد یہ فضیلت حاصل ہو گی۔)''(30)

(3) قربانی کا جانور خریدنے کے لیے رقم خرچ کرنا اور چیزوں میں خرچ کرنے سے افضل ہے۔

''حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ''عید کے دن قربانی کا جانور (خریدنے) کے لیے پیسے خرچ کرنا اللہ تعالیٰ کے یہاں اور چیزوں میں خرچ کرنے سے زیادہ افضل ہے۔''(31)

(4) قربانی سنت ابراہیمی ہے، ہر بال کے عوض ایک نیکی ہے۔

''حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا: ''یا رسول اللہ! یہ قربانی کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''یہ تمہارے باپ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی سنّت ہے۔'' انہوں نے عرض کیا: ''یا رسول اللہ! اس میں ہمارا کیا فائدہ ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ''(تمہارا فائدہ یہ ہے کہ تمہیں قربانی کے جانور کے) ہر بال کے بدلے میں ایک نیکی ملے گی۔'' انہوں نے پھر عرض کیا: ''یا رسول اللہ! (جن جانوروں کے بدن پر اون ہے اس) اون کا کیا حکم ہے؟ (کیا اس پر بھی کچھ ملے گا؟)'' آپ ﷺ نے فرمایا: ''اون کے ہر بال کے عوض بھی ایک نیکی ملے گی۔''(32)

خلاصہ یہ کہ:

قربانی ابراہیم علیہ السلام کی سنت ہے، قربانی کے جانور کے ہر بال ہر اُون کے عوض ایک نیکی ملتی ہے۔ ایامِ بقرہ عید میں قربانی سے بڑھ کر کوئی عمل اللہ کو پسند نہیں، قیامت کے دن قربانی کرنے والا اپنے جانور کے بالوں، سینگوں اور کھروں کو لے کر آئیگا اور یہ چیزیں بہت بڑے ثواب کے ملنے کا ذریعہ بنیں گی۔ نیز قربانی کا جانور اپنے وزن سے ستر گنا بڑھا کر لایا جائیگا اور قربانی کرنے والے کے اعمال کے ترازو میں رکھ دیا جائیگا، جس سے اس کی نیکیوں کا پلڑا بہت وزنی ہو جائے گا، قربانی کا خون زمین پر گرنے سے پہلے ہی اللہ کے نزدیک شرفِ قبولیت حاصل کر لیتا ہے اور جونہی خون کا پہلا قطرہ زمین پر گرتا ہے قربانی کرنے والے کے سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔(33)

الغرض ان فضیلتوں کو حاصل کرنے کیلئے تو یہاں تک کوشش کریں کہ جس پر قربانی واجب نہ بھی ہو وہ بھی کرنے کی کوشش کرے۔ آخر اس تنگی کی حالت میں اپنی خواہشات پر بھی تو خرچ کرتے ہی رہتے ہیں۔ نیز اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ جب بندہ تنگی کی حالت میں اس کے حکم پر خرچ کرتا ہے تو وہ تنگی اور سختی کو فراخی اور آسانی سے بدل دیتا ہے۔(34) اور جس پر واجب ہو تو اپنے واجب کی ادائیگی کے ساتھ اگر مزید وسعت ہو تو حضور ﷺ آپ کے اہلِ بیت اور اپنے مرحوم والدین بہن بھائیوں کی طرف سے قربانی کرے اور ان کی روحوں کو عظیم الشان ثواب پہنچا کر ضرور خوش کرے۔ نیز یہ مال اللہ کا دیا ہوا ہے، جب اس کے حکم (قربانی) کو پورا کرنے کے لئے لگایا جائیگا تو اس میں برکتیں آئینگی ورنہ کمائیوں کی برکتیں ختم ہو جائینگی اور بسا اوقات اللہ تعالیٰ ناراض ہو کر ایسی الجھنیں اور مصائب میں گھیر دیتا ہے کہ قربانی سے زیادہ پیسہ برباد ہو جاتا ہے۔

جان دی دی ہوئی اسی کی تھی
حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

2.2 قربانی سے حاصل ہونے والا سبق

(1) حکم الٰہی پر مال واولاد سب قربان کردینے کا جذبہ ہو

1. قربانی حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جس عظیم الشان عمل کی یادگار ہے، اس کا دل ودماغ میں استحضار کیا جائے اوراس حقیقت کو سوچا جائے کہ یہ سب کچھ محض اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل اوراس کی رضا جوئی کے لیے تھا اور یہ جذبہ ہونا چاہیے کہ اگر بیٹے ہی کو ذبح کرنے کا حکم باقی رہتا تو ہم بخوشی اس کی تعمیل کرتے، ہر والد کا جذبہ یہ ہو کہ میں ضرور اپنے لختِ جگر کو قربان کرتا اور ہر بیٹے کا جذبہ یہ ہو کہ میں قربان ہونے کے لیے دل وجان سے راضی ہوتا اور یہ عزم ہونا چاہیے کہ اگر یہ حکم آج صبح بھی نازل ہوجائے تو ہم اس میں ذرا بھی کوتاہی نہیں کریں گے۔

(2) تمام نفسانی خواہشات قربان کردینے کا جذبہ ہو

2. قربانی کی اصل روح اوراس کی حقیقت یہ ہے کہ مسلمان اللہ تعالیٰ کی محبت میں اپنی تمام نفسانی خواہشات کو قربان کردے۔ جانور ذبح کرکے قربانی دینے کے حکم میں یہی حکمت پوشیدہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی محبت میں تمام خواہشات نفسانیہ کو ایک ایک کرکے ذبح کرو۔ اگر کوئی شخص جانور کی قربانی تو بڑے شوق سے کرتا ہے مگر خواہش نفس اور گناہوں کو نہیں چھوڑتا، نہ اس کی فکر ہے تو اگر چہ واجب تو اس کے ذمہ سے ساقط ہوگیا، مگر قربانی کی حقیقت وروح سے محروم رہا، اس لیے قربانی کی ظاہری صورت کے ساتھ ساتھ اس کی حقیقت کو حاصل کرنے کا عزم، کوشش اور دعا بھی جاری رکھنی چاہیے۔

(3) حکم الٰہی کے مقابلہ میں اعزہ واحباب بیوی، بچے، ماں باپ، خاندان قوم، وطن کسی کو ترجیح نہ دینے کا جذبہ ہو

3. حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے صرف ایک جانور کی قربانی نہیں کی، بلکہ پوری زندگی کا ایک ایک لمحہ اللہ تعالیٰ کی اطاعت وفرمانبرداری میں گزارا جو حکم بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوا فوراً تعمیل کی۔ جان، مال، ماں باپ، وطن ومکان، لخت جگر غرض سب کچھ اللہ تعالیٰ کے راستے میں قربان فرمایا۔ ہمیں بھی اپنے اندر یہی جذبہ پیدا کرنا چاہیے کہ دین کا جو تقاضا بھی سامنے آئے اس پر عمل کریں گے۔ اپنے اعزہ واحباب، بیوی بچوں، ماں باپ، خاندان قوم وطن کسی چیز کو بھی اللہ تعالیٰ کے حکم کے مقابلے میں ترجیح نہیں دیں گے۔

2.3 قربانی نہ کرنے پر وعید

جو شخص قربانی کی استطاعت رکھتے ہوئے بھی قربانی نہ کرے ایسے شخص سے حضور ﷺ ناراض ہو جاتے ہیں اور ناراضگی میں فرماتے ہیں: ''جو مالی وسعت کے باوجود قربانی نہ کرے تو ایسا شخص ہماری عیدگاہ میں بھی نہ آئے۔'' (35)

فائدہ: قربانی مکہ اور حج کے ساتھ خاص نہیں، نہ صدقہ اس کے قائم مقام ہے

آپ ﷺ کا قربانی نہ کرنے والے پر وعید اور ہجرت کے بعد سے مدینہ منورہ کی 10 سالہ زندگی میں حضور ﷺ کا ہر سال قربانی کرنا (36) جبکہ حج صرف آخری سال کیا پھر صحابہ، تابعین بلکہ دنیا کے ہر خطے ہر ملک ہر جگہ اس واجب کی تعمیل کرنا، اس بات کی واضح دلیل ہے کہ قربانی کا وجوب، نہ حج کے ساتھ خاص ہے، نہ مکہ معظّمہ کے ساتھ اور نہ ہی صدقہ خیرات اس قربانی کے قائم مقام ہو سکتے ہیں۔

مشق: فضائل قربانی

1. قربانی __________ کی سنت ہے۔
2. قربانی کے جانور کے ہر بال ہر اون کے عوض __________ ملتی ہے۔
3. ایام بقرہ عید میں __________ سے بڑھ کر کوئی عمل اللہ کو پسند نہیں۔
4. جو مالی وسعت کے باوجود قربانی نہ کرے ایسے شخص کے بارے میں حضور ﷺ نے فرمایا:

____

5. کیا قربانی صرف حاجیوں پر واجب ہے؟

____

____

____

2.4 قربانی کس پر واجب ہے؟

قربانی پانچ شرطوں سے واجب ہوتی ہے۔ جو مندرجہ ذیل ہیں:

(1) مسلمان ہونا، غیر مسلم پر قربانی نہیں۔ **(2)** مقیم ہونا، مسافر پر قربانی واجب نہیں۔

(3) بالغ ہونا، نابالغ پر قربانی واجب نہیں۔

(4) عاقل ہونا، مجنون پر قربانی واجب نہیں۔ ہاں اگر قربانی کے ایام میں مجنون کو افاقہ ہو تو قربانی واجب ہے۔

(5) تونگری یعنی صاحب نصاب ہونا، مسکین پر قربانی نہیں۔ (37)

مسئلہ 1: جس شخص کی ملک میں قربانی کے تین ایام (10 / 11 / 12 ذوالحجہ) میں یا 12 ذوالحجہ کی شام غروب آفتاب سے ذرا پہلے

(1) ساڑھے سات تولہ (87,479 گرام) سونا (2) ساڑھے 52 تولہ (612,35 گرام) چاندی (3) نقدی (4) مال تجارت (5) یا ضرورت سے زائد سامان۔

ان پانچوں میں سے کوئی ایک (6) یا ان پانچوں کا مجموعہ (7) یا ان میں سے بعض کا مجموعہ (مثلاً چاندی اور نقدی یا نقدی اور ضرورت سے زائد سامان وغیرہ وغیرہ) ساڑھے باون 52 تولہ چاندی کی قیمت کے برابر ہو تو قربانی واجب ہے۔ (38)

نوٹ: عموماً یہ غلط فہمی پائی جاتی ہے حتیٰ کہ بعض اہل علم بھی اس کا شکار ہیں کہ جب تک سونا ساڑھے سات تولہ اور چاندی ساڑھے باون تولہ نہ ہو تو اس پر کسی مال میں نہ زکوۃ فرض ہے، نہ قربانی واجب ہے، حالانکہ وزن کا اعتبار اس صورت میں ہے کہ جب کسی کی ملک میں صرف سونا یا صرف چاندی ہو، نقدی ایک پیسہ بھی نہ ہو، مال تجارت ذرا سا بھی نہ ہو اور ضرورت سے زائد کچھ بھی نہ ہو۔ اگر دو یا زیادہ اقسام کے اموال ہوں تو ہر ایک کا علیحدہ نصاب پورا ہونا ضروری نہیں، بلکہ اس صورت میں سب کی قیمت لگائی جائے، اگر سب کی قیمت کا مجموعہ ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر یا زائد ہو جائے تو مسئلہ نمبر 1 میں مذکور تفصیل کے مطابق زکوۃ، صدقۃ الفطر اور قربانی واجب ہے، مثلاً اگر کسی کے پاس ایک تولہ سونا ہے اور ایک روپیہ نقدی ہے تو دونوں کی مالیت کو دیکھا جائے گا، ایک تولہ سونے کی قیمت اگر پانچ ہزار ہے تو ایک روپیہ نقدی اس کے ساتھ جمع کریں گے، گویا یہ شخص 5001 روپے کا مالک ہے، اگر یہ رقم ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کے برابر یا اس سے زائد ہے تو زکوۃ، صدقۃ الفطر اور قربانی واجب ہے۔ چنانچہ خواتین کے پاس کئی کئی تولے سونا ہوتا ہے، کچھ نہ کچھ نقدی بھی ضرور ہوتی ہے، ضرورت سے زائد

سامان کے ڈھیر ہوتے ہیں مگر وہ نہ زکوۃ ادا کرتی ہیں نہ قربانی، اس کی اصلاح بہت ضروری ہے۔

ضرورت اصلیہ سے مراد وہ ضرورت ہے جو جان یا آبرو سے متعلق ہو، یعنی اس کے پورا نہ ہونے سے جان یا عزت وآبرو جانے کا اندیشہ ہو، مثلاً کھانا پینا، پہننے کے کپڑے، رہنے کا مکان، اہل صنعت وحرفت کے لیے اس کے پیشہ کے اوزار ضرورت اصلیہ میں داخل ہیں البتہ اگر کسی شخص نے اپنے اور اپنے اہل وعیال کے لیے سال بھر کا نفقہ جنس کی شکل میں مثلاً آٹے چاول وغیرہ کی شکل میں خرید کر رکھا ہوا ہے، تو سال بھر تک کے گزارے کا یہ سامان حاجت اصلیہ میں داخل ہے لہٰذا نصاب میں شامل نہ ہوگا۔ جب کہ نقدی حاجت اصلیہ میں داخل نہیں وہ ہر حال میں نصاب میں شامل ہوگی۔ چاہے اسے مستقبل کے اخراجات ہی کے لیے رکھا گیا ہو۔(39)

مسئلہ 2: VCR-TV، استعمال کیا ہوا ضرورت سے زائد فرنیچر اور وہ اشیاء جو گھروں میں رکھی ہوتی ہیں، سال میں ایک مرتبہ بھی ان کے استعمال کی ضرورت نہیں پڑتی، یہ سب نمبر 5 یعنی ضرورت سے زائد سامان کے تحت داخل ہیں۔ لہٰذا ان کی قیمت بھی حساب میں لگائی جائیگی۔

مسئلہ 3: اگر کسی کے پاس ایک سے زائد مکان ہے تو زائد مکان کی قیمت نصاب کے برابر یا اس سے زیادہ ہونے کی وجہ سے ایک حصہ قربانی کرنا واجب ہے۔(40)

مسئلہ 4: اگر کسی کے پاس ایک ہی مکان ہے لیکن اس میں وہ خود نہیں رہتا بلکہ کرایہ پر دے رکھا ہے اور وہ خود کرایہ کے گھر میں رہتا ہے تو اس پر ایک حصہ قربانی کرنا واجب ہے۔ کیونکہ یہ مکان فی الحال حاجت اصلیہ (یعنی ضرورت) سے زائد ہے(41)

مسئلہ 5: اپنا گھر چاہے کرایہ پر کسی کو دیا ہو یا بغیر کرایہ کے یونہی کسی کو استعمال کے لیے دیا ہو یا وہ خالی پڑا ہوا ہو اور خود دوسرے مکان میں کرایہ پر رہتا ہو تو ہر ایک صورت میں قربانی میں اس مکان کی قیمت کا اعتبار ہوگا کیونکہ یہ مکان فی الحال حاجت اصلیہ (یعنی ضرورت) سے زائد ہے۔(42)

مسئلہ 6: چاندی کی قیمت میں چونکہ قربانی واجب ہونے کے دن کا اعتبار ہے۔ اور چاندی کی قیمت بھی بدلتی رہتی ہے۔ اس لئے جن حضرات کو اپنے بارے میں صاحب نصاب ہونے نہ ہونے میں شک ہو وہ ساڑھے 52 تولہ (یعنی 612,35 گرام) چاندی کی قیمت صرافوں سے معلوم کرلیں۔ ہماری معلومات کے اعتبار سے مؤرخہ __________ کو ساڑھے، 52 تولہ چاندی کی قیمت ________RS روپے ہے۔

مسئلہ 7: عموماً یہ دیکھنے میں آتا ہے کہ گھر کا سربراہ قربانی کر لے تو اسے سب گھر والوں کی طرف سے کافی سمجھا جاتا ہے ۔حالانکہ سربراہ کے علاوہ گھر کا کوئی اور فرد یا افراد نصاب کے مالک ہوں تو ان پر الگ سے قربانی واجب ہے ۔اس صورت میں گھر کے سربراہ کی قربانی کو سب گھر والوں کی طرف سے کافی سمجھنا ایسا ہے، جیسے سربراہ کی نماز کو سب گھر والوں کی طرف سے کافی سمجھا جائے ۔(43)

مسئلہ 8: اگر کسی شخص کے چار لڑکے ہیں، باپ کے ہمراہ کماتے ہیں، اور خوب کماتے ہیں گھر میں بھی سب کچھ، حویلیاں، جائیداد زمین، مال وزر، بیویاں بچے وغیرہ اور سب مشترک رہتے ہیں، ایک جگہ کھانا پینا اور دیگر اخراجات ہیں باپ نے بیٹوں کو حسب مرضی خرچ کرنے کا اختیار دے رکھا ہے تو اس صورت میں اگر سب نصاب کے مالک ہیں تو ہر ایک پر ایک ایک حصہ قربانی کرنا واجب ہے، ایک باپ کی طرف سے اور چار لڑکوں کی طرف سے، اور اگر بیویاں بھی نصاب کی مالک ہیں تو ان پر بھی ایک ایک حصہ قربانی الگ الگ واجب ہوگی ۔(44)

مسئلہ 9: اگر چار بھائی مشترک ہیں اور سب نصاب کے مالک ہیں باپ کے مرنے کے بعد ترکہ کو تقسیم کر کے الگ نہیں ہوئے، مشترک ہی کماتے اور خرچ کرتے ہیں تو ان چاروں بھائیوں پر بھی نصاب کے مالک ہونے کی وجہ سے الگ الگ ایک ایک حصہ قربانی واجب ہوگی ۔سب کی طرف سے ایک حصہ قربانی درست نہیں ہوگی ۔(45)

مسئلہ 10: بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ جس پر زکوۃ فرض ہے اس پر قربانی بھی واجب ہے اور جس پر زکوۃ فرض نہیں تو اس پر قربانی بھی واجب نہیں تو ان کا یہ خیال درست نہیں ۔اس لیے کہ زکوۃ کے نصاب اور قربانی کے نصاب میں دو بنیادی فرق ہیں:

پہلا فرق: یہ ہے کہ ضرورت سے زائد وہ سامان جس کی قیمت ساڑھے باون تولہ چاندی کی قیمت کو پہنچ جائے لیکن اس مال میں تجارت کی نیت نہ ہو تو زکوۃ واجب نہیں لیکن قربانی واجب ہے ۔(46)

دوسرا فرق: یہ ہے کہ زکوۃ کا ادا کرنا اس وقت فرض ہوتا ہے جس نصاب پر چاند کے اعتبار سے بارہ مہینے گزر جائیں اور قربانی واجب ہونے کے لیے قربانی کی تاریخ آنے سے پہلے چوبیس گھنٹے گزرنا بھی ضروری نہیں ہے، اگر کسی کے پاس ایک آدہ دن پہلے ہی ایسا مال آیا جس کے ہونے سے قربانی واجب ہوتی ہے تو اس پر کل کو قربانی واجب ہو جائے گی ۔

لہٰذا اب یہ کہنا تو درست ہے کہ جس پر زکوۃ فرض ہے اس پر قربانی بھی واجب ہے ۔لیکن یہ کہنا صحیح نہیں کہ جس پر زکوۃ فرض نہیں اس پر قربانی بھی واجب نہیں ۔(47)

نصاب قربانی وزکوٰۃ میں فرق

نمبر شمار	قربانی/صدقۂ فطر	نمبر شمار	زکوٰۃ
1	صرف ساڑھے سات تولہ سونا	1	صرف ساڑھے سات تولہ سونا
2	صرف ساڑھے باون تولہ چاندی	2	صرف ساڑھے باون تولہ چاندی
3	ساڑھے باون تولہ چاندی کے بقدر نقدی	3	ساڑھے باون تولہ چاندی کے بقدر نقدی
4	ساڑھے باون تولہ چاندی کے بقدر مال تجارت	4	ساڑھے باون تولہ چاندی کے بقدر مال تجارت
5	ساڑھے باون تولہ چاندی کے بقدر ضرورت سے زائد سامان	5	X X X
6	ان پانچوں کا مجموعہ بقدر ساڑھے باون تولہ چاندی	6	ان چاروں کا مجموعہ بقدر ساڑھے باون تولہ چاندی
7	ان میں سے بعض کا مجموعہ جب کہ ساڑھے باون تولہ چاندی کے بقدر ہو۔	7	ان میں سے بعض کا مجموعہ جب کہ ساڑھے باون تولہ چاندی کے بقدر ہو۔
8	قربانی واجب ہونے کے لیے قربانی کے نصاب پر سال گزرنا فرض نہیں	8	زکوٰۃ فرض ہونے کے لیے زکوٰۃ کے نصاب پر سال گزرنا شرط ہے

مسئلہ 11: قربانی صرف اپنی طرف سے واجب ہے، اپنی اولاد یا بیوی یا والدین کی طرف سے کرنا لازم نہیں یہ سب اگر صاحبِ نصاب ہوں تو اپنی اپنی قربانی خود ان پر واجب ہے البتہ بیوی کی اجازت سے اگر شوہر کرنا چاہے یا بچوں کی طرف سے والد کرنا چاہے تو کرسکتا ہے۔(48)

مسئلہ 12: نابالغ کی طرف سے کسی حال میں قربانی کرنا لازم نہیں چاہے اس کے پاس مال ہو یا نہ ہو۔(49)

مسئلہ 13: اگر مسئلہ کی رو سے کسی پر قربانی کرنا واجب نہ تھی پھر بھی اس نے جانور خرید لیا تو اب اس کی قربانی واجب ہوگی۔(50)

مسئلہ 14: اگر حاجی مسافر ہے تو اس پر قربانی واجب نہیں۔ اگر مسافر حاجی اپنی خوشی سے قربانی کرے گا تو ثواب ملے گا۔(51)

مسئلہ 15: اگر حاجی مقیم ہے اور اس کے پاس حج کے اخراجات کے علاوہ نصاب کے برابر یا زائد رقم موجود ہے تو اس پر قربانی

کرنا لازم ہوگا۔مثلاً اگر کوئی شخص 8 ذی الحجہ سے پندرہ دن قبل مکہ مکرمہ پہنچ گیا تو وہ مقیم ہے۔اگر وہ صاحب نصاب ہے تو اس پر قربانی واجب ہے جسے وہ وہاں بھی ادا کرسکتا ہے اور اپنے وطن میں کسی کو وکیل بنا کر بھی ادا کرسکتا ہے اور اگر 8 ذی الحجہ سے چودہ دن قبل یا اس سے بھی کم دن قبل مکہ مکرمہ پہنچا تو وہ مسافر ہے،اس پر قربانی واجب نہیں ۔(52) واضح رہے کہ حج تمتع وقران کرنے والے پر بطور شکرا لگ قربانی واجب ہوتی ہے،جس کا وہیں کرنا ضروری ہوتا ہے۔(53)

مسئلہ 16: اگر ملازم نصاب کا مالک ہے تو اس پر قربانی واجب ہے،سرکاری اور غیر سرکاری دونوں قسم کے ملازمین کا حکم ایک ہے۔اگر ملازم نصاب کا مالک نہیں جو تنخواہ ملتی ہے وہ ماہانہ خرچ ہو جاتی ہے یا ماہانہ کچھ بچت ہو جاتی ہے لیکن بچی ہوئی رقم کی مقدار نصاب کے برابر نہیں بلکہ اس سے کم ہے تو اس پر زکوۃ اور قربانی واجب نہیں ۔ (54)

مسئلہ 17: اگر عورت کا حق مہر معجّل ہے اور شوہر بھی مالدار ہے اور وہ نصاب کے برابر یا زیادہ ہے تو اس کی وجہ سے قربانی واجب ہوگی اور اس عورت پر ایک حصہ قربانی کرنا لازم ہوگا۔ (55)

مسئلہ 18: کسی کے پاس قربانی کا نصاب موجود ہے لیکن اس پر قرضہ بھی ہے،قرض ادا کرنے کے بعد اتنی مالیت بچ جاتی ہے جو نصاب کے بقدر رہے تو اس پر قربانی واجب ہے اور اگر بقدر نصاب نہیں بچتا تو واجب نہیں ۔ (56)

نوٹ: جو حضرات قربانی کر رہے ہیں تو بہت اچھا لیکن جو حضرات یہ سمجھ رہے ہیں کہ ان پر قربانی واجب نہیں وہ قربانی واجب نہ ہونے کا از خود فیصلہ کرنے کے بجائے اپنی مالی صورتحال کسی مستند مفتی صاحب کو بتا کر اپنے متعلق قربانی واجب ہونے نہ ہونے کا حکم ضرور معلوم کرلیں۔

مشق

1. قربانی کس پر واجب ہے؟

1. جس شخص کی ملکیت میں قربانی کے تین ایام ۔ ______ میں یا ______ تولہ سونا، یا ساڑھے ______ تولہ چاندی یا نقدی یا مال تجارت یا ضرورت سے زائد سامان ان پانچوں میں سے کوئی ایک یا ان پانچوں کا مجموعہ یا ان میں سے بعض کا مجموعہ ساڑھے ______ تولہ چاندی کے برابر ہو تو ایسے شخص پر قربانی واجب ہے۔

2. ضرورت سے زائد سامان مثلاً ______________________________

____

3. کیا یہ کہنا صحیح ہے کہ جس پر زکوٰۃ واجب نہیں اس پر قربانی بھی واجب نہیں؟

____

____

4. زکوٰۃ کے نصاب اور قربانی کے نصاب میں کیا فرق ہے؟

____

____

____

____

5. قربانی کے واجب ہونے میں گھر کے ہر فرد کی علیحدہ علیحدہ ملکیت دیکھی جائے گی یا گھر کے بڑے اور سرپرست کی قربانی سب گھر والوں کی طرف سے کافی ہو جائے گی؟

____

____

6. اپنی اولاد یا بیوی، والدین کی طرف سے کیا قربانی کرنا واجب ہے؟

____

____

7. کیا نابالغ کی طرف سے قربانی کرنا لازم ہے؟

____

8. اگر مسئلہ کی رو سے کسی پر قربانی واجب نہ تھی پھر بھی اس نے جانور خرید لیا تو کیا حکم ہے؟

____

2. صحیح ✓ یا غلط x کا نشان لگایئے۔

(1) اگر کسی شخص کے چار لڑکے ہیں، باپ کے ہمراہ کماتے ہیں اور خوب کماتے ہیں گھر میں بھی سب کچھ، حویلیاں، جائیداد زمین، مال وزر، بیویاں بچے وغیرہ اور سب مشترک رہتے ہیں، ایک جگہ کھانا پینا اور دیگر اخراجات ہیں باپ نے بیٹوں کو حسب مرضی خرچ کرنے کا اختیار دے رکھا ہے تو اس صورت میں اگر سب نصاب کے مالک ہیں تو ہر ایک پر ایک ایک حصہ قربانی کرنا۔

واجب ہے ☐ واجب نہیں ☐

(2) اگر چار بھائی مشترک ہیں اور سب نصاب کے مالک ہیں باپ کے مرنے کے بعد ترکہ کو تقسیم کر کے الگ نہیں ہوئے، مشترک ہی کماتے اور خرچ کرتے ہیں تو ان چاروں بھائیوں پر نصاب کے مالک ہونے کی وجہ سے الگ الگ ایک ایک حصہ قربانی کرنا۔

واجب ہوگی ☐ واجب نہیں ہوگی ☐

(3) اگر حاجی مسافر ہو تو اس پر قربانی کرنا

واجب ہوگی ☐ واجب نہیں ہوگی ☐

(4) اگر کسی کے پاس ایک سے زائد مکان ہے تو زائد مکان کی قیمت نصاب کے برابر یا اس سے زیادہ ہونے کی وجہ سے ایک حصہ قربانی کرنا

واجب ہوگی ☐ واجب نہیں ہوگی ☐

(5) اگر کسی کے پاس ایک ہی مکان ہے لیکن اس میں وہ خود نہیں رہتا بلکہ کرایہ پر دے رکھا ہے اور وہ خود کرایہ کے گھر میں رہتا ہے تو اس پر ایک حصہ قربانی کرنا

واجب ہوگی ☐ واجب نہیں ہوگی ☐

(6) اپنا گھر چاہے کرایہ پر کسی کو دیا ہو یا بغیر کرایہ کے یونہی کسی کو استعمال کے لیے دیا ہو یا وہ خالی پڑا ہوا ہو اور خود دوسرے مکان میں کرایہ پر رہتا ہو تو ہر ایک صورت میں قربانی میں اس مکان کی قیمت کا

اعتبار ہوگا ☐ اعتبار نہیں ہوگا ☐

(7) اگر ملازم نصاب کا مالک ہے تو اس پر قربانی کرنا

واجب ہوگی ☐ واجب نہیں ہوگی ☐

(8) اگر عورت کا حق مہر معجّل ہے اور شوہر بھی مالدار ہے اور وہ نصاب کے برابر یا زیادہ ہے تو اس کی وجہ سے قربانی کرنا

واجب ہوگی ☐ واجب نہیں ہوگی ☐

(9) کسی کے پاس قربانی کا نصاب موجود ہے لیکن اس پر قرضہ بھی ہے، قرض ادا کرنے کے بعد اتنی مالیت بچ جاتی ہے جو نصاب کے بقدر ہے تو اس پر قربانی

واجب ہوگی ☐ واجب نہیں ہوگی ☐

3. منڈی جانے سے پہلے ان امور کا اہتمام کیجئے

3.1 استخارہ

3.2 صلوۃ الحاجت

3.3 مشورہ

3.4 نماز کا خیال

3.5 نیت کی درستگی

3.6 صراحۃً اجازت لینا

3.7 مال حلال کا استعمال

3.8 پہلے سے جانور پالنا

3.9 مسائل کا سیکھنا

3.10 حفاظتی دعاؤں کا اہتمام

3.1 استخارہ

دو رکعت استخارہ کی نفل پڑھ کر دعا کریں کہ اے اللہ جو معاملہ میرے لئے بہتر ہو اس کی رہنمائی فرما دیں اور جو معاملہ میرے حق میں برا ہو اس سے محفوظ فرمائیں ۔(57)

یاد رکھیے جب بندہ ہر کام میں اللہ سے پوچھ پوچھ کر قدم اٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص کی پوری پوری رہنمائی فرماتے ہیں اور استخارہ کرنے کے بعد اللہ وہی کرتے ہیں جو اس کے حق میں بہتر ہوتا ہے (58) اور جب بندہ بغیر استخارہ کے اپنی عقل پر بھروسہ کر کے اپنے کاموں کو انجام دیتا ہے تو قدم قدم پر ٹھوکریں کھاتا ہے ۔

3.2 صلوۃ الحاجت

دو رکعت صلوۃ الحاجت بھی پڑھ کر اپنے لئے آسانی مانگ لیں کہ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دنیا و آخرت کے بارے میں جو مانگا جائے ملتا ہے ۔(59) نیز گھر سے نکلنے سے پہلے دو رکعت کا پڑھنا گھر سے باہر نکلنے کے بعد کی برائی سے بچالیتا ہے ۔ (60)

نوٹ: چار رکعت کے لئے دس منٹ نکال لیجئے دس گھنٹوں کی مشقت سے بچ جائیں گے ۔

3.3 مشورہ

کسی جاننے والے کو ساتھ لے لیں یا مشورہ کر لیں کیونکہ مشورہ میں برکت ہے ۔(61)

3.4 نماز کا خیال

ایسے وقت جائیں کہ نماز قضاء نہ ہو نہ جماعت چھوٹے بعض فقہاء نے یہاں تک لکھا ہے کہ جو جانتا ہے کہ جب وہ حج کیلئے جائیگا تو اس کی ایک نماز فوت ہو جائیگی تو اس کیلئے حج کیلئے جانا حرام ہے چاہے وہ مرد ہو یا عورت اس لئے کہ جس کی ایک نماز قضا ہو جائے تو اس کا عوض ستر حج سے کم میں نہیں ہوتا (62) اور جب قربانی اسی لئے کر رہے ہیں کہ اللہ راضی ہو جائیں تو پھر کتنی عجیب بات ہے ایک عمل (قربانی) اس کو راضی کرنے کے لئے کریں اور اسی وقت اس سے بڑا عمل (نماز) چھوڑ کر اس کو ناراض کر دیں لہٰذا منڈی میں بھی نماز کی طرف دھیان لگا رہے کہ کہیں با جماعت نماز نہ نکل جائے یہ نہیں کہ گھر جا کر انفرادی نماز پڑھ لیں گے ۔

3.5 نیت کی درستگی

نیت اگر صحیح نہ ہوتو احادیث میں اس پر بہت وعیدیں آئی ہیں۔

(الف) حدیث میں آتا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ قیامت کے دن جس کے آنے میں کوئی شک نہیں ہے سب لوگوں کو جمع فرمائیں گے تو ایک پکارنے والا پکارے گا۔ جس شخص نے اپنے کسی ایسے عمل میں جو اس نے اللہ کے لئے کیا تھا کسی اور کو بھی شریک کیا تو وہ اس کا ثواب اسی دوسرے سے جا کر مانگ لے کیونکہ اللہ تعالیٰ شرکت میں سب شرکاء سے زیادہ بے نیاز ہیں۔ **(63)**

(ب) جو شخص اپنے عمل کو لوگوں کے درمیان مشہور کریگا تو اللہ تعالیٰ اس کے اس ریا والے عمل کو اپنی مخلوق کے کانوں تک پہنچادیں گے (کہ یہ شخص ریا کار ہے) اور اس کو لوگوں کی نگاہ میں چھوٹا اور ذلیل کردیں گے۔ **(64)**

(ج) جو شخص کسی نیک کام میں دکھلاوے اور شہرت کی نیت سے لگےتو جب تک وہ اس نیت کو چھوڑ نہ دے اللہ تعالیٰ کی سخت ناراضگی میں رہتا ہے۔ **(65)** لہٰذا اپنی نیت درست فرمائیں یہ ذہن میں نہ ہو کہ ہماری گلی یا محلّہ میں فلاں صاحب نے پچاس ہزار کا جانور خریدا ہے تو بس اب ہماری حیثیت ہو یا نہ ہو لاکھ کا جانور خریدیں گے یا ان کے جانور سے تگڑا خریدیں گے۔

نیز یہ بھی نہیں کہ حیثیت کے باوجود بس سستے سے سستا خریدنا ہے۔ جیسے اپنی خواہشات (موبائل/گاڑی/کھانے پینے) پر خوب خرچ کرتے ہیں اور اچھے سے اچھے کی کوشش کرتے ہیں ایسے ہی اللہ کے حکم کو پورا کرنے میں بھی یہی جذبہ ہو اور قیمتی سے قیمتی چیز دی جائے۔ **(66)**

نیز جانور خریدنے کیلئے جب رقم نکالیں تو خوشدلی اور طبیعت میں بشاشت اور جوشِ محبت ہو کہ اللہ کے دیئے ہوئے مال کو اللہ کے حکم پر خرچ کر رہا ہوں وہ راضی ہو کر انشاء اللہ اور دیگا۔ طبیعت میں بوجھ نہ ہو۔ **(67)**

نیز ایسا بھی نہ ہو کہ مقروض ہیں (قربانی واجب نہیں) بس شرمندگی سے بچنے کیلئے کہ لوگ کیا کہیں گے کہ ان کے یہاں قربانی ہی نہیں ہوئی صرف اس وجہ سے جانور خرید رہے ہیں اور قرضہ کی ادائیگی کی فکر نہیں تاہم اگر قربانی کرلی تو ثواب ملے گا۔ **(68)**

نیز چونکہ قربانی صحیح ہونے کیلئے قربانی کا ثواب یا واجب ادا کرنے کی نیت سے جانور خریدنا یا ذبح کرتے وقت اس نیت کا خیال کرنا ضروری ہے، ورنہ قربانی صحیح نہ ہوگی **(69)** لہٰذا قربانی کرنے والے یا قربانی کے جانور میں شریک افراد میں سے کسی نے

بھی گوشت کھانے کی یا فروخت کرنے کی نیت کی یا بقرہ عید کے بعد کوئی شادی ہونے والی ہے قربانی کے جانور سے اس کی دعوت نمٹانے کی نیت کی تو قربانی نہیں ہوگی۔(70) البتہ اگر قربانی کے جانور میں شریک افراد میں سے بعض نے واجب یا نفلی قربانی کی نیت کی اور بعض نے عقیقہ یا ولیمہ مسنونہ کی نیت سے جانور میں حصہ لیا تو شرعاً اس میں کوئی قباحت نہیں۔(71)

3.6 صراحتہً اجازت لینا

اگر کسی دوسرے شخص (بیوی/بہن بھائی/والدین/دوست وغیرہ) کی طرف سے اس کی واجب قربانی آپ اپنی رقم سے کرنا چاہ رہے ہیں تو اس سے اجازت لینا ضروری ہے۔اجازت کے بغیر قربانی کرنے کی صورت میں دوسرے کی واجب قربانی ادا نہ ہوگی۔

لہٰذا بہتر یہ ہیکہ ان کو بتا دیں کہ میں آپکی طرف سے حصہ یا جانور لینے جا رہا ہوں ورنہ حصہ یا جانور لانے کے بعد بتا دیں۔ (72)

البتہ کسی جگہ یہ رواج ہی ہو کہ شوہر اپنی بیوی یا باپ اپنی بالغ اولاد کی طرف سے قربانی کرتا ہے اور بیوی اور اولاد کو بھی یہ بات معلوم ہو تو اس عرف و رواج کی وجہ سے ان کی طرف سے واجب قربانی درست ہو جائیگی صراحتاً اجازت لینا ضروری نہ ہوگا اور جہاں یہ عرف نہ ہو تو واجب قربانی کیلئے صریح اور صاف طور پر اجازت لینا ضروری ہے، ورنہ اس شخص کی واجب قربانی ادا نہ ہوگی(73) اور اگر کسی زندہ یا مرحوم کی طرف سے نفلی قربانی کرنا چاہ رہے ہیں تو اجازت لینا ضروری نہیں۔ (74)

3.7 مالِ حلال کا استعمال

ویسے تو اپنی ضروریات، کھانے پینے، پہننے سواری مکان وغیرہ ہر چیز ہی میں حلال مال لگانا ضروری ہے لیکن جب مال قربانی جیسی اہم عبادت میں اللہ کیلئے لگایا جا رہا ہو تو اس میں تو مال کا حلال ہونا بہت ہی زیادہ ضروری ہے۔کیونکہ اللہ تعالیٰ پاک ہیں اور پاک مال ہی کو قبول کرتے ہیں۔ (75)

اور ہمیں پاک مال ہی میں سے خرچ کرنے کا حکم ہے (بقرہ 267) حرام مال سے کوئی صدقہ قبول نہیں ہوگا (76) چنانچہ حرام مال سے تو قربانی کرنا جائز نہیں ہے۔

(الف) اب اگر کسی کے پاس صرف اور صرف بینک، انشورنس، سود جوا، چوری وغیرہ کی آمدنی ہے اس کے علاوہ حلال آمدنی نہیں ہے۔

(ب) یا حلال اور حرام آمدنیاں ملی جلی ہیں جن میں اکثر حرام آمدنی ہے تو ایسے حضرات مذکورہ آمدنی سے نہ اپنے لئے جانور خریدیں اور نہ اجتماعی اور مشترکہ قربانی میں حصہ لیں اور نہ ہی حلال آمدنی والے مذکورہ آمدنی والوں کو اپنے ساتھ شریک کریں کیونکہ ایسا کرنے کی صورت میں جن کی گائے یا اونٹ میں حصہ لیا ہے ان میں سے کسی کی بھی قربانی نہیں ہوگی (77) بلکہ کوشش کر کے کہیں سے حلال آمدنی کا بندوبست کریں پھر اس رقم سے جانور خریدیں یا حصہ لیں۔

(ج) ہاں اگر بینک انشورنس وغیرہ کی آمدنی کے ساتھ حلال آمدنی بھی ہے اور وہ حرام آمدنی کے ساتھ ملی ہوئی اور مخلوط نہیں ہے بلکہ الگ ہے تو جو حلال آمدنی الگ رکھی ہے اسی سے قربانی کریں۔

(د) اگر آپ کی آمدنی حلال ہے اور آپ اجتماعی قربانی میں حصہ لینے کیلئے جا رہے ہیں تو یہ یقین اور دھیان بھی کر لیں کہ اجتماعی قربانی کا انتظام کرنے والا یا ادارہ، کسی حرام آمدنی والے کی جان بوجھ کر شرکت نہ ہو اس کا بھی خیال رکھتا ہے یا نہیں۔

جس کی آسان صورت یہ ہے کہ محتاط ادارے والے جہاں حصوں کی بکنگ ہوتی ہے وہاں بڑے حروف میں یہ اعلان لکھ کر آویزاں کر دیتے ہیں یا حصہ لینے والے کو یہ اعلان پڑھا دیتے ہیں کہ حرام آمدنی والے مثلاً: سود، جوا، بینک، انشورنس، ڈاکہ اور چوری کی رقم والے اجتماعی قربانی میں شرکت نہ کریں ورنہ وہ خود ذمہ دار ہوں گے۔ اب آپ دیکھ لیں کہ اس ادارے نے ایسا کوئی بندوبست کیا ہے یا نہیں۔

3.8 پہلے سے جانور پالنا

چونکہ قربانی کے جانور کو چند روز پہلے سے پالنا افضل ہے تا کہ اس سے محبت ہو اور پھر اس محبوب جانور کی قربانی کرنے میں زیادہ ثواب ہے اس لئے زیادہ ثواب حاصل کرنے کیلئے چند دن پہلے سے جانور خریدا جائے (78) صرف اس نیت سے اجتماعی قربانی میں حصہ لے لینا کہ کون منڈی کے چکر لگائے اور کون جانور کی دیکھ بھال صفائی ستھرائی، قصائی کے بندوبست کے بکھیڑے برداشت کرے بس اجتماعی قربانی میں حصہ لے لو یہ بڑی محرومی کی بات ہے، ہاں اگر کھال کی وجہ سے جان کا خطرہ ہو تو ایسی صورت میں اجتماعی قربانی میں حصہ لینے کو ترجیح دینا بہتر ہے تا کہ قربانی بھی ہو جائے اور کھال بھی مستحق لوگوں کو مل جائے۔ (79)

3.9 مسائل کا سیکھنا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے کہ ہمارے بازار میں انہی کو خرید و فروخت کی اجازت ہے جنہوں نے دین کی سمجھ حاصل

کرلی ہو (یعنی خرید وفروخت کے احکام سے واقف ہوں ۔(80)

اس لئے منڈی جانے سے پہلے خرید وفروخت کے موٹے موٹے ضروری احکام ضرور سیکھ لیں، جانور کب خریدنا چاہیے۔ کس سے خریدنا چاہیے۔کہاں سے کتنے وقت میں خریدنا چاہیے۔

لہٰذا ان مسائل کو منڈی جانے سے پہلے ہی سیکھنے کا اہتمام فرمائیں اور اگر خدانخواستہ ایسا نہیں کر پائے تو کم از کم فہم قربانی کورس ضرور اپنے ساتھ رکھ لیں راستہ میں اور منڈی پہنچنے کے بعد عنوان ﴿منڈی میں ان امور کا اہتمام کریں﴾ اس کو پڑھ لیں اس کے مطابق خریدنے اور عمل کرنے کی کوشش فرمائیں۔

3.10 حفاظتی دعاؤں کا اہتمام

رقم کی حفاظت کا بندوبست بھی کرلیں حفاظت کے ظاہری اور دنیاوی اسباب کا تو ہم سب اہتمام کرتے ہیں، مگر جان ومال کی حفاظت کے حقیقی اور یقینی اسباب کو بھول جاتے ہیں ہم سب کو معلوم ہے کہ **حَـفِـيْـظ** (حفاظت کرنے والا) اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔وہ حفاظت کریں تو کوئی ذرہ برابر بھی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔اب حفیظ نے حفاظت کا ضابطہ حضرت محمد ﷺ کے واسطہ سے ہم کو بتایا، وہ دعاؤں کا اہتمام ہے۔بس اب جو اسکا اہتمام کریگا خدا کا غیبی نظام حرکت میں آئے گا اور فرشتوں سے اللہ تعالیٰ اس شخص کی جان مال کی حفاظت فرمائیں گے۔جو شخص گھر سے نکل کر یہ پڑھے

"بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ"

""میں اللہ کا نام لیکر نکلا میں نے اللہ پر بھروسہ کیا گناہوں سے بچانا اور نیکیوں کی قوّت دینا اللہ ہی کی طرف سے ہے۔""

تو اس کو (غائبانہ) ندا دی جاتی ہے کہ تیری ضرورتیں پوری ہوں گی اور تو (ضرور نقصان سے) محفوظ رہے گا اور ان کلمات کو سن کر شیطان وہاں سے ہٹ جاتا ہے یعنی اس کو بہکانے اور ایذاء دینے سے باز رہتا ہے ۔(81)

(ب) آیۃ الکرسی کے پڑھ لینے سے اللہ کی طرف سے ایک نگران حفاظت کیلئے مقرر ہو جاتا ہے ۔(82) لہٰذا گھر سے نکلتے وقت مذکورہ دعا اور آیۃ الکرسی ضرور پڑھ لیں۔

مشق

1. **منڈی جانے سے پہلے ان امور کا اہتمام کیجئے۔**

(1) منڈی جانے سے پہلے کون سے دس کام کرنے چاہئیں؟

____

____

2. **صحیح ✓ یا غلط x کا نشان لگائیے۔**

(2) اگر کسی دوسرے شخص کی طرف سے اس کی واجب قربانی آپ اپنی رقم سے کرنا چاہ رہے ہیں تو اس سے اجازت لینا ضروری نہیں۔ ☐

(3) اگر کسی کے پاس صرف اور صرف بینک، انشورنس، سود، جوا، چوری وغیرہ کی آمدنی ہے اس کے علاوہ حلال آمدنی نہیں ہے تو اس کے لیے ضروری ہے کہ کہیں سے حلال آمدنی کا بندوبست کریں پھر اس رقم سے جانور خریدیں یا حصہ لیں۔ ☐

4. منڈی پہنچ کر ان امور کا اہتمام کریں

4.1 منڈی میں کیسے داخل ہوں؟

4.2 منڈی میں کتنی دیر لگائیں؟

4.3 کب خریدنا ہے؟

4.4 کس سے خریدنا ہے؟

4.5 کیسے خریدنا ہے؟

4.6 کونسا جانور خریدنا ہے اور کونسا نہیں؟

4.1 منڈی میں کیسے داخل ہوں؟

جب منڈی میں داخل ہوں تو یہ دعا پڑھیں:

"لَااِلٰـهَ اِلَّا اللّٰـهُ وَحْدَهٗ لَاشَرِيْکَ لَهٗ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى کُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ"

بازار یا منڈی میں اس کے پڑھنے سے دس لاکھ گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں، دس لاکھ نیکیاں لکھی جاتی ہیں، دس لاکھ درجے بلند ہوتے ہیں اور اس کے پڑھنے والے کیلئے جنت میں ایک گھر بنا دیا جاتا ہے۔ (83)

اور یہ بھی پڑھیں:

بِسْمِ اللّٰـهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ خَيْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَيْرَمَا فِيْهَا وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّمَافِيْهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ اَنْ اُصِيْبَ فِيْهَا يَمِيْنًا فَاجِرَةً اَوْ صَفْقَةً خَاسِرَةً (84)

"میں اللہ کا نام لے کر داخل ہوا اے اللہ میں تجھ سے اس بازار کی اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کی خیر طلب کرتا ہوں اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس بازار کے شر سے اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کے شر سے، اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ یہاں جھوٹی قسم کھاؤں یا معاملہ میں خسارہ اٹھاؤں"

کتنی پیاری دعا ہے خیر اور شر کے سودے اللہ ہی کی طرف سے ہوتے ہیں۔ جو خیر کا طالب بنے گا خیر پائے گا جو شر سے پناہ مانگے گا بچ جائے گا۔ جو خدا کی طاقت کو کچھ نہ سمجھ کر اس سے نہیں مانگے گا نہ معلوم کہاں کہاں ٹھوکر کھائیگا، لہٰذا یہ دُعا ضرور مانگیں اردو ہی میں مانگ لیں، نیز جب تک جانور مل نہیں جاتا دل ہی دل میں اللہ سے دعا کرتے رہیں کہ اے اللہ جو سودا بہتر ہو وہ کروا دیں خسارہ کے سودے سے بچا لیں۔

4.2 منڈی میں کتنی دیر لگائیں؟

حدیث میں آتا ہے سب سے اچھی جگہیں مساجد ہیں اور سب سے بری جگہیں بازار ہیں(85)اور حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم حتی الامکان ایسے مت ہو کہ بازار میں سب سے پہلے جاؤ اور سب سے آخر میں نکلو، کیونکہ وہ شیطان کے معرکہ کی جگہ ہے اور وہیں اس کا جھنڈا گاڑھا جاتا ہے۔ (86)

لہٰذا جلد از جلد فارغ ہونے کی کوشش فرمائیں، بلاوجہ اپنی حیثیت سے زیادہ جانور کی قیمت معلوم کرنا ان کو دیکھنے کے لئے اِدھر اُدھر جانا، پھر تبصرے کر کے وقت ضائع کرنا، اچھی بات نہیں ہے۔

4.3 کب خریدنا ہے؟

(الف) جمعہ کی پہلی اذان کے وقت سے خرید و فروخت کرنا مکروہ تحریمی ہو جاتا ہے کیونکہ اس سے جمعہ کیلئے **سَعِی** (یعنی جمعہ کی نماز کے لئے جانے) میں خلل آتا ہے لہٰذا اگر جمعہ کے دن خریدنے جارہے ہیں تو اس کا خیال کریں۔(87)

(ب) کسی جانور کے بارے میں فروخت کرنے والے اور خریدار کے درمیان بات چیت چل رہی ہو اور بیچنے والا ایک قیمت پر رضامند نظر آ رہا ہو وہ جانور آپ کو بھی پسند آ گیا اب ایسے موقع پر آگے بڑھ کر اپنے دام لگانا اور دوسرے کا سودا خراب کر کے اپنا سودا بنانے کی کوشش کرنا مکروہ ہے۔ حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے۔ (88)ایسا کرنے پر گناہ ہوگا۔

4.4 کس سے خریدنا ہے؟

(الف) دیہاتی لوگ جانور فروخت کرنے کے لئے شہر لا رہے ہوں اب کوئی شہری شہر سے باہر نکل کر ان کو دھوکہ دے کہ شہر کے نرخ گرے ہوئے ہیں اور اس طرح خود ان سے سستے داموں میں خرید لے کہ جانور لانے والوں کو شہر کے اصل نرخ کا علم ہی نہ ہو۔ایسا کرنا منع ہے مکروہ تحریمی ہے اس پر گناہ ہوگا۔(89)

(ب) جس جانور کے متعلق قرائن سے معلوم ہو جائے کہ یہ چوری کا ہے یا غصب شدہ ہے اس کو خریدنا شرعاً جائز نہیں حدیث میں ہے کہ جس نے جانتے ہوئے چوری شدہ مال خریدا وہ بھی چور کے ساتھ اس کے گناہ اور عار میں شریک ہوگا۔(90)

4.5 کیسے خریدنا ہے؟

(الف) اے ایمان والو! آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق طور پر مت کھاؤ۔(91)

(ب) لَا ضَـرَرَ وَلَا ضِرَارَ (نہ ضرر پہنچے نہ ضرر پہنچایا جائے) نہ ضرر ایک کی طرف سے پہنچنا چاہئے نہ دوسرے کی طرف سے۔(92)

(ج) جو شخص دھوکہ دیگا وہ ہم میں سے نہیں۔(93)

بنیادی طور پر یہ اصول سامنے ہوں اِن کا خیال کیا جائے اس کے علاوہ خریدتے وقت کچھ کرنے کی چیزیں، کچھ نہ کرنے کے کام خاص طور سے احادیث میں آئے ہیں ان کا بھی خیال رکھا جائے۔مثلاً۔

(د) باہمی لین دین اور خرید وفروخت کے معاملات میں نرمی، چشم پوشی دلیرانہ درگذر اور اپنے حق کا مطالبہ اور تقاضہ کرنے میں احسان سے کام لیں سختی سے بچیں، ایسے کرنے والے کے لئے حضور ﷺ کی دعائے رحمت ومغفرت ہے(94) ایسے شخص سے اللہ تعالیٰ محبت کرتے ہیں۔ گزشتہ امتوں میں سے ایک شخص کو صرف اسی بنیاد پر جنت میں داخل کردیا گیا۔(95)

(ھ) سودا طے ہوگیا اب بیچنے والا معاملہ کرکے پچھتا رہا ہے تو بہتر ہے کہ اس پر احسان کرتے ہوئے معاملہ ختم کردیں۔حدیث میں ہے کہ جو شخص کسی مسلمان کے ناپسندیدہ معاملہ کو (جس میں اس کو ندامت ہورہی ہے) ختم کردیگا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے گناہوں کو بخش دیگا۔(96)

(و) خریدنے کی نیت نہ ہو تو دام لگا کر دوسرے کو دھوکہ میں نہ ڈالیں حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے۔(97)

(ز) جھوٹ سے اور جھوٹی قسم سے بچا جائے حدیث میں ہے جو جھوٹی قسم سے مال حاصل کریگا اللہ سے اس حال میں ملے گا کہ کوڑھی ہوگا (98) دوزخی بھی ہوگا، اس سے برکت ختم ہوجاتی ہے(99) اس سے آبادیاں کھنڈروں میں تبدیل ہوجاتی ہیں (100) لہٰذا خلاف واقعہ کہنا کہ بھائی ہماری رینج میں نہیں ہے ہم اتنے ہی پیسے لائے ہیں ایسا ہی جانور اس سے سستا ہمیں مل رہا تھا، اس سے بہت پرہیز کیا جائے۔

(ح) جہاں زندہ جانور وزن سے فروخت کرنے کا رواج ہو، وہاں وزن کے حساب سے جانور خریدنا جائز ہے کیونکہ اسمیں دھوکا کم ہوتا ہے اور ناتجربہ کار لوگ نقصان اٹھانے سے بچ جاتے ہیں۔(101)

(ط) منڈی میں اس بات کا خوب اہتمام رہے کہ کہیں کپڑے ناپاک نہ ہوجائیں، نیز نماز کی طرف بھی دھیان لگا رہے

کہیں نماز یا جماعت نکل نہ جائے۔

4.6 کونسا جانور خریدنا ہے اور کونسا نہیں؟

چونکہ قربانی کا جانور بارگاہ خداوندی میں پیش کیا جاتا ہے اس لئے بہت عمدہ موٹا تازہ صحیح سالم،عیبوں سے پاک ہونا چاہیے اللہ تعالٰی کی بارگاہ میں پیش کرنے کے لئے گری پڑی حیثیت کا جانور اختیار کرنا ناسمجھی بھی ہے اور ناشکری بھی ہے۔

(1) جنس کے اعتبار سے جانور میں دیکھنے کی چیزیں:

(الف) قربانی کے جانور تین قسم کے ہیں۔(102)

پہلی قسم: اونٹ نر و مادہ۔اس میں سات افراد شریک ہو سکتے ہیں لیکن سات افراد کا شریک ہونا ضروری نہیں، سات افراد سے کم شریک ہوں تب بھی قربانی درست ہے۔مثلاً کسی جانور میں چھ یا پانچ یا اس سے بھی کم شریک ہوں تو بھی درست ہے یہاں تک کہ اگر صرف تنہا ہی ایک آدمی پورے بڑے جانور کی قربانی اپنی طرف سے کرے تو بھی جائز ہے۔(103)

دوسری قسم: بکرا بکری،مینڈھا،بھیڑ،دنبہ نر و مادہ ان میں شرکت نہیں ہوسکتی ایک شخص کی جانب سے ایک ہی جانور ہوسکتا ہے۔(104)

تیسری قسم: گائے بھینس نر و مادہ اس میں بھی سات افراد شریک ہوسکتے ہیں ان جانوروں کے علاوہ کسی اور جانور (گھوڑے ،مرغ،ہرن،نیل گائے وغیرہ) کی قربانی درست نہیں۔(105)

(ب) جانور میں اصل اعتبار،ماں/مادہ کا ہے اگر وہ ان جانوروں میں سے ہے جس کی قربانی درست ہے تو اس سے پیدا ہونے والے بچے کی قربانی بھی درست ہے چنانچہ ہرن اور بکری سے،اگر کوئی بکرا/بکری پیدا ہوئے تو یہ بکری ہی کی جنس کہلائیں گے ہرن کی نہیں لہٰذا ان کی قربانی درست ہوگی۔(106)

اسی طرح جرسی گائے کی قربانی بھی درست ہے عام گائیوں کی طرح اس کی پشت پر کوہان کی طرح ابھار نہیں ہوتا اور فطری طریقہ کے برخلاف (ولایتی بیل کے نطفہ کو انجیکشن کے ذریعہ گائے کے رحم میں پہنچا کر) اس کی پیدائش ہوتی ہے۔البتہ اس کو ذبح کرنا بہتر نہیں ہے۔(107)

(ج) بھیڑ سے بکری افضل ہے۔(108) مادہ کی قربانی نر کی قربانی سے بہتر ہے (109) اگر بڑے جانور گائے وغیرہ کے ساتویں حصہ کی قیمت اور بکری کی قیمت برابر ہے اور گوشت بھی برابر ہے تو بکری خریدنا افضل ہے۔(110)

(د)خصی بکرے،مینڈھے،بیل کی قربانی جائز ہےاس میں کسی قسم کی کراہت نہیں۔حضورﷺ نےخصی جانور کی قربانی فرمائی ہےاس لئے یہ عیب نہیں نیز یہ کہ اس سے گوشت اچھا ہوتا ہے بدبوختم ہوجاتی ہےاور گوشت اچھی طرح پکتا ہےاور کھانے میں لذیذ ہوتا ہےاور جانور موٹا تازہ ہوتا ہےلوگوں کو کاٹتا نہیں۔(111)

(2)قیمت کے اعتبار سے جانور میں دیکھنے کی چیزیں:

جس قربانی کی قیمت زیادہ ہووہ بہتر ہےاور اگر دوجانوروں کی قیمت برابر ہولیکن ایک کا گوشت زیادہ ہےتو وہی بہتر اور افضل ہے۔(112)

(3)گوشت کے اعتبار سے جانور میں دیکھنے کی چیزیں:

3.1 اگرفقراءاورنادار،ضرورت مندلوگ زیادہ ہوں تو زیادہ گوشت والے جانور کوخریدنا افضل ہے۔(113)

3.2 اوراگر ضرورت مندلوگ کم ہوں تو پھر جس جانور کی قیمت زیادہ اور گوشت عمدہ ہووہ افضل ہے۔(114)

3.3 بہت زیادہ فربہ اورموٹے تازے جانور کی قربانی مستحب ہے چنانچہ ایک فربہ موٹے تازے عمدہ گوشت والے بکرے کی قربانی دوکمزوردبلے بکروں کی قربانی سے افضل ہے۔ (115)

(4)عمر کے اعتبار سے جانور میں دیکھنے کی چیزیں:

نمبر شمار	جانور	عمر	مذکورہ عمر کی پہچان اور علامت
4.1	اونٹ/اونٹنی	کم ازکم 5 سال کا ہونا ضروری ہے (116)اگر عمر 5 سال سے ایک گھنٹہ بھی کم ہوئی تو قربانی درست نہ ہوگی۔	چونکہ اکثر منڈی سے جانور خریدا جاتا ہے گھر کا پالتو نہیں ہوتا لہٰذا جانور کی صحیح عمر معلوم نہیں ہو پاتی،اس لیے سامنے کے دو پکے دانتوں کو دیکھ لیا جاتا ہے۔اگر یہ دو دانت نکل گئے ہیں تو یہ اس بات کی علامت ہے کہ جانور پوری عمر کا ہے لیکن شریعت میں دودانت نکلنا ضروری نہیں جانور کی مذکورہ عمر کا پورا ہونا ضروری ہے۔
4.2	گائے/بیل/بھینس/بھینسا	کم ازکم 2 سال کا ہونا ضروری ہے (117)اگر عمر 2 سال سے ایک گھنٹہ بھی کم ہوئی تو قربانی درست نہ ہوگی۔	
4.3	بکرا/بکری	کم ازکم ایک سال کا ہونا ضروری ہے (118)اگر عمر ایک سال سے ایک گھنٹہ بھی کم ہوئی تو قربانی درست نہ ہوگی۔	
4.4	بھیڑ/دنبہ	ان کی عمر ایک سال ہونی چاہیے،البتہ اگر بھیڑ/دنبہ چھ ماہ کے ہوں مگر اس قدر صحت منداور موٹے ہوں کہ دیکھنے میں پورے سال کے معلوم ہوتے ہوں جس کی علامت یہ ہے کہ انہیں سال کی بھیڑوں/دُنبوں میں چھوڑ دیا جائے تو دیکھنے والا ان میں فرق نہ کرسکےتو سال سے کم عمر ہونے کے باوجودان کی قربانی جائز ہے اگر چھ ماہ سے عمر کم ہوتو کسی صورت میں قربانی درست نہیں خواہ بظاہر کتنے ہی بڑے لگتے ہوں (119)	لہٰذا اگر جانور اپنے یا کسی جاننے والے کے گھر کا پلا ہوا ہے اور مذکورہ عمر کے پورا ہونے کے باوجود دانت نہیں نکلے یا جانور بیچنے والا جانور کی عمر پوری بتلاتا ہے اور ظاہری حالات سے بھی یہی لگتا ہے کہ وہ سچ کہہ رہا ہے تو اس کی بات پر اعتماد کرنا جائز ہے۔(120) الغرض دودانت صرف علامت اور پہچان ہیں معیار اور شرط نہیں،اصل معیار اور شرط جانور کی مذکورہ عمروں کا پورا ہونا ہے۔(121)

(5)اعضاء(آنکھ،کان وغیرہ) کے اعتبار سے جانور میں دیکھنے کی چیزیں:

حضرت علی رضی اللہ تعالٰی عنہ کا ارشاد ہے کہ حضورؐ نے ہمیں حکم دیا کہ قربانی کے جانور کے آنکھ،کان خوب اچھی طرح دیکھ لیں۔ (122)

اس لئے مندرجہ ذیل چیزیں اچھی طرح دیکھ لیں یا جانور کے جس عضو کے متعلق شبہ ہو اس کا حکم اس کتاب کے صفحہ 28 تا 31 سے معلوم کرلیں۔

(الف)سینگ

(1)جس جانور کے ایک یا دو سینگ جڑ سے اکھڑ گئے ہوں اندر کی مینگ بھی ختم ہوگئی ہو تو اسکی قربانی درست نہیں(123)

(2)جس کے پیدائشی سینگ نہ ہوں (لیکن عمر پوری ہو)اس کی قربانی درست ہے مگر خلاف اولٰی ہے (124)

(3)جس کے ایک یا دونوں سینگ کچھ ٹوٹ چکے ہوں مگر ٹوٹنے کا اثر جڑ تک نہ پہنچا ہو اس کی قربانی درست ہے مگر خلاف اولٰی ہے(125)

(4)جس جانور کے ایک یا دونوں سینگ کے اوپر کا خول اتر گیا ہو اس کی قربانی درست ہے(126)

(ب)دماغ

(1)جس جانور کو مرض جنون اس حد تک لاحق ہوگیا ہو کہ چارہ بھی نہ کھا سکے اس کی قربانی درست نہیں (127)

(2)وہ مجنون جانور جو موٹا تازہ ہو جس کا جنون اس حد تک نہ پہنچا ہو کہ چارہ نہ کھا سکے اس کی قربانی جائز ہے مگر بہتر نہیں (128)

(ج)کان

(1)جس جانور کے پیدائشی طور پر دونوں یا ایک کان نہ ہوں تو اس کی قربانی درست نہیں(129)

(2)جس جانور کے کسی کان کا تہائی سے زیادہ حصہ کٹ گیا ہو تو اس کی قربانی بھی درست نہیں(130)

(3)جس جانور کے دونوں کان ہیں اور صحیح سالم ہیں لیکن ذرا چھوٹے چھوٹے ہیں تو اس کی قربانی درست ہے(131)

(4)جس جانور کا کان لمبائی میں چیرا ہوا ہو یا اس کے منہ کی طرف سے پھٹ جائے اور لٹکا ہوا ہو یا پیچھے کی طرف سے پھٹا ہوا ہو یا جس کے کان میں سوراخ ہو تو اس کی قربانی جائز ہے اگرچہ بہتر نہیں(132)

(د)آنکھ

(1)جو جانور اندھا ہو یا بالکل کانا ہو کہ اس کا کانا پن واضح نظر آتا ہو یا اس کی آنکھ کی تہائی روشنی سے زیادہ روشنی چلی گئی

ہوتو اس کی قربانی جائز نہیں(133)

(2) بھینگی آنکھ والے جانور کی قربانی درست ہے(134)

(ھ)ناک

جس جانور کی ناک نہیں ہے یا کٹ چکی ہے اس کی قربانی درست نہیں(135)

(و)دانت

(1) جس جانور کے بالکل دانت نہ ہوں یا اکثر گر جانے یا گھس جانے کی وجہ سے چارہ نہ کھاسکتا ہو تو اس کی قربانی درست نہیں(136)

(2) جس جانور کے دانت گر گئے ہوں لیکن جو باقی ہیں وہ تعداد میں گر جانے والے دانتوں سے زیادہ ہیں تو اس کی قربانی درست ہے بشرطیکہ وہ چارہ کھا سکتا ہو(137)

نوٹ: دو دانت کا ہونا جانور کی عمر کے پورا ہونے کی صرف علامت اور پہچان ہے،اصل اعتبار عمر کا ہے

(دیکھیں نمبر 4 عمر کے اعتبار سے جانور میں دیکھنے کی چیزیں)

(ز)زبان

جس جانور کی پوری یا تہائی سے زائد زبان کٹی ہوئی ہو جس کی وجہ سے وہ چارہ نہ کھا سکے تو اس کی قربانی درست نہیں(138)

(2) بکری جس کی زبان کٹ گئی ہو لیکن چارہ آسانی کھا سکتی ہو اس کی قربانی جائز ہے مگر بہتر نہیں(139)

(3) جس جانور کی غذا صرف نجاست اور گندگی ہو اس کی قربانی درست نہیں البتہ اگر چند روز کے لئے باندھ کر چارہ کھلایا جائے ۔کھلا اور آزاد نہ پھرنے دیا جائے تاکہ گندگی اور غلاظت میں منہ نہ ڈالے تو اس کی قربانی درست ہے ۔اگر اونٹ ہے تو 40 دن،گائے،بھینس،بیل وغیرہ کو 20 دن اور بکرا،بکری کو 10 دن باندھ کر چارہ کھلایا جائے(140)

(ح)حلق

جس جانور کو کھانسی ہو اس کی قربانی درست ہے ۔(141)

(ط)پیٹ

(1) جس جانور کے پیٹ میں بچہ ہو اس کی قربانی بھی صحیح ہے ۔البتہ جان بوجھ کر ولادت کے قریب جانور کو خرید کر ذبح کرنا

مکروہ ہے (142)

(2) رسولی والے جانور کی قربانی بھی درست ہے (143)

(3) بانجھ (ولادت سے عاجز) جانور کی قربانی درست ہے، بانجھ ہونا قربانی کے لئے عیب نہیں (144)

(ی) دُم

(1) جس جانور کی پیدائش ہی سے دُم نہیں اس کی قربانی جائز نہیں (145)

(2) جس جانور کی دُم کا تہائی حصے سے زیادہ حصہ کٹ گیا ہو تو اس کی قربانی بھی جائز نہیں (146)

(3) دنبے کی چکتی کے نیچے ایک چھوٹی سی دُم ہوتی ہے، یہ دُم اگر ٹوٹ جائے یا پوری دُم کٹی ہوئی ہو تو بھی قربانی جائز ہے کیونکہ دنبے کی دُم کا اعتبار نہیں (147)

(4) وہ بھیڑ بکری جس کی دُم پیدائشی طور پر بہت چھوٹی ہو اس کی قربانی درست ہے۔(148)

(ک) چکتی

جس جانور کی چکتی کا تہائی حصے سے زیادہ حصہ کٹ گیا ہو تو اس کی قربانی بھی جائز نہیں۔(149)

(ل) ٹانگ

(1) جو جانور اتنا لنگڑا ہے کہ صرف تین پاؤں سے چلتا ہے، چوتھا پاؤں یا تو ہے ہی نہیں یا چوتھا پاؤں ہے تو مگر اس سے چل نہیں سکتا یعنی چلنے میں اس سے کچھ سہارا نہیں لیتا جسم کا وزن اس پر نہیں رکھتا تو اس کی قربانی درست نہیں (150)

(2) اگر چلتے وقت چوتھا پاؤں جس میں لنگ ہے زمین پر ٹیک کر چلتا ہے اور چلنے میں اس سے سہارا لیتا ہے تو اس کی قربانی درست ہے مگر بہتر نہیں (151)

(م) تھن

(1) جس اونٹنی، گائے، بھینس کے چاروں تھن کٹ گئے ہوں یا دو کٹ گئے ہوں یا چاروں تھنوں کی گھنڈیاں (سرا) نہ ہوں یا دو کی نہ ہوں یا چاروں تھن خشک ہو جائیں یا دو تھن خشک ہو جائیں یا چاروں تھن یا دو تھن اس طرح زخمی ہوں کہ بچہ کو دودھ نہ پلا سکے تو ایسی اونٹنی، گائے، بھینس کی قربانی درست نہیں (152)

(2) اونٹنی، گائے، بھینس کا ایک تھن کٹ گیا یا ایک تھن کا سرا کٹ گیا یا ایک تھن خشک ہو گیا یا ایک تھن اس طرح زخمی ہو گیا

کہ بچہ کو دودھ نہ پلا سکے تو اس کی قربانی جائز ہے(153)

(3) جس بھیڑ، بکری، دُنبی کے دونوں تھن یا ایک تھن کٹ گیا یا ایک تھن کا بھی سرا کٹ گیا یا ایک تھن خشک ہوگیا یا ایک تھن اس طرح زخمی ہوگیا کہ اس سے دودھ نہ پلا سکے تو ایسی بھیڑ، بکری، دُنبی کی قربانی درست نہیں (154)

(ن) کھال

(1) بہتر یہ ہے کہ ایسا جانور خریدا جائے جس کی کھال اور ظاہری جسم پر کوئی زخم کا نشان یا زخم کا داغ نہ ہو تاہم ایسے جانور کی قربانی درست ہے بشرطیکہ زخم کا اثر گوشت تک نہ پہنچا ہو (155)

(2) اگر کسی جانور کو خارش یا جلدی بیماری ہے اور اس کا اثر کھال سے گزر کر گوشت تک پہنچ گیا ہو تو اس کی قربانی درست نہیں (156)

(3) جو جانور خارش کی وجہ سے بالکل کمزور ہوگیا تو اس کی قربانی بھی درست نہیں (157)

(4) جس جانور کے بال اون کاٹ لئے گئے ہوں اس کی قربانی درست ہے (158)

(س) ہڈی

اتنا دبلا لاغر جانور جس کی ہڈیوں میں گودا نہ رہا ہو یا جو ذبح کرنے کی جگہ تک خود نہ جا سکتا ہو اس کی قربانی درست نہیں (159)

جانور خریدنے کے بعد یہ دُعا پڑھیں اور کچھ صدقہ کریں

(1) جانور خریدنے کے بعد اس کی پیشانی پر، اونٹ ہو تو اس کے کوہان پر ہاتھ رکھ کے یہ دعا پڑھیں۔ان شاء اللہ جانور پریشان نہیں کریگا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ خَیْرِهَا وَخَیْرِ مَا جَبَلْتَهَا عَلَیْهِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جَبَلْتَهَا عَلَیْهِ

”اے اللہ میں تجھ سے اس کی اور اس کی پیدائشی خصلت کی خیر و برکت کا سوال کرتا ہوں جس پر تو نے اس کو پیدا کیا ہے۔اور اس کے شر سے اور اس کی پیدائشی خصلت کے شر سے جس پر تو نے اس کو پیدا کیا ہے پناہ مانگتا ہوں۔“(160)

(2) جانور خریدنے کے بعد کچھ صدقہ بھی کردیں۔حدیث میں آتا ہے کہ خرید و فروخت کرتے وقت انسان سے غلطیاں ہو ہی جاتی ہیں۔جھوٹی بات زبان سے نکل جاتی ہے قسم کھا بیٹھتا ہے لہٰذا صدقہ کر کے اس کی تلافی کرلی جائے (161)

مشق

1. منڈی پہنچ کر ان امور کا اہتمام کریں۔

1. منڈی میں داخل ہو تو یہ دعا پڑھیں۔ ____

2. جس جانور کے متعلق قرائن سے معلوم ہو جائے کہ یہ چوری کا ہے یا غصب شدہ ہے اس کو خریدنا __________ ہے۔

3. خریدتے وقت بنیادی طور پر کن تین اصولوں کا خیال رکھنا چاہئے۔

1.__________________ 2.__________________ 3.____________________

4. جہاں زندہ جانور وزن سے فروخت کرنے کا رواج ہو، وہاں وزن کے حساب سے جانور خریدنا __________ ہے۔

5. قربانی کے جانور ______ قسم کے ہیں۔ 1.___________ 2.___________ 3.__________

2. کون سا جانور خریدنا ہے کون سا نہیں؟

	جائز نہیں	جائز ہے	مکروہ ہے	بیانات
1				خصی بکرے، مینڈھے، بیل کی قربانی۔
2				جس جانور کی پوری یا تہائی سے زیادہ زبان کٹی ہوئی ہو جس کی وجہ سے وہ چارہ نہ کھا سکے۔
3				جان بوجھ کر ولادت کے قریب جانور کو خرید کر ذبح کرنا۔
4				جس جانور کی دُم کا تہائی سے زیادہ حصہ کٹ گیا ہو اس کی قربانی۔
5				جو جانور اتنا لنگڑا ہے کہ صرف تین پاؤں سے چلتا ہے، چوتھا پاؤں یا تو ہے ہی نہیں یا چوتھا پاؤں ہے تو مگر اس سے چل نہیں سکتا یعنی چلنے میں اس سے کچھ سہارا نہیں لیتا جسم کا وزن اس پر نہیں رکھتا تو اس کی قربانی۔
6				جو جانور خارش کی وجہ سے بالکل کمزور ہو گیا ہو تو اس کی قربانی۔
7				اتنا دُبلا لاغر جانور جس کی ہڈیوں میں گودا نہ رہا ہو یا جو ذبح کرنے کی جگہ تک خود نہ جا سکتا ہو اس کی قربانی۔

8.				ایسے اونٹ/اونٹنی کی قربانی جس کی عمر 5 سال ہو۔
9.				ایسی گائے/بیل / بھینس/ بھینسا کی قربانی جس کی عمر 1 سال ہو۔
10.				جس جانور کے ایک یا دو سینگ جڑ سے اکھڑ گئے ہوں اندر کی مینگ بھی ختم ہوگئی ہوتو اس کی قربانی۔
11.				جس جانور کے کسی کان کا تہائی سے زیادہ حصہ کٹ گیا ہوتو اس کی قربانی۔
12.				جس جانور کے بالکل دانت نہ ہوں یا اکثر گر جانے یا گھس جانے کی وجہ سے چارہ نہ کھا سکتا ہوتو اس کی قربانی۔

	جائز نہیں	جائز ہے	مکروہ ہے	**بیانات**
13.				اگر دونوں کان ہیں اور صحیح سالم ہیں لیکن ذرا چھوٹے چھوٹے ہیں تو اس کی قربانی
14.				جس جانور کے پیدائشی سینگ نہیں ہیں لیکن عمر اتنی ہوچکی ہے جتنی قربانی کے جانور کی ہونی لازم ہے تو اس کی قربانی
15.				اگر سینگ نکل آئے اور ان میں سے ایک یا دونوں کچھ ٹوٹ گئے ہوں تو اس کی قربانی
16.				اگر مادہ جانوروں کی قربانی کی اور اس کے پیٹ میں سے بچہ نکل آیا تو اس کی قربانی
17.				اگر کسی نے قربانی کا جانور خرید لیا پھر اس میں کوئی ایسا عیب پیدا ہوگیا جس کی وجہ سے قربانی درست نہیں تو اس کے بدلے میں دوسرا جانور خرید کر قربانی کردی تو اس کی قربانی

5. جانور خریدنے کے بعد سے شبِ عید تک کرنے کے کام

5.1 جانور کے گلے میں گھنٹی ڈالنا/نمود ونمائش/تصویر

5.2 مناسب جگہ باندھنا

5.3 خریدنے کی مشقت پر ثواب کی امید رکھنا

5.4 حقوق کا خیال رکھنا

5.5 جانور کے تبدیل کرنے، گم ہو جانے وغیرہ کے مسائل

5.6 شبِ عید کی فضیلت

5.7 شبِ عید کے اعمال

5.8 شبِ عید کی کوتاہیاں

5.1 جانور کے گلے میں گھنٹی ڈالنا/نمود و نمائش/تصویر

جانور کے گلے میں جو گھنٹی ڈالتے ہیں اس سے بھی حضور ﷺ نے منع فرمایا ہے۔ایک حدیث میں ہے کہ جن لوگوں کے ساتھ کتا یا گھنٹی ہو (رحمت کے) فرشتے ان کے ساتھ نہیں رہتے۔(162)لہٰذا جانور کے گلے میں اگر پہلے سے گھنٹی ڈلی ہوئی ہے تو اتار دیں نہیں ہے تو جو جانور رحمت حاصل کرنے کے لیے خریدا گیا ہے، ایک گھنٹی کی وجہ سے رحمت سے دوری کے اسباب پیدا نہ کریں۔

جانور کی نمود و نمائش کرنا دوسرے کے جانور کو ہلکا اور کمتر اپنے جانور کو اعلیٰ ثابت کر کے اپنی قربانی کو ضائع ہونے سے بچائیں ایسے ہی اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے لیے خریدے گئے جانور کی تصویریں کھینچنا، مووی بنانا، جانور کو دیکھنے کے لیے عورتوں کا بے پردہ گھر سے باہر آجانا کہاں کی عقلمندی ہے؟

5.2 مناسب جگہ باندھنا

جانور کو اگر گھر میں جگہ ہو تو گھر میں باندھا جائے۔اور اگر باہر باندھنا ہو تو ایسی جگہ باندھا جائے جس سے آنے جانے والوں کا راستہ نہ رکے گلیوں میں جانوروں کے لیے اس طرح سے ٹینٹ لگانا کہ راستہ ہی بند ہوجائے اور لوگوں کو مسلسل پریشانی کا سامنا کرنا پڑے انتہائی نامناسب بات ہے، حدیث میں راستہ کے حقوق میں سے ایک حق یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ راستہ کو اس طرح استعمال کرنا چاہئے جس سے لوگوں کو تکلیف نہ ہو۔(163)

ایک صحابی معاذ بن انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک غزوہ میں شریک ہوا تو لوگوں نے ایک منزل میں راستہ میں اتر کر لوگوں کے راستہ کو روک لیا، یعنی ان کے لیے گزرنے اور آنے جانے کا راستہ نہیں چھوڑا، جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ منظر دیکھا تو آپ نے ایک شخص کو بھیجا کہ لشکر کو میرا یہ پیام سنا دو کہ جو شخص منزل پر اس طرح اترے گا جس سے لوگوں کا راستہ تنگ یا منقطع ہوجائے تو اس کا جہاد معتبر نہیں، کالعدم ہے۔(164)

5.3 خریدنے کی مشقت پر ثواب کی امید رکھنا

کسی فریضے کی ادائیگی میں جو تکلیف اور مشقت آئے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس پر بھی اجر ملتا ہے، لہٰذا اگر منڈی میں کافی وقت لگ گیا یا اور کسی قسم کی پریشانی ہوتی ہے تو بار بار اس کو بیان کر کے اپنے اجر کو ضائع نہ کیا جائے۔(165)

5.4 حقوق کا خیال رکھنا

جانور لے لینے کے بعد جانور کے حقوق کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے حدیث میں آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ایک شخص کی صرف اس عمل پر بخشش فرمادی کہ اس نے ایک کتے کو پانی پلایا تھا۔(166)اور ایک عورت جہنم کی مستحق اس وجہ سے ہوئی کہ اس نے بلی کو باندھ کے رکھا (اور بھوکا مار ڈالا)۔(167)

ایک حدیث میں ہے کہ صحابہؓ نے حضورﷺ سے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ کیا جانوروں (کی تکلیف دور کرنے) میں بھی ہمارے لیے اجر و ثواب ہے؟ آپ نے فرمایا: ہاں! ہر (زندہ) اور تر جگر رکھنے والے جانور (کی تکلیف دور کرنے) میں ثواب ہے۔(168)

لہٰذا

(1) نہ تو جانور کو دوڑایا اور بھگایا جائے، نہ بے وقت (کھانے، پینے، سونے اور آرام کرنے کے وقت) ان کو گھمایا اور پھرایا جائے۔(169)

(2) نہ ایک جانور کو دوسرے جانور کے ساتھ لڑایا جائے۔(170)

(3) نہ ان کو ڈرایا اور خوف زدہ کیا جائے۔خصوصاً ایک جانور کے سامنے دوسرے جانور کو ذبح کرنا تو بڑی بے رحمی کی بات ہے۔(171)

(4) نہ ان کے گلے پیر وغیرہ میں ایسا پٹا، ہار وغیرہ ڈالا جائے جس سے زخمی ہو جانے کا اندیشہ ہو حدیث میں ہے کہ جانور کے گلے میں تانت نہ لگاؤ۔(کیونکہ اس سے گلہ کٹ جانے کا خطرہ ہے)(172)

(5) ان کو سردی گرمی سے بچایا جائے۔

(6) بروقت ان کے کھانے پینے کا بندوبست کیا جائے ایک حدیث میں آتا ہے کہ (ایک دفعہ) حضورﷺ ایک انصاری صحابی کے باغ میں تشریف لے گئے وہاں ایک اونٹ تھا، جب اس اونٹ نے آپ کو دیکھا تو درد بھری آواز نکالی (جیسے بچے کے پیدا ہو جانے پر اونٹنی کی آواز نکلتی ہے) اور اس کی آنکھوں سے آنسو بھی جاری ہو گئے رسول اللہﷺ اس کے قریب تشریف لے گئے اور آپ نے اس کی کنوتیوں پر اپنا دستِ شفقت پھیرا (جیسے کہ گھوڑے یا اونٹ کو پیار کرتے وقت ہاتھ پھیرا جاتا ہے) وہ اونٹ خاموش ہو گیا پھر آپ نے دریافت فرمایا کہ: یہ اونٹ کس کا ہے؟ اس کا مالک کون ہے؟ ایک انصاری نوجوان آئے اور انہوں نے

عرض کیا کہ یہ اونٹ میرا ہے آپ نے فرمایا کہ اس (بے چارے بے زبان) جانور کے بارے میں تم اللہ سے ڈرتے نہیں جس نے تم کو اس کا مالک بنایا ہے اس نے مجھ سے شکایت کی ہے کہ تم اس کو بھوکا رکھتے ہو اور زیادہ کام لے کر تم اس کو بہت دکھ پہنچاتے ہو۔(173)

اہم بات

جانور کی دیکھ بھال میں ایسے مشغول اور منہمک ہو جانا کہ دیگر فرائض نماز وغیرہ میں چھوٹ جائیں، اور جو جانور اللہ کی رضا حاصل کرنے کے لیے لایا گیا تھا اسی کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کو ناراض کیا جا رہا ہو یہ بڑی نادانی کی بات ہے۔خصوصاً عین جماعت کے وقت مسجد کے سامنے جانور کو دوڑاتے پھرنا اور مسجد میں نہ آنا تو کھلی بغاوت ہے۔

5.5 جانور کے تبدیل کرنے، گم ہو جانے وغیرہ کے مسائل

(1) پالے ہوئے جانور میں قربانی کی نیت کی

گھر میں پالے ہوئے جانور کے بارے میں یہ نیت کی کہ قربانی کے ایام میں اس جانور کی قربانی کرے گا تو اس نیت سے اس جانور کی قربانی لازم نہیں ہوگی، ایسے جانور کو بدلنا اور فروخت کرنا بھی جائز ہے (یعنی جس کی ملکیت میں پہلے ہی سے جانور ہو تو اس کی قربانی کی نیت کر لینے سے اس کی قربانی لازم نہیں ہوتی۔(174)

(2) جانور خریدنے کے وقت قربانی کی نیت نہیں تھی

اگر جانور خریدنے کے وقت قربانی کی نیت نہیں تھی بعد میں قربانی کرنے کی نیت کی تو اس جانور کی قربانی لازم نہیں ہوگی۔(ایسے جانور کو بدلنا اور فروخت کرنا بھی جائز ہے)(175)

(3) جانور میں تبدیلی

اگر ایک جانور قربانی کی نیت سے خریدا گیا اور اس کے بدلہ میں دوسرے جانور کی قربانی کرنا چاہیں تو دوسرا جانور پہلے جانور سے کم قیمت کا نہ ہونا چاہیے اور دوسرا جانور پہلے جانور سے کم قیمت پر خریدا تو پہلے اور دوسرے جانور کی قیمت میں جتنا فرق ہے اس کو صدقہ کر دیں۔(176)

(4) جانور گم ہو گیا

اگر صاحب نصاب آدمی نے قربانی کے لیے جانور خریدا پھر جانور گم ہو گیا تب اس شخص نے قربانی کے لیے دوسرا جانور خریدا

پھر قربانی کرنے سے پہلے گم شدہ جانور بھی مل گیا، اب اس کے پاس کل دو جانور ہو گئے تو اس صورت میں دونوں جانوروں میں سے کسی ایک جانور کی قربانی کرنا واجب ہے، دونوں کی نہیں، البتہ دونوں جانوروں کی قربانی کر دینا مستحب ہے۔

لیکن اگر مذکورہ صورتحال کسی ایسے شخص کو پیش آئی جس پر قربانی واجب نہیں تھی تو اس پر دونوں جانوروں کی قربانی کرنا واجب ہوگا، کیونکہ اس شخص پر قربانی واجب نہیں تھی لیکن قربانی کی نیت سے جانور خریدنے کی وجہ سے قربانی واجب ہو گئی اب جب دو جانور اس نیت سے خریدے تو دونوں کی قربانی لازم ہوگی۔(177)

مشق

جانور خریدنے کے بعد سے شبِ عید تک کے کام

(1) جانوروں کے حقوق کا خیال رکھنا نہایت ضروری ہے حدیث میں آیا ہے کہ

1. ____________________

2. ____________________

(2) جانوروں کو نہ تو

1. ____________________

2. ____________________

3. ____________________

بلکہ جانوروں کا خیال رکھا جائے۔

1. ____________________

2. ____________________

5.6 شبِ عید کی فضیلت

جس شخص نے دونوں عیدوں (عیدالفطر، عیدالاضحی) کی راتوں کو ثواب کا یقین رکھتے ہوئے زندہ رکھا تو اس کا دل اس دن نہ مرے گا جس دن لوگوں کے دل مردہ ہو جائیں گے۔(178)

یعنی قیامت کے ہولناک اور دہشت ناک دن میں جب ہر طرف خوف و ہراس اور وحشت اور گھبراہٹ پھیلی ہوئی ہوگی ایسے قیامت خیز دن میں اللہ تعالیٰ اس بندہ کو پر تنعم اور باسعادت زندگی بخشیں گے خوف و دہشت کا دور دور کوئی نشان نہ ہوگا ہر بھلائی اس کے قدم چومے گی اس پر رحمت ہی رحمت برستی ہوگی اور وہ پر لطف اور پر مسرت زندگی میں مگن ہوگا۔(179)

جس شخص نے (ذکر و عبادت کے ذریعہ) پانچ راتیں زندہ رکھیں، اس کے لیے جنت واجب ہوگئی (وہ پانچ راتیں یہ ہیں)

1. آٹھ ذی الحجہ کی رات ۔ 2. عرفہ کی رات ۔ 3. بقرعید کی رات ۔ 4. عیدالفطر کی رات ۔ 5. پندرھویں شعبان کی رات ۔(180)

5.7 شبِ عید کے اعمال

(1) فرض نمازیں خصوصاً عشاء و فجر کا اہتمام

حدیث میں ہے کہ جو شخص ان پانچ فرض نمازوں کو پابندی سے پڑھتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت سے غافل رہنے والوں میں شمار نہیں ہوتا ۔(181)

جس شخص نے عشاء کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھی گویا اس نے آدھی رات عبادت کی اور جو فجر کی نماز بھی جماعت کے ساتھ پڑھ لے گویا اس نے پوری رات عبادت کی ۔(182)

حدیث میں ہے کہ اگر لوگوں کو عشاء اور فجر کی نمازوں کی فضیلت معلوم ہو جاتی تو وہ ان نمازوں کے لیے مسجد جاتے، چاہے انہیں (کسی بیماری کی وجہ سے) گھسٹ کر ہی جانا پڑتا ۔(183)

(2) گناہوں سے بچنے کا اہتمام

حضور ﷺ نے فرمایا کہ پرہیز گاری (یعنی گناہوں سے پرہیز) کے برابر کوئی چیز نہیں ہے ۔

نیز فرمایا: ''تم حرام کاموں سے بچتے رہو تو تم لوگوں میں سب سے زیادہ عبادت گزار رہو۔''

حضرت ملا علی قاریؒ لکھتے ہیں:

''یعنی سب سے بڑی عبادت یہ ہے کہ انسان فرائض وواجبات (حقوق اللہ اور حقوق العباد) ادا کرے، عام لوگ انہیں تو چھوڑ دیتے ہیں اور کثرت نوافل پر زور رکھتے ہیں ایسے لوگ دین کے اصول تو ضائع کر دیتے ہیں اور فضائل قائم کرتے ہیں۔'' (184)

لہٰذا گناہوں سے خوب اجتناب کیا جائے ایسا نہ ہو کہ آسمانوں سے رحمتوں کا نزول ہو رہا ہو اور نیچے رحمتوں کا مقابلہ طرح طرح کے گناہوں سے کیا جا رہا ہو۔ اُدھر آوازیں لگ رہی ہوں کہ ہے کوئی مانگنے والا اور یہاں مانگنے کے بجائے فسق و فجور اور کھیل کود اور بازاروں میں خریداری کرتے یہ پوری راتیں گزار دی جائیں۔

الغرض اس رات میں نوافل، تلاوت، ذکر، استغفار، دعا، گناہوں سے بچنا، عشاء، فجر جماعت سے پڑھنے کا خاص اہتمام کرنا۔

5.8 شبِ عید کی کوتاہیاں

(1) کھیلوں میں مشغولیت

بعض لوگ یہ مبارک رات مختلف کھیلوں میں مصروف ہو کر گزار دیا کرتے ہیں، مثلاً شطرنج، چوسر، لوڈو، کیرم بورڈ اور دیگر جدید ہار جیت والے کھیلوں میں، جن میں شطرنج اور چوسر تو حرام ہی ہیں اور باقی کھیل بھی شرائط جواز مفقود ہونے کی بناء پر ناجائز ہوتے ہیں۔ بالفرض کوئی کھیل اگر جائز بھی ہو تب بھی یہ مبارک رات لہو و لعب کے لیے نہیں، عبادت وا طاعت کے لیے ہے، اس کو عبادت ہی میں مشغول رکھنا چاہیے، جائز اور مباح کھیلوں سے بھی اجتناب کرنا چاہیے۔

(2) T.V، کمپیوٹر میں مشغولیت

بہت سے لوگ ٹی وی کے پروگرام دیکھنے میں مصروف رہتے ہیں۔ حالانکہ ٹی وی متعدد مفاسد اور بہت سے گناہوں کا مجموعہ ہے جس کی بناء پر اس کو دیکھنا جائز نہیں، اگر چہ پروگرام مذہبی یا تعلیمی نوعیت کا ہو۔ پھر اس مقدس شب میں اس لعنت میں مبتلا ہونا اس کے گناہ کو اور بھی سخت کر دیتا ہے، اس لیے اس نامراد چیز سے بالعموم اور اس مبارک شب میں بالخصوص اجتناب کرنا لازم ہے۔

(3) بازاروں کی تفریح

بعض لوگ اس مبارک رات میں بازاروں کی سجاوٹ، چمک دمک، خریداروں کی کثرت دیکھنے کے لیے بازاروں میں تفریح کرتے ہیں اور اس طرح رات کا اکثر و بیشتر حصہ ضائع کردیتے ہیں، جب کہ بازار روئے زمین پر حق تعالیٰ کے یہاں سب سے زیادہ بدتر اور مبغوض ہیں، جس کی وجہ یہ ہے کہ بازار اکثر گناہوں کا اور بڑے بڑے گناہوں کا مرکز ہیں مثلاً عورتوں کا بن سنور کر بے پردہ خرید و فروخت کرنا، اور بازاروں میں گھومنا، گانا بجانا عام ہونا، دھوکہ فریب، جھوٹ، غیبت، گالی گلوچ، لڑائی جھگڑا، کم تولنا اور کم ناپنا، ملاوٹ وغیرہ کرنا، (اس لیے بازار میں تو تمام گناہوں سے حتی الامکان بچتے ہوئے ضرورت کے وقت بقدر ضرورت ہی جانا چاہیے) تو بلا ضرورت بازاروں میں تفریح کرنے والے بھی طرح طرح کے گناہوں میں مبتلا ہوجاتے ہیں۔ اس طرح اس مبارک رات میں بجائے کچھ حاصل کرنے کے اور گناہوں میں مشغول ہونا اور حق تعالیٰ کی سب سے ناپسندیدہ جگہ میں بلا ضرورت جانا اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کی رحمت و مغفرت سے بالکل محروم کرنا ہے۔

(4) ہوٹلنگ

بعض لوگ اس رات ہوٹلوں میں ٹھنڈے گرم مشروبات پینے میں مصروف ہوکر اور گھنٹوں ادھر ادھر کی فضول باتوں بلکہ گناہ کی باتوں میں مشغول ہوکر اس مقدس شب کا بہترین اور اکثر حصہ ضائع کردیتے ہیں جو سراسر محرومی ہے اور گناہوں کا ارتکاب جدا ہے۔

(5) فضائل سے ناواقفیت

بہت سے لوگ ایسے بھی ہیں جنہیں اس شب کی عظمت اور فضیلت ہی کا علم نہیں، اس لیے وہ کبھی اس رات میں ذکر و عبادت اور تسبیح و مناجات کی طرف متوجہ نہیں ہوتے، اس طرح وہ اپنی جہالت و نادانی سے بیسیوں راتیں گنوا چکے ہیں اور ان کی اس جہالت نے انہیں آخرت کے ثواب عظیم سے محروم کیا ہوا ہے جو بڑے ہی خسارہ کی بات ہے۔

(6) فرض نہ ہونے کا بہانہ

بعض لوگ جنہیں اس رات کی عظمت و فضیلت کا علم ہے، دین اور علم دین سے ان کو نسبت ہے، دیکھا جاتا ہے کہ وہ بھی اس کو کوئی اہمیت نہیں دیتے، اگر کوئی غلطی سے انہیں اس طرف توجہ دلا دے تو فوراً یہ جواب ملتا ہے کہ "اس رات میں جاگنا کوئی فرض و واجب نہیں۔" بیشک اس رات میں جاگنا اور عبادت وغیرہ کا اہتمام کرنا فرض و واجب نہیں لیکن اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی برحق ﷺ کی کیا یہ سب

ترغیبات فضول ہیں؟اوراسی قابل ہیں کہ انہیں غیرفرض قراردے کررد کردیا جائے؟ آخران ترغیبات کا کون مکلّف ہے؟اہل علم تو انہیں غیرفرض اورغیرضروری قراردے کرٹھکرادیں اورعوام اپنی جہالت اورناواقفیت کی بناء پراہتمام نہ کریں تو پھرامت میں سے کون ان پر عمل کرے گا؟ذرا بتلایئے! آخرت کے اتنے عظیم ثواب اوررضائے الٰہی اورحصول جنت سے اپنے آپ کومحروم کرنا کیا کوئی خسارہ کی بات نہیں؟اورکیا یہ چیزیں آپ حاصل کر چکے ہیں؟اگرنہیں تواس استغناء سے پناہ مانگئے اوراستغفار کیجئے۔

(7) کاروباری مصروفیت بجائے کم کرنے کے بڑھانا

بعض تاجراس شب میں دنیاوی مصروفیت کوکم کرنے کے بجائے اوربڑھا لیتے ہیں اوراس میں اس قدرمنہمک اورمصروف ہوجاتے ہیں کہ بسااوقات اس دھن میں فرض نمازیں بھی قربان ہوجاتی ہیں جوکسی طرح بھی جائزنہیں۔ایسے تاجراگرکاروباری مصروفیت کم نہیں کرسکتے اوراس رات کوذکروتلاوت اورعبادت واطاعت میں نہیں گزارسکتے توکم ازکم فجراورعشاء کی نماز باجماعت اداکرکےاورچلتے پھرتے ذکرودعاکے ذریعے کسی نہ کسی درجہ میں وہ بھی اس شب کی فضیلت حاصل کرسکتے ہیں۔بات اصل میں فکروطلب اورقدروقیمت کی ہے،جس کےدل میں ذرا بھی اس کی اہمیت ہےاورفکرہےتو وہ سخت سے سخت مشغولیت میں بھی اس فضیلت کوحاصل کرنے کا کوئی نہ کوئی راستہ نکال لےگااورجس کوطلب نہیں،دنیااوردنیاوی منافع ہی اس کی نظرمیں اصل مقصود ہیں تواس کےدل میں ان باتوں سےاحترازہی پیداہوگااوراس کانفس طرح طرح کےحیلے بہانےپیش کرکےبالآخراس کواس شب کی برکات سےمحروم کردےگا۔حق تعالیٰ محفوظ رکھے۔

خلاصہ

یہ کہ یہ رات بڑی مبارک اورانتہائی اہم ہےاس کوبےحدغنیمت سمجھا جائےاورہرشخص اپنی طاقت کےمطابق زیادہ سےزیادہ عبادت اطاعت،ذکروتلاوت،تسبیح ومناجات اورتوبہ واستغفارکااہتمام کرےاورزیادہ نفلی عبادت واطاعت نہ کرسکےتوکم ازکم گناہوں سےتواپنےکودورہی رکھےاورتمام رات کوئی نہ جاگ سکےتب بھی کچھ حرج نہیں،آسانی اوربشاشت کےساتھ جتنی دیر جاگ کرعبادت کرسکےاتناہی کرلےاورادنیٰ درجہ میں اتناتوضروری ہی کرلیا جائےکہ عشاءاورفجرکی نمازباجماعت مع تکبیراولی کے اداکرےاوردرمیان میں کسی وقت (اگرشب کاآخری حصہ ہوتوزیادہ بہترہے) تھوڑی دیرعبادت کرکےدعااورمناجات کرے۔ اللہ تعالیٰ سےاس شب کی رحمتیں اوربرکتیں مانگےاورتوبہ واستغفارکرے۔حق تعالیٰ کی رحمت واسعہ سےقوی امید ہےکہ وہ اپنے ضعیف اورکمزوربندوں سےاتنا بھی قبول فرمالیں گےاورمحروم نہ فرمائیں گے۔ **وما ذالک علی اللہ بعزیز**

مشق

شبِ عید

(1) جس شخص نے دونوں عیدوں کی راتوں کو ________________________________

____

____

(2) جس شخص نے عشاء کی نماز جماعت سے پڑھی گویا اس نے __________________________

____

اور جو فجر کی نماز بھی جماعت کے ساتھ پڑھ لے گویا اس نے ____________________________

____

(3) شبِ عید کی کوتاہیاں مختصراً لکھیں۔

1. ____

____

2. ____

____

3. ____

____

4. ____

____

5. ____

____

6. عید

6.1 عید کی حقیقت

6.2 عید کے دن کے مسنون اعمال

6.3 عید کی کوتاہیاں

6.1 عید کی حقیقت

ہر قوم کے کچھ خاص تہوار اور جشن کے دن ہوتے ہیں جن میں اس قوم کے لوگ اپنی اپنی حیثیت اور سطح کے مطابق اچھا لباس پہنتے اور عمدہ کھانے پکاتے کھاتے ہیں اور دوسرے طریقوں سے بھی اپنی اندرونی مسرت وخوشی کا اظہار کرتے ہیں، یہ گویا انسانی فطرت کا تقاضا ہے۔اسی لیے انسانوں کا کوئی طبقہ اور فرقہ ایسا نہیں ہے جس کے ہاں تہوار اور جشن کے کچھ خاص دن نہ ہوں۔

اسلام میں بھی ایسے دو دن رکھے گئے ہیں ایک عیدالفطر (رمضان کے ختم پر یکم شوال کو) اور دوسرے عیدالاضحیٰ (10 ذی الحجہ کو) بس یہی مسلمانوں کے اصل مذہبی وملی تہوار ہیں۔ان کے علاوہ مسلمان جو تہوار مناتے ہیں ان کی کوئی مذہبی حیثیت اور بنیاد نہیں ہے، بلکہ اسلامی نقطۂ نظر سے ان میں سے اکثر خرافات ہیں۔

مسلمانوں کی اجتماعی زندگی اس وقت سے شروع ہوتی ہے جب کہ رسول اللہ ﷺ ہجرت فرما کر مدینہ طیبہ آئے۔عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ ان دونوں تہواروں کا سلسلہ بھی اسی وقت سے شروع ہوا ہے۔(185)

6.2 عید کے دن کے مسنون اعمال

(1) عیدگاہ جانے سے پہلے کے اعمال:

1. صبح کو بہت جلدی اٹھنا
2. غسل کرنا ،مسواک کرنا
3. عمدہ سے عمدہ کپڑے جو موجود ہوں ان کو پہننا
4. شریعت کے موافق اپنی آرائش کرنا
5. خوشبو لگانا
6. عیدالاضحیٰ میں نماز عید کے لیے جانے سے پہلے کچھ نہ کھانا بلکہ واپس آکر اپنی قربانی کا گوشت تناول کرنا۔
7. عید کے دن ہر قسم کی نفلی نماز عید کی نماز سے پہلے ہر جگہ (گھر ہو یا عیدگاہ) مکروہ ہے البتہ عید کی نماز کے بعد گھر آکر نفلیں پڑھ سکتے ہیں۔عیدگاہ میں نہیں۔

8. اگر نماز صرف عید گاہ میں ہوتی ہو تو عید گاہ میں جا کر عید کی نماز پڑھنا یعنی شہر کی مسجد میں بلا عذر نہ پڑھنا۔

9. عید کی نماز کے لیے، بہت سویرے جانا ۔

10. عید گاہ پیدل جانا ۔

11. راستہ میں بلند آواز سے اللہ اکبر، اللہ اکبر، لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد کہتے جانا ۔(186)

(2) عیدگاہ اور وہاں سے واپسی کے اعمال

نمازِ عید کا طریقہ:

نیت: قبلہ رخ ہو کر صفیں سیدھی کر کے پہلے اس طرح نیت کریں کہ دو رکعت نماز واجب عید الاضحیٰ مع چھ زائد واجب تکبیروں کے پیچھے امام کے پڑھتا ہوں اس کے بعد امام کی اقتداء میں تکبیر تحریمہ کہہ کر ہاتھ باندھ لے

اس کے بعد خطبہ سنے (188) خطبہ کا سننا واجب ہے خواہ آواز آئے یا نہ آئے عید گاہ سے خطبہ ختم ہونے سے پہلے نہ نکلیں۔ (189)

دعا نماز عید کے بعد ہی کرنا بہتر ہے۔

جس راستہ سے عید گاہ آئے ہیں وہ راستہ بدل کر دوسرے راستہ سے گھر جانا۔ (190)

6.3 عید کی کوتاہیاں

(1) عید کی تیاریاں

ایک اور فتنہ ''عید کی تیاری'' کا ہے، جو عید الفطر میں زیادہ اور بقرعید کے موقع پر کچھ کم برپا ہوتا ہے۔ عید الفطر اور عید الاضحیٰ کو اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کے لیے بلاشبہ مسرت کا دن قرار دیا ہے اور اتنی بات بھی شریعت سے ثابت ہے کہ اس روز جو بہتر سے بہتر لباس کسی شخص کو میسر ہو وہ لباس پہنے، لیکن آج کل اس غرض کے لیے جن بے شمار فضول خرچیوں اور اسراف کے ایک سیلاب کو عیدین کے لوازم میں سمجھ لیا گیا ہے اس کا دین و شریعت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

آج یہ بات فرض و واجب سمجھ لی گئی ہے کہ کسی شخص کے پاس مالی طور پر گنجائش ہو یا نہ ہو لیکن وہ کسی نہ کسی طرح گھر کے ہر فرد کے لیے نئے جوڑے کا اہتمام کرے، گھر کے ہر فرد کے لیے جوتے ٹوپی سے لے کر ہر ہر چیز نئی خریدے، گھر کی آرائش و زیبائش کے لیے نت نیا سامان فراہم کرے۔ دوسرے شہروں میں رہنے والے اعزہ اور اقارب کو قیمتی کارڈ بھیجے اور ان تمام امور کی انجام دہی میں کسی سے پیچھے نہ رہے۔

اس کا نتیجہ یہ ہو رہا ہے کہ ایک متوسط آمدنی رکھنے والے شخص کے لیے عید اور بقرعید کی تیاری ایک مستقل مصیبت بن چکی ہے۔ اس سلسلے میں وہ اپنے گھر والوں کی فرمائشیں پوری کرنے کے لیے جب جائز ذرائع کو ناکافی سمجھتا ہے تو مختلف طریقوں سے دوسروں کی جیب کاٹ کر وہ روپیہ فراہم کرتا ہے تاکہ ان غیر متناہی خواہشات کا پیٹ بھر سکے اور اس عید کی تیاری کا کم سے کم نقصان تو یہ ہے ہی کہ رمضان اور خاص طور سے آخری عشرے کی راتیں اور اسی طرح بقرعید کے پہلے عشرے کی راتیں بالخصوص بقرعید کی شب جو گوشۂ تنہائی میں اللہ تعالیٰ سے عرض و مناجات اور ذکر و فکر کی راتیں ہیں وہ سب بازاروں میں گزرتی ہیں۔

(2) عید کے بعد مصافحہ اور معانقہ

دو مسلمانوں کی ملاقات کے وقت مصافحہ مسنون ہے نیز کوئی شخص سفر سے آئے تو اس سے معانقہ کرنا بھی سنت سے ثابت

ہے ان دونوں مواقع کے علاوہ سنت نہیں لیکن اگر سنت سمجھے بغیر اتفاقاً کرے تو گناہ بھی نہیں اور سنت سمجھ کر کرے تو بدعت ہے ہمارے زمانے میں چونکہ فرض نمازوں کے بعد مصافحہ اور عیدین کے بعد معانقہ کو سنت سمجھا جانے لگا ہے حالانکہ یہ آنحضرت ﷺ یا صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم سے ثابت نہیں اس لیے علماء نے اس کو بدعت قرار دیا ہے اور اس سے بچنے کی تاکید فرمائی ہے۔(191)

(3) عید کی مبارک بادی کو لازم سمجھنا

عید کی مبارک بادی تمام منکرات سے خالی ہو۔مثلاً نہ اس کو سنت سمجھا جائے اور نہ فرض اور واجب کی طرح ضروری اور نہ فرض وواجب کا سا اس کے ساتھ معاملہ کیا جائے، جو اس کا اہتمام نہ کرے اس کو برا بھلا نہ کہا جائے، نہ ٹیڑھی ترچھی نگاہوں سے دیکھا جائے اور جب ملاقات ہو تو پہلے باقاعدہ مسنون سلام کیا جائے اس کے بعد تَقَبَّلَ اللّٰہُ مِنَّا وَمِنْکَ یا اس کے ہم معنی کوئی دوسرا لفظ جیسے عید مبارک ہے کہہ دیا جائے تو جائز اور دعا ہونے کی بناء پر باعث ثواب ہے لیکن اگر اس میں حد سے تجاوز کیا جائے مثلاً سنت سمجھا جائے یا فرض وواجب کی طرح اس کو ضروری سمجھا جائے اور اس طرح اس کا جو درجہ ہے اس سے اس کو بڑھا دیا جائے تو پھر مکروہ وممنوع ہے۔(192)

(4) عید اور گناہ

آج کل لوگ عید کے دن خوب اچھی طرح گناہ کرتے ہیں اس دن ٹی وی دیکھنا گانے سننا تو بہت سے لوگوں نے اپنے ذمہ فرض کر رکھا ہے عید کی خوشی کو ٹی وی، گانوں کے ناپاک عمل سے مٹی میں ملا دیتے ہیں کیونکہ گناہ میں کوئی خوشی نہیں، اللہ تعالیٰ کو ناراض کرنے والی چیز کیسے باعث خوشی بن سکتی ہے۔بہت سے لوگ عید کے کپڑے بناتے ہیں تو اس میں بھی حرام حلال کا خیال نہیں کرتے۔

مرد ٹخنوں سے نیچے کپڑے پہنتے ہیں،عورتیں باریک اور مختصر کپڑے پہنتی ہیں اور بہت سے لوگ خوب اچھی طرح ڈاڑھی کٹا کر،انگریزی بال تراش کر نماز عید کے لیے آتے ہیں۔

جو عید سراپا اطاعت اور فرمانبرداری کا مظاہرہ کرنے کے لیے تھی اسے گناہوں سے ملوث کر دیا، سب کو راضی کیا رب کو ناراض کر دیا تو عید کہاں رہی،عید تو اسلامی چیز ہے اس دن ہر کام خصوصیت کے ساتھ اچھا اور نیک ہونا چاہیے۔اس دن گناہوں سے بچنے کا خاص اہتمام کیا جائے اور طبیعت کو آمادہ کیا جائے کہ آئندہ بھی گناہ نہ کریں گے۔مومن کی زندگی گناہوں والی زندگی نہیں ہوتی۔(193)

مشق

عید

(1) عید کی حقیقت کیا ہے مختصراً لکھیں۔

____

____

____

____

____

(2) عید گاہ جانے سے پہلے کے مسنون اعمال کیا ہیں؟

____

____

____

____

(3) نمازِ عید کا طریقہ بیان کریں۔

____

____

____

____

(4) عید کی کوتاہیوں، مندرجہ ذیل عنوانات کی مختصراً وضاحت کریں۔

1۔ عید کی تیاریاں 2۔ عید کے بعد مصافحہ اور معانقہ 3۔ عید کی مبارک بادی کو لازم سمجھنا 4۔ عید اور گناہ

____

____

7. جانور ذبح کرنے سے پہلے، بوقت ذبح اور ذبح کے بعد ان امور کا اہتمام کیجیے

7.1 جانور کب سے کب تک ذبح کر سکتے ہیں؟

(1) قربانی کا وقت ذی الحجہ کی دسویں تاریخ سے لے کر بارہویں تاریخ کے سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے تک ہے ۔ جس دن بھی چاہے قربانی کرے قربانی صحیح ہو جائے گی لیکن قربانی کا سب سے افضل دن بقرعید کا پہلا دن ہے پھر دوسرا دن اور پھر آخری دن ۔(194)

آج کل بعض لوگ کہا کرتے ہیں کہ قربانی کے تین دن شریعت سے ثابت نہیں، حالانکہ ان لوگوں کی یہ بات صحیح نہیں کیونکہ رسول اللہ ﷺ سے اشارۃً اور حضرت عمر، حضرت ابن عمر، حضرت انس، حضرت ابن عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہم سے صراحتاً قربانی کے تین دن ہونے کا ثبوت ہے ۔(195)

(2) قربانی کے دنوں میں جس طرح دن میں قربانی کرنا جائز ہے اسی طرح رات میں قربانی کرنا بھی جائز ہے۔ بشرطیکہ روشنی اتنی زیادہ ہو کہ کسی رگ کے کٹنے میں بالکل شبہ نہ رہے۔(196)

(3) بقرعید کی نماز ہونے سے پہلے قربانی کرنا درست نہیں، البتہ اگر کوئی دیہات میں رہتا ہو جہاں عید کی نماز نہیں ہوتی وہاں فجر کی نماز کے بعد بھی قربانی کرنا درست ہے۔(197)

(4) پورے شہر میں کسی مسجد یا عیدگاہ میں عید کی نماز ہو جانے کے بعد قربانی کرنا صحیح ہو جاتا ہے۔ خود قربانی کرنے والے کا عید کی نماز سے فارغ ہونا ضروری نہیں ۔لہٰذا شہر میں سب سے پہلی عید کی نماز ہو جانے کے بعد کسی نے خود نماز عید پڑھنے سے پہلے قربانی کر دی تو جائز ہے ۔(198)

7.2 جانور کون ذبح کر سکتا ہے؟

اگر اب تک قصائی کا بندوبست نہیں کیا تو فوراً کر لیں ۔ پہلے دن قربانی کرنے کا زیادہ اجر ہے ۔البتہ چند چیزوں کا خیال رکھیں ۔

(1) قصائی مسلمان ہو (چاہے پاک ہو یا ناپاک، نماز عید پڑھ چکا ہو یا نہیں، نابالغ ہو یا بالغ) غیر مسلم سے ذبح نہ کرائیں ۔(199)

(2) قصائی سے ذبح کی اجرت ذبح سے پہلے ہی طے کر لیں ۔اگر چہ جاننے والا پرانا قصائی ہوتا کہ بعد میں بدمزگی نہ ہو۔

نیز یہ حکم شرعی بھی ہے ۔(200)

(3) قربانی کے جانور کا کوئی جز (کھال ،گوشت، چربی،اون،آنتیں،رسی، ہار وغیرہ) قصائی کو ذبح کی اجرت اور معاوضہ کے طور پر دینا یا اس کے عوض میں اجرت کم کرانا جائز نہیں ۔لہٰذا ذبح کی اجرت الگ سے رقم کی شکل میں طے کی جائے تاہم اگر کسی نے ایسا کرلیا تو قربانی ہوجائے گی لیکن اتنی قیمت کا صدقہ کرنا واجب ہے ۔(201)

(4) کسی کے یہاں مشغول قصائی کو اس کی مرضی کے بغیر اپنے یہاں لے آنا شرعاً اور اخلاقاً درست نہیں ۔(202)

7.3 ذبح سے قبل ان امور کا اہتمام کیجیے

(1) جانور کو ذبح کرنے سے پہلے چارہ کھلالیں، پانی پلالیں یہ مستحب ہے، بھوکا پیاسا رکھنا مکروہ ہے ۔(203)

(2) ابھی سے چھری کو تیز کروالیں، کند چھری سے ذبح کرنا مکروہ ہے ۔البتہ جانور کے سامنے تیز نہ کریں کیونکہ سامنے تیز کرنا مکروہ ہے ۔(204)

(3) جن جن کو قربانی کرنی ہے چونکہ قربانی کے وقت ان کا جانور کے قریب حاضر ہونا بہتر ہے لہٰذا ابھی سے ان سب کو بلوالیں ۔(205)

(4) بوقت ذبح جن امور کی رعایت رکھنی ہے (جن کا ذکر آگے آرہا ہے) وہ ابھی سے پڑھ لیں اور سمجھ لیں ۔نیز ذبح کے وقت قصائی کو جن چیزوں کی رعایت رکھنی ہے (جس کا ذکر آگے آرہا ہے) وہ بھی ابھی سے اس کو پڑھا دیں یا سمجھا دیں تا کہ عین ذبح کے وقت اچھی طرح ان امور کا اہتمام ہو سکے ۔

(5) قربانی کے جانور کی رسی، جھول، ہار وغیرہ ان میں سے جو اتارا جاسکتا ہو اتارلیں ان سب کو صدقہ کرنا مستحب ہے اگر فروخت کردیا تو اتنی قیمت صدقہ کرنا واجب ہے رسی وغیرہ خود استعمال میں لانا چاہیں یا کسی کو ہدیہ دینا چاہیں تو دے سکتے ہیں قصائی کو بھی بطور ہدیہ دے سکتے ہیں ۔بطور معاوضہ اور ذبح کی اجرت میں نہیں دیا جاسکتا ۔(206)

7.4 ذبح کے وقت ان امور کا اہتمام کریں/کروالیں

(1) اگر خود ذبح کرنا جانتے ہوں تو اپنے ہاتھ سے خود ذبح کریں، ورنہ کسی اور سے ذبح کرالیں لیکن جن کی قربانی ہے وہ کم از کم ذبح کے وقت وہاں موجود رہیں ۔حضور ﷺ نے قربانی کے وقت حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کو جانور کے قریب حاضر ہونے کو

فرمایا تھا۔نیز خود ذبح کرنے میں یا دوسرے درجہ میں اپنی موجودگی میں کسی سے ذبح کرانے میں اور بہتا خون اپنی آنکھ سے دیکھنے میں جو شوق وخلوص اور اللہ کے ساتھ تعلق اور مقاصد قربانی کی تکمیل، جو اس صورت میں ہو سکتی ہے کہیں دور بیٹھے کسی سے ذبح کرانے میں وہ بات آہی نہیں سکتی ۔(207)

نوٹ: عورتیں جب قربانی کے وقت حاضر ہوں تو ان کو پردہ کا اہتمام کرنا لازم اور ضروری ہے۔

(2) حدیث میں آتا ہے کہ بلاشبہ اللہ تعالیٰ نے ہر کام میں خوش اسلوبی اور سلیقہ مندی فرض کی ہے اس لیے جب تم (کسی شخص کو قصاص وغیرہ میں) قتل کرو تو خوش اسلوبی سے قتل کرو اور جب تم (کوئی جانور) ذبح کرو تو خوش اسلوبی سے ذبح کرو اور (اس کا عمدہ طریقہ یہ ہے کہ) اپنی چھری کو (پہلے سے) تیز کر لیا کرو اور (اس طرح) جانور کو موت کی تکلیف سے جلدی راحت دے دیا کرو۔(208)

اس لیے ذبح کرتے وقت قصائی مندرجہ ذیل چیزوں کا اہتمام کرے:

(1) ایک جانور کو دوسرے جانور کے سامنے ذبح نہ کریں۔کہ ایسا کرنا مکروہ ہے۔(209)

(2) جانور کو گرانے سے پہلے چھری تیز کر لیں، گرانے کے بعد یا جانور کے سامنے چھری تیز کرنا یا کند چھری سے ذبح کرنا مکروہ ہے (210) ایک شخص جانور کو گرا کر چھری تیز کرنے لگا یہ دیکھ کر حضور ﷺ نے فرمایا تم بکرے کو ایک سے زائد بار موت دینا چاہتے ہو۔

(3) جانور کو ذبح کرنے کی جگہ پر سختی سے گھسیٹتے اور کھینچتے ہوئے لے جانا مکروہ ہے خاص طور سے پیچھے کی ٹانگوں کو آگے کی طرف کھینچنا مکروہ تحریمی ہے۔(211)

(4) جس وقت قصائی جانور کو گرا رہا ہو، آوازیں کسنا، تبصرے کرنا، جانور قصائی کو لات مار دے تو اس پر خوش ہونا غیر اخلاقی، غیر اسلامی حرکت ہے۔عبادت کے وقت سیٹی بجانا، تالیاں پیٹنا کفار اہل مکہ کا شیوہ تھا۔(212) یہ وقت دل ودماغ پورے طور پر اللہ کی طرف متوجہ ہونے اور اللہ کو دل کا تقویٰ دکھانے کا وقت ہے۔یہ ایک عبادت ہے اس کو عبادت ہی کے طور پر ادا کیا جائے، اس کو لہو ولعب اور تفریح نہ سمجھا جائے نیز اس وقت لہو ولعب کے لیے جانور کی تصویر کھینچنا، مووی بنانا بہت ہی بے ہودہ حرکت ہے۔

(5) جانور کو ذبح کے لیے لایا گیا اور گراتے ہوئے اس کی ٹانگ ٹوٹ گئی یا اور کوئی عیب پیدا ہو گیا مثلاً گائے ہاتھ سے

چھوٹ گئی اور اسی اثنا میں اس کی آنکھ پھوٹ گئی۔پھر اسے پکڑ کر ذبح کر دیا گیا تو قربانی درست ہو گئی۔ذبح کرتے وقت چھری ہاتھ سے چھوٹ کر آنکھ وغیرہ ضائع کر دے تو بھی یہی حکم ہے۔(213)

(6) جانور کو ذبح کرتے وقت قبلہ رخ لٹائیں۔(214)

(7) ذبح کرتے وقت تمام شرکاء کے نام پکارنا ضروری نہیں، ہاں ذبح کرنے والا ذبح کرتے وقت تمام شرکاء کی طرف سے ذبح کرنے کا خیال دل میں رکھے اور اگر تمام شرکاء کے نام پکارنے کا مقصد ذبح کرنے والے کے علم میں لانا ہے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں۔(215)

(8) ذبح کرنے والے/قصائی کا منہ ذبح کرتے وقت قبلہ کی طرف ہونا سنت ہے اس کو بلا عذر چھوڑنا مکروہ ہے۔(216)

(9) یہ سنت ہے کہ جب جانور کو ذبح کرنے کے لیے قبلہ رو لٹائیں تو نیت کی یہ دعا پڑھیں:

اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ اِنَّ صَلَاتِیْ وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔ لَاشَرِیْکَ لَهٗ وَبِذٰلِکَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ۔ (217)

ترجمہ: میں نے اپنا رخ اس اللہ کی طرف کر لیا جس نے زمین وآسمان کو پیدا کیا ہے۔ابراہیم علیہ السلام کے طریقے پر ہر طرف سے یکسو ہو کر اور میں شرک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں میری نماز وعبادت، میری قربانی اور میرا جینا اور میرا مرنا اللہ رب العالمین کے لیے ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور مجھے اسی کا حکم ہے اور میں تو (سرتاپا) فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

لیکن اس کے پڑھنے میں اتنی دیر نہ لگائے کہ جانور کو اذیت ہو۔پڑھنے میں دشواری ہو رہی ہو تو اس کو چھوڑ کر دل میں صرف یہ نیت کر لیں کہ میں قربانی کر رہا ہوں اتنا بھی کافی ہے۔(218)

7.5 ذبح کا مسنون طریقہ

ذبح کرنے والا اپنا داہنا پاؤں جانور کے پہلو میں رکھتے ہوئے۔(219)

(1) دل دل میں یہ نیت کر لے کہ میں اپنی طرف سے یا اپنے اور تمام شرکاء کی طرف سے قربانی کرتا ہوں۔(220)

(2) اَللّٰهُمَّ مِنْکَ وَلَکَ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَکْبَر (اے اللہ یہ قربانی تیری ہی توفیق سے اور تیرے ہی واسطے ہے) اللہ

کے نام پر (ذبح کرتا ہوں) اور اللہ ہی سب سے بڑا ہے کہتے ہوئے ۔(221)

(3) فوراً ٹھوڑی کے نیچے جو ایک ہڈی باہر نکلی ہوئی ہوتی ہے اس کے نیچے اور جہاں سے سینہ شروع ہوتا ہے اس کے اوپر، ان دونوں کے درمیان میں اس طرح گلے کو کاٹے کہ چار رگیں کٹ جائیں ۔ایک نرخرہ جس سے جانور سانس لیتا ہے دوسرے اس سے چپکی ہوئی وہ نالی جس سے دانہ پانی جاتا ہے اور دو موٹی شہ رگیں جو ان دونوں کے دائیں بائیں ہوتی ہیں اور اگر اونٹ ہے تو نحر یعنی اس کے پاؤں باندھ کر کھڑا کر دیا جائے اور سینہ کے بالائی حصہ کے قریب گردن کے نچلے حصہ میں نیزہ یا چھری مار کر گردن کی رگوں کو کاٹا جائے ۔(222)

(الف) نیت کی وضاحت

(1) قربانی کرنے والا اگر صرف "**بسم اللہ اکبر**" کہے تو کافی ہے نمبر (9) میں مذکور نیت کی دعا پڑھنا ضروری نہیں صرف دل سے اتنا ارادہ کر لینا کہ میں قربانی کر رہا ہوں کافی ہے ۔(223)

(2) قربانی کی نیت سے جانور خریدا، عین ذبح کے وقت قربانی کرنے والے کو نیت کا خیال نہ رہا تو بھی قربانی ہو جائے گی ۔ (224)

(ب) تکبیر "بسم اللہ اکبر" کی وضاحت (225)

(1) اگر دو آدمیوں نے مل کر چھری پکڑ کر چلائی تو دونوں کے لیے "**بسم اللہ اکبر**" کہنا ضروری ہے ورنہ جانور حرام ہو جائے گا ۔اس کا گوشت کھانا جائز نہ ہوگا ۔البتہ ہاتھ، پیر، منہ پکڑنے والا محض معاون ہے وہ اگر چھری چلانے میں ہاتھ نہیں لگا رہا تو اس پر "**بسم اللہ اکبر**" کا پڑھنا ضروری نہیں ۔اسی طرح تمام حصہ داروں کے لیے بھی یہ پڑھنا ضروری نہیں ۔ (226)

(2) "**بسم اللہ اکبر**" کہتے ہی فوراً ذبح کرنا ضروری ہے ۔یہ پڑھنے کے بعد ذبح کرنے سے پہلے اور کوئی کام نہ کرے، یہاں تک کہ اگر کسی نے بکری کو لٹا کر "**بسم اللہ**" پڑھی اور پھر اس بکری کو زندہ چھوڑ کر دوسری بکری کو اسی "**بسم اللہ**" سے ذبح کیا تو وہ حلال نہ ہوگی اور اس کا کھانا جائز نہ ہوگا ۔(227)

(3) اگر جانور کو ذبح کرتے وقت "**بسم اللہ اکبر**" کہنا بھول گیا اور جانور کو ذبح کر لیا تو اس جانور کا گوشت حلال ہے ۔کھانا جائز ہے ۔البتہ اگر جان بوجھ کر چھوڑ دیا تو جانور حرام ہو جائے گا ۔(228)

(ج)ذبح کی جگہ کی وضاحت

(1) اگر چار رگوں میں سے کوئی سی تین رگیں کٹیں تب بھی جانور حلال ہے۔اس سے کم یعنی صرف دو یا ایک ہی رگ کٹی تو جانور حرام ہو جائے گا۔(229)

(2) اسی طرح سختی سے جانور کو ذبح کرنا کہ سر الگ ہو جائے یا چھری حرام مغز تک اتر جائے، مکروہ ہے، تاہم جانور مکروہ نہیں ہوگا، وہ حلال رہے گا اور اس کا گوشت کھانا درست ہے۔(230)

(3) گردن میں ابھری ہوئی گانٹھ نما ہڈی کے نیچے سے ذبح کرنا چاہیے تاہم اگر کسی نے اس کے اوپر سے ذبح کر دیا تو چونکہ اس طرح ذبح کرنے سے بھی وہ رگیں کٹ جاتی ہیں جن کا ذبح میں کاٹنا ضروری ہے اس لیے اس طرح ذبح کرنے سے بھی جانور بلا شبہ حلال ہو جائے گا۔(231)

7.6 ذبح کے بعد ان امور کا اہتمام کیجئے

(1) ذبح کے بعد اپنی اس نیکی اور عبادت پر ہرگز مطمئن نہ ہوں، بلکہ اللہ کی شان بے نیازی اور اس کے قہر و جلال سے برابر ڈرتے رہیں کہ کہیں میرا یہ عمل کسی کھوٹ کی وجہ سے میرے منہ پر نہ مار دیا جائے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے حضور اکرم ﷺ سے قرآن کی یہ آیت ﴿وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَا اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ﴾ (وہ لوگ جو دے سکتے ہیں دیتے ہیں، اور (اس کے باوجود) ان کے دل ڈرتے رہتے ہیں۔(المؤمنون:60) کے بارے میں دریافت کیا کہ کیا یہ وہ لوگ ہیں جو شراب پیتے ہیں اور چوری کرتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اے میرے صدیق کی بیٹی! نہیں، بلکہ وہ اللہ کے وہ خدا ترس بندے ہیں، جو روزے رکھتے ہیں اور نمازیں پڑھتے ہیں اور صدقہ و خیرات کرتے ہیں اور اس کے باوجود اس سے ڈرتے ہیں کہ کہیں ان کی یہ عبادتیں قبول نہ کی جائیں یہی لوگ بھلائیوں کی طرف تیزی سے دوڑتے ہیں۔(232)

اور یہ بات بھی ذہن میں رکھیں کہ اللہ کی طرف سے کسی عبادت کی توفیق کا مل جانا، اس کی قبولیت کی علامت نہیں ہے، قابیل نے تو قربانی کی تھی لیکن قبول نہ ہوئی۔(المائدہ:27) ابراہیم علیہ السلام کو باوجود نبی ہونے کے تعمیر خانہ کعبہ کے وقت قبولیت کی دعا مانگنے کی ضرورت کیوں پیش آئی۔(البقرہ:127) نیز اللہ تعالیٰ کا دستور یہی ہے کہ تقویٰ اور خوف خدا رکھنے والوں کا عمل ہی قبول کرتے ہیں۔(المائدہ:27) یہ آیت تمام عبادت گزاروں کے لیے بڑا تازیانہ ہے۔لہٰذا ذبح کے بعد انتہائی تضرع سے یہ دعا مانگیں۔

اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلْہُ مِنِّیْ کَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ حَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ وَ خَلِیْلِکَ اِبْرَاھِیْمَ عَلَیْھِمَا الصَّلَاۃُ وَ السَّلَامُ(233)

ترجمہ: اے اللہ جیسے اپنے حبیب محمد ﷺ اور اپنے خلیل ابراہیم علیہما السلام کی قربانی قبول فرمائی تھی ایسے ہی میری قربانی بھی قبول فرمالیجے۔

(2) اگر کسی اور کی طرف سے ذبح کررہے ہیں تو "مِنِّیْ" کی جگہ "مِنْ فُلَان" کہیے اور فلان کی جگہ اس کا نام لے لیں۔

(3) قربانی کرنے والے کے لیے مستحب اور ثواب کی بات یہی ہے کہ بقرہ عید کی نماز کے بعد قربانی کر کے بال، ناخن کاٹے اگر اس سے پہلے بھی کاٹ لے تو گناہ نہ ہوگا، نہ قربانی کے صحیح ہونے میں کوئی خلل آئے گا۔(234)

(4) زندہ جانور کا کوئی عضو کاٹنا ناجائز اور حرام ہے، لہٰذا ذبح کے بعد جانور جب تک ٹھنڈا نہ ہوجائے تب تک اس کا کوئی عضو الگ نہ کیا جائے ورنہ وہ عضو کھانا جائز نہ ہوگا۔(235)

(5) عام طور پر قصائی جانور کو ذبح کرنے کے بعد ٹھنڈا نہیں ہونے دیتے، کھال کھینچنا شروع کر دیتے ہیں، ایسا کرنا ناجائز اور حرام ہے، خوب یاد رکھیں۔(236)

امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: "ذبیحہ کے مسئلہ کی اہمیت کا اندازہ اس سے بھی ہوتا ہے کہ ایک مرتبہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے کسی نے شکایت کی کہ مدینہ کے قصاب جانور کو ٹھنڈا ہونے سے پہلے کھال نکالنا شروع کر دیتے ہیں، اس پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مدینہ میں اعلان کرایا، اس اعلان میں لوگوں کی غلطی بھی واضح کی اور ذکاۃ شرعی کی بھی نشاندہی کی تاکہ لوگ اس سے غفلت نہ برتیں۔ اعلان کے الفاظ یہ تھے: **الذکاۃ فی الحلق و اللبۃ لمن قدر ولا تعجلوا الانفس حتی تزھق.** ذکاۃ اختیاری کا محل حلق اور لبہ ہے اور پوری طرح جان نکلنے سے پہلے (کھال اتارنے میں) جلدی نہ کرو۔(237) ایک سوال کے جواب میں فقیہ العصر حضرت مولانا مفتی رشید احمد لدھیانوی صاحب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: "چونکہ گوشت میں اصل حرمت ہے، اس کی حلت بعض شرائط پر موقوف ہے اس لیے ذبح کے وقت سے فروخت ہونے تک کسی مسلمان کی نگرانی ضروری ہے"۔ (238)

(6) جب جانور شرعی طریقے سے ذبح کرلیا جائے، اور اس کا دم نکل جائے یعنی ٹھنڈا ہوجائے تو اس کی کھال اتارنا جائز ہے، البتہ کھال اس طرح اتارنا کہ اس میں سوراخ ہوجائیں یا کھال پر گوشت لگا رہ جائے اسراف اور تبذیر (فضول خرچی) ہے

جس کی ممانعت قرآن میں آئی ہے (239)اس لیے کھال احتیاط سے اتار کر ضائع ہونے سے بچانا شرعاً ضروری ہے۔

(7) جانور ذبح کرنے کے بعد ٹھنڈا ہونے سے پہلے اس کا سر الگ کرنا مکروہ ہے، مگر ذبح کئے ہوئے جانور کا گوشت حلال ہے۔(240)

(8) اگر قربانی کے جانور کو ذبح کرنے کے بعد پیٹ سے زندہ بچہ نکلے تو اس کو ذبح کر دیا جائے (اس کا کھانا حلال ہے) اور اگر مردہ نکلے تو اس کو استعمال میں لانا جائز نہیں۔

اور اگر اس کو قربانی کے ایام میں ذبح نہیں کیا تو قربانی کے ایام گزرنے کے بعد صدقہ کر دیا جائے اور اگر آئندہ سال اس بچے کی قربانی کی تو واجب قربانی ادا نہیں ہوگی اور ذبح کیے ہوئے جانور کے بچے کو صدقہ کر دینا ضروری ہے، اگر ذبح کرنے کی وجہ سے قیمت میں کمی آتی ہے تو اتنی قیمت کے برابر رقم بھی صدقہ کر دینا ضروری ہے اور اس کی جگہ پر دوسرے جانور کی قربانی لازم ہوگی۔(241)

(9) ذبح کے بعد جانور کی آلائش (اوجھڑی، خون وغیرہ) راستے میں اس طرح پڑا نہ چھوڑے کہ دوسرے مسلمان کی اذیت کا باعث بنے۔(242)

7.7 کھال کے احکام

(1) کھال اتارنے کے بعد اس کو محفوظ جگہ پر رکھیں، احتیاط نہ کرنے کی وجہ سے اس کا سڑ جانا یا کم قیمت کا رہ جانا یہ سب اسراف ہے، جس سے بچنا ضروری ہے۔(243)

(2) قربانی کی گائے میں جو لوگ شریک ہوں وہ کھال میں بھی اپنے اپنے حصے کے برابر شریک ہوں گے کسی ایک شریک کو یہ کھال باقی شرکاء کی اجازت کے بغیر اپنے پاس رکھ لینا یا کسی کو دے دینا جائز نہیں۔(244)

(3) قربانی کرنے والے کو قربانی کی کھال میں چار قسم کے اختیارات حاصل ہیں۔

1. خود استعمال کرنا۔ **2.** کسی کو ہدیہ کے طور پر دینا۔ **3.** فقراء و مساکین پر صدقہ کرنا۔

4. اس نیت سے فروخت کرنا کہ جو رقم آئے گی اس کو صدقہ کر دوں گا۔(245)

وضاحت

(الف) کھال خود استعمال کرنا

(1) قربانی کی کھال اپنے اور اہل وعیال کے استعمال میں لانا جائز ہے۔مثلاً جائے نماز، کتابوں کی جلد جیکٹ، دسترخوان، جراب، جوتا وغیرہ کوئی بھی چیز بنا کر استعمال کی جاسکتی ہے بلا کراہت جائز ہے،لیکن ان چیزوں کو کرایہ پر دینا جائز نہیں اگر دے دیں تو جو کرایہ ملے اس کا صدقہ کرنا واجب ہے۔(246)

(2) قربانی کی کھال فروخت کرنے کے بعد اس کی قیمت اپنے استعمال میں لانا جائز نہیں اگر ایسا کیا تو اتنی رقم کا صدقہ کرنا واجب ہے ورنہ قربانی کا ثواب پورا نہیں ملے گا۔(247)

(ب) کھال کسی کو ہدیہ میں دینا

(1) قربانی کی کھال یا اس سے بنائی ہوئی چیز کسی کو بطور ہدیہ (بلا معاوضہ) دی جاسکتی ہے،جس کو دی جائے ،وہ خواہ سید اور مال دار ہو یا اپنے ماں باپ اور اہل وعیال ہوں،اجنبی ہوں یا رشتہ دار،کافر ہوں یا مسلمان بلا معاوضہ ہر ایک کو دینا جائز ہے۔ (248)

(2) البتہ کھال کو ملازم،امام مؤذن یا خادم وغیرہ کو تنخواہ کے عوض میں یا قصائی کو اجرت کے عوض میں دینا جائز نہیں۔(249)

(ج) کھال فقراء ومساکین پر صدقہ کرنا

(1) قربانی کی کھال فقراء ومساکین کو خیرات میں بھی دی جاسکتی ہے،مگر یہ مستحب ہے واجب نہیں۔(250)

(2) قربانی کی کھال فروخت کرنے کے بعد جو رقم قیمت کے طور پر ملتی ہے کھال جمع کرنے والوں پر ضروری ہے کہ اس کو صدقہ کردیں اور صدقہ کی حقیقت یہ ہے کہ کسی فقیر مسکین کو مالکانہ طور پر وہ رقم یا اس سے خریدی ہوئی چیز دے دی جائے جس میں اس کو ہر طرح کا اختیار ہو۔اس طرح کے مالکانہ قبضے کے بغیر یہ صدقہ بھی ادا نہ ہوگا۔(251)

چنانچہ اسے مسجد،مدرسہ،شفاخانہ،کنویں،پل یا کسی اور رفاہی ادارے کی تعمیر میں خرچ کرنا جائز نہیں،اسی طرح کسی لاوارث کے کفن یا میت کی طرف سے قرض ادا کرنے میں بھی اسے خرچ نہیں کیا جاسکتا،کیونکہ یہاں کسی فقیر کو مالک بنانا اور اس کے قبضے میں دینا نہیں پایا گیا۔(252)

کسی ایسے مدرسے یا انجمن وغیرہ میں دینا بھی کہ جہاں وہ غریبوں کو مالکانہ طور پر نہ دیا جاتا ہو،بلکہ ملازمین کی تنخواہوں یا

تعمیر اور فرنیچر وغیرہ انتظامی مصارف میں خرچ کر دیا جاتا ہو جائز نہیں۔البتہ اگر کسی ادارے میں غریب طلبہ یا دوسرے مسکینوں کو کھانا وغیرہ مفت دیا جاتا ہو وہاں یہ صدقہ دینا جائز ہے، لیکن یہ اس وقت ادا ہوگا جب وہ رقم بعینہٖ یا اس سے خریدی ہوئی اشیاء مثلاً کھانا، کتابیں، کپڑے، دوا وغیرہ ان غریبوں کو مالکانہ طور پر مفت دے دی جائیں۔(253)

(د)قربانی کی کھال کو فروخت کرنا

قربانی کی کھال یا اس سے بنائی ہوئی چیز کو فروخت کرنے میں یہ تفصیل ہے کہ

(1)وہ کھال یا تو روپے پیسے کے بدلہ میں فروخت کی گئی ہوگی۔

(2)یا اشیاء کے بدلے میں فروخت کی گئی ہوگی۔

(1)قربانی کی کھال اگر روپے کے بدلے فروخت کی گئی ہے تو اس رقم کا صدقہ کرنا واجب ہے اور وہ صدقہ صرف ان ہی فقیروں اور مسکینوں کو دیا جا سکتا ہے جنہیں زکوٰۃ دینا درست ہے۔جن لوگوں کو زکوٰۃ دینا جائز نہیں انہیں یہ صدقہ بھی نہیں دیا جا سکتا۔(254)

(2)قربانی کی کھال اگر کسی چیز کے بدلے میں فروخت کی جا رہی ہے تو

(1)اگر وہ کسی ایسی چیز کے بدلے میں فروخت کی جو باقی رہتے ہوئے استعمال میں نہیں آتی، یعنی اسے خرچ کئے بغیر اس سے فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا، مثلاً کھانے پینے کی چیزیں اور تیل، پٹرول، رنگ و روغن وغیرہ تو ان اشیاء کا بھی صدقہ واجب ہے، یہ فقراء و مساکین کا حق ہے، کسی اور مصرف میں لانا جائز نہیں۔(255)

ان اشیاء کے بدلے قربانی کی کھال اس نیت سے فروخت کرنا کہ اپنے خرچ میں لے آئیں گے مکروہ بھی ہے، ہاں صدقہ کرنے کی نیت سے فروخت کرنے میں مضائقہ نہیں۔(256)

(2)اور اگر وہ کھال ایسی چیز کے بدلے میں فروخت کی جو باقی رہتے ہوئے استعمال میں آتی ہے یعنی اسے خرچ کئے بغیر اس سے فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے مثلاً کپڑے، برتن، میز، کرسی، کتاب، قلم، وغیرہ تو ان اشیاء کا صدقہ واجب نہیں۔بلکہ ان کا وہی حکم ہے جو پیچھے کھال کا بیان ہوا کہ خود اپنے کام میں لانا یا دوسرے کو ہبہ میں (بلا معاوضہ) دے دینا اور خیرات کرنا سب جائز ہے۔(257) پھر اگر ان اشیاء کو روپے یا کھانے پینے اور خرچ ہونے والی اشیاء کے بدلے فروخت کر دیا تو حاصل ہونے والی قیمت کا صدقہ واجب ہوگا۔(258)

7.8 گوشت کے احکام

(1) گوشت کی تقسیم

1) قربانی کرنے والے کو اپنی قربانی کے گوشت کے متعلق اختیار ہے، چاہے سارا گوشت اپنے گھر رکھ لے یا سارا گوشت خیرات کردے یا سارا دوستوں اور عزیزوں میں تقسیم کردے۔ افضل یہ ہے کہ سارے گوشت کے تین حصے کرلے، ایک تہائی حصہ خود رکھ لے اور ایک تہائی حصہ اپنے رشتہ داروں کو ہدیۃً پہنچا دے اور ایک تہائی حصہ فقیروں اور محتاجوں کو دے دے، خیرات کرنے میں ایک تہائی سے کم نہ کریں تو بہت اچھا ہے۔(259)

2) اگر ایک گائے یا بیل یا بھینس یا اونٹ میں سات آدمی مل کر شریک ہوئے اور قربانی کی تو اب اس کا گوشت باہم اندازہ سے تقسیم نہ کریں، بلکہ خوب ٹھیک ٹھیک وزن کر کے بانٹیں، اگر کسی کے حصے میں گوشت کم ہوگیا تو سود ہوجائے گا اور سود لینے والا اور دینے والا چاہے رضامندی سے یہ لین دین کریں سخت گناہ گار ہوتے ہیں، اور جس کے حصہ میں گوشت زیادہ چلا گیا اس کو بھی اس کا کھانا جائز نہیں۔ بہرحال سارے شرکاء اگرچہ خوش دلی سے ہر ایک شریک کو اجازت دے دیں کہ جو شریک جتنا چاہے گوشت لے جائے تب بھی کسی شریک کو اس طرح لینا جائز نہیں۔ البتہ اگر گوشت کی تقسیم میں سری، پائے، کلیے اور کھال کو بھی شامل کرلیا جائے اور مثلاً اس طرح تقسیم کیا جائے کہ چار حصوں میں ایک ایک پایا رکھ دیا جائے اور باقی تین حصوں میں سے ایک میں کھال ایک میں سری مع مغز اور ایک میں زبان اور کلیے رکھ دیے جائیں تو پھر وزن کر کے گوشت تقسیم کرنا ضروری نہیں، اندازہ سے گوشت کے سات حصے کر کے مذکورہ چیزوں میں رکھ دیے جائیں تو بغیر تولے بھی محض اندازہ سے گوشت تقسیم کرلینا جائز ہے۔(260)

3) اگر ایک جانور میں کئی شریک ہیں اور وہ سب گوشت آپس میں تقسیم نہیں کرتے بلکہ اجتماعی طور پر ہی فقراء اور احباب میں تقسیم کرنا چاہتے ہیں یا پکا کر کھانا کھلانا چاہتے ہیں تو بھی تقسیم ضروری نہیں ہے، ہاں شرکاء آپس میں تقسیم کریں گے تو اس میں وزن کے لحاظ سے برابری ضروری ہے یا وہ صورت اختیار کی جائے جو اوپر کے مسئلہ میں ذکر ہوئی۔(261)

4) اگر تمام حصہ دار ایک جگہ پر کھاتے ہیں، الگ الگ جگہ پر جدا جدا نہیں تو اس صورت میں گوشت کو تول کر تقسیم کرنے کی ضرورت نہیں۔(162)

5) کسی کا ہدیہ حقیر نہ سمجھیں۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ سرور عالم ﷺ نے مسلمان عورتوں سے خطاب کر کے فرمایا کہ کوئی پڑوسن اپنی پڑوسن کے لیے کسی بھی چیز (کے لینے دینے) کو حقیر نہ جانے، اگرچہ بکری کا کھر ہی

ہو۔(263)اس عمدہ خصلت کو اختیار کرنے میں بھی شیطان بہت سے رخنے ڈال دیتا ہے اور ایسی نفسانیت کی باتیں سمجھاتا ہے جو ہدیہ دینے سے باز رکھتی ہیں۔چنانچہ بہت سی عورتوں پر یہ نفسانیت سوار ہوجاتی ہے اور کہتی ہیں کہ ذرا سی چیز کا کیا دینا؟ کسی کو کچھ دے تو ٹھکانے کی چیز تو دے۔دو بوٹی کیا بھیجیں کوئی کیا کہے گا؟اس سے تو نہ بھیجنا ہی بہتر ہے۔اسی طرح ہدیہ قبول کرنے میں بھی شیطان چھوٹائی بڑائی کا سوال جھادیتا ہے۔اگر کسی پڑوسن نے معمولی چیز ہدیہ میں بھیج دی تو کہتی ہیں کہ بے وقوفوں نے کیا بھیجا ہے۔نہ اپنی حیثیت کا خیال کیا نہ ہماری عزت کا بھیجنے میں شرم بھی نہ آئی۔گویا بھیجنے کا شکریہ تو درکنار طعن وتشنیع کی بوچھاڑ شروع ہوجاتی ہے۔اور کئی کئی دن غیبتیں ہوتی رہتی ہیں۔اگر کئی سال کے بعد کسی بات پر ان بن ہوگئی تو یہ بات بھی دہرادی کہ تو نے کیا بھیجا تھا۔ذرا سی کڑھی میں ایک پھلکی ڈال کر۔قربان جایئے اس حکیم ومعالج ﷺ پر جس کو خالق کائنات جل مجدہ نے دلوں کی بیماریوں سے آگاہ فرمایا اور ساتھ ہی ان کے علاج بھی بتائے۔معالج نے دکھتی رگ پر ہاتھ رکھا اور اندر کا چور پکڑا اور فرمایا:''کوئی پڑوسن کسی پڑوسن کے لیے کسی چیز کے ہدیہ کو حقیر نہ جانے''اللہ اللہ کیسا جامع جملہ ہے حدیث بالا کے الفاظ سے دونوں طرح کا مطلب نکل سکتا ہے۔دینے والی دیتے وقت کم نہ سمجھے جو میسر ہو وہ دیدے اور جس کے پاس پہنچے وہ بھی حقیر نہ جانے۔خواہ کیسا ہی کم اور معمولی ہدیہ ہو۔بطور مثال حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ اگر بکری کا کھر ہی ایک عورت دوسری عورت کے پاس بھیج سکتی ہو تو بھیجنے والی کم سمجھ کر رک نہ جائے اور دوسری عورت اس کے قبول کرنے کو اپنی کسر شان نہ سمجھے۔ہر چھوٹا بڑا ہدیہ بشاشت سے قبول کرو اور دل وزبان سے شکر ادا کرو۔بھیجنے والی کو دعا دو۔اللہ سے اس کے لیے برکت کی دعا مانگو اور یہ بھی خیال رکھو کہ ہم کو بھی بھیجنا چاہئے۔موقعہ لگے تو ضرور بھیجو اور بہنوں میں بیٹھ کر تذکرہ کرو کہ فلانی نے مجھے یہ ہدیہ بھیجا ہے تا کہ اس کا دل خوش ہو۔اور اس حدیث کا مطلب یہ نہ سمجھنا کہ ہدیہ کم ہی بھیجا کریں بلکہ زیادہ میسر ہو تو زیادہ بھیجو اور کم کی وجہ سے باز نہ رہو۔(264)

(2) گوشت فروخت کرنا

1) قربانی کا گوشت فروخت کرنا حرام ہے۔اسی طرح قصائی کو ذبح کرنے کی اجرت میں گوشت دینا بھی جائز نہیں۔اجرت علیحدہ سے دینی چاہئے۔(265)

2) اگر کسی نے غلطی سے یا جان بوجھ کر قربانی کا گوشت فروخت کر دیا تو اتنے گوشت کی قیمت صدقہ کرے اور پھر صدق دل سے توبہ کرے اور آئندہ احتیاط کرے۔(266)

(3) گوشت کس کو دے سکتے ہیں کس کو نہیں؟

1) قربانی کا گوشت غیر مسلم جیسے عیسائی، یہودی، مجوسی اور ہندو کو دینا جائز ہے ۔(267)

2) قربانی کے جانور کی چربی، پھیپھڑے قصائی کو مزدوری میں دینا جائز نہیں، مزدوری اپنے پاس سے الگ دے ۔(268)

(4) کیا کھا سکتے ہیں کیا نہیں؟

حلال جانور میں سات چیزوں کے علاوہ باقی تمام اعضا حلال ہیں ۔

سات حرام چیزیں یہ ہیں:

1) بہتا خون

2) نر کی پیشاب گاہ

3) خصیتین (کپورے)

4) مادہ کی پیشاب گاہ

5) غدود

6) مثانہ

7) پتّا ۔(269)

(5) گوشت کی دعوتیں اور گناہ

قربانی کا بابرکت گوشت اللہ تعالیٰ کی طرف سے ضیافت اور مہمان نوازی ہے، خود کھائیں دوسروں کو کھلائیں، دعوت کریں لیکن گانے باجے، مخلوط تقریبات، نمازوں کو ضائع کرنے کے گناہوں سے بچیں ۔

7.9 چربی کے احکام

1) قربانی کے جانور کی چربی بیچنا جائز نہیں، اگر قربانی کرنے والے نے جانور کی چربی فروخت کی ہے تو حاصل شدہ رقم مستحق زکوٰۃ لوگوں میں صدقہ کر دینا لازم ہوگا ۔(270)

2) اجتماعی قربانی میں کافی چربی جمع ہو جاتی ہے تو اس کا مصرف یہ ہے کہ قربانی کرنے والوں کی اجازت سے فروخت کر کے رقم مدرسے کے غریب طلبہ کے فنڈ میں جمع کر دی جائے یا کسی مستحق کو بطور ملکیت دے دی جائے ۔(271)

مشق

جانور ذبح کرنے سے پہلے، بوقت ذبح اور ذبح کے بعد کے امور

(صحیح ✓ یا غلط x کا نشان لگائیے)

	صحیح	غلط
1.قربانی کا وقت ذی الحجہ کی دسویں تاریخ سے لے کر بارہویں تاریخ کے سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے تک ہے____	☐	☐
2.بقرعید کی نماز ہونے سے پہلے قربانی کرنا درست ہے____	☐	☐
3.خود قربانی کرنے والے کا عید کی نماز سے فارغ ہونا ضروری ہے____	☐	☐
4.قصائی کا مسلمان ہونا ضروری ہے____	☐	☐
5.جانور کو ذبح سے پہلے کھانا کھلانا، پانی پلانا مکروہ ہے____	☐	☐
6.جانور کو ذبح کے لیے لایا گیا اور گراتے ہوئے اس کی ٹانگ ٹوٹ گئی یا کوئی اور عیب پیدا ہو گیا مثلاً گائے ہاتھ سے چھوٹ گئی اور اسی اثنا میں اس کی آنکھ پھوٹ گئی۔ پھر اسے پکڑ کر ذبح کر دیا گیا تو قربانی درست نہیں____	☐	☐
7.ذبح کرتے وقت تمام شرکاء کے نام پکارنا ضروری نہیں____	☐	☐
8.دسویں تاریخ سے بارہویں تک کی درمیانی دو راتوں میں قربانی کرنا درست ہے____	☐	☐
9.قربانی کرنے والے کے لیے صرف "بسم اللہ اکبر" کہنا ضروری ہے____	☐	☐
10.اگر چار رگوں میں سے کوئی سی تین رگیں کٹیں تب بھی جانور حلال ہے____	☐	☐
11.قربانی کی گائے میں جو لوگ شریک ہوں وہ کھال میں بھی اپنے اپنے حصے کے برابر کے شریک ہوں گے____	☐	☐
12.قربانی کرنے والے کو قربانی کی کھال میں پانچ قسم کے اختیارات حاصل ہیں____	☐	☐
13.قربانی کی کھال فقراء و مساکین کو خیرات میں دینا واجب ہے____	☐	☐
14.اگر دو آدمیوں نے مل کر چھری پکڑ کر چلائی تو دونوں کے لیے "بسم اللہ اکبر" کہنا ضروری ہے ورنہ جانور حرام ہو جائے گا۔ اس کا گوشت کھانا جائز نہ ہوگا۔ البتہ ہاتھ، پیر، منہ پکڑنے والا محض معاون ہے وہ اگر چھری چلانے میں ہاتھ نہیں لگا رہا تو اس پر "بسم اللہ اکبر" کا پڑھنا ضروری نہیں____	☐	☐

15. قربانی کی کھال اگر روپے کے بدلے میں فروخت کی گئی ہے تو اس رقم کو اپنے استعمال میں لا سکتے ہیں صدقہ کرنا ضروری نہیں ___ ☐ ☐

16. قربانی کی کھال اگر ایسی چیز کے بدلے میں فروخت کی جو باقی رہتے ہوئے استعمال میں نہیں آتی یعنی اسے خرچ کیے بغیر اس سے فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا مثلاً کھانے پینے کی چیزیں تو ان اشیاء کا صدقہ بھی واجب ہے_______________ ☐ ☐

17. کھال ایسی چیز کے بدلے میں فروخت کی جو باقی رہتے ہوئے استعمال میں آتی ہے یعنی اسے خرچ کیے بغیر اس سے فائدہ حاصل کیا جا سکتا ہے مثلاً کپڑے تو ان اشیاء کو اپنے استعمال میں لانا جائز نہیں___________________ ☐ ☐

حوالہ جات

کچھ سوالات فہم قربانی کورس کے بارے میں

(1)......عن أبی سعید الخدری قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من غدا فی طلب العلم صلت علیه الملائکة وبورک له فی معیشته ولم ینقص من رزقه وکان علیه مبارکا. (جامع بیان العلم، 1/54 رقم الحدیث 217)

(2)......عن أنس بن مالک قال: کان أخوان علی عهد النبی صلی الله علیه وسلم فکان أحدهما یأتی النبی صلی الله علیه وسلم والآخر یحترف فشکا المحترف أخاه إلی النبی صلی الله علیه وسلم فقال: لعلک ترزق به. (ترمذی رقم 2345)

(3)......عن ابن شهاب قال: قال حمید بن عبد الرحمن سمعت معاویة خطیبا یقول سمعت النبی صلی الله علیه وسلم یقول: من یرد الله به خیرا یفقهه فی الدین وإنما أنا قاسم والله یعطی ولن تزال هذه الأمة قائمة علی أمر الله لا یضرهم من خالفهم حتی یأتی أمر الله. (صحیح البخاری رقم 71)

(4)......عن أبی هریرة قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من نفس عن مؤمن کربة من کرب الدنیا نفس الله عنه کربة من کرب یوم القیامة ومن یسر علی معسر یسر الله علیه فی الدنیا والآخرة ومن ستر مسلما ستره الله فی الدنیا والآخرة والله فی عون العبد ما کان العبد فی عون أخیه ومن سلک طریقا یلتمس فیه علما سهل الله له به طریقا إلی الجنة وما اجتمع قوم فی بیت من بیوت الله یتلون کتاب الله ویتدارسونه بینهم إلا نزلت علیهم السکینة وغشیتهم الرحمة وحفتهم الملائکة وذکرهم الله فیمن عنده ومن بطأ به عمله لم یسرع به نسبه. (مسلم، 2699)

(5)......عن الحسن مرسلا قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: من جاءه الموت وهو یطلب العلم لیحیی به الإسلام فبینه وبین النبیین درجة واحدة فی الجنة. (مشکوۃ المصابیح، 249)

(6)......(حیات المسلمین، روح دوم علم دین کی تحصیل وتعلیم)

(7)......عن أبی أمامة الباهلی قال: ذکر لرسول الله صلی الله علیه وسلم رجلان أحدهما عابد والآخر عالم فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم: فضل العالم علی العابد کفضلی علی أدناکم. ثم قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: إن الله وملائکته وأهل السموات والأرضین حتی النملة فی جحرها وحتی الحوت لیصلون علی معلم الناس الخیر. (ترمذی: رقم 2685)

(8)......عن أبی هریرة قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: إن مما یلحق المؤمن من عمله وحسناته بعد موته علما علمه ونشره وولدا صالحا ترکه ومصحفا ورثه أو مسجدا بناه أو بیتا لابن السبیل بناه أو نهرا أجراه أو صدقة أخرجها من ماله فی صحته وحیاته یلحقه من بعد موته. (ابن ماجہ رقم 242)

(9)......عن ابن مسعود قال: سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: نضر الله امرأ سمع منا شیئا فبلغه کما سمعه فرب مبلغ أوعی له من سامع. (مشکوۃ المصابیح، 230)

(10)......(احیاء العلوم: کتاب، آداب الکسب والمعاش، الباب الثانی 2/129)

☆ عن مالک بن أنس عن العلاء بن عبد الرحمن بن یعقوب عن أبیه عن جده قال: قال عمر بن الخطاب: لا یبع فی سوقنا إلا من قد تفقه فی الدین. (ترمذی: رقم 487)

1. عشرۂ ذی الحجہ

فضائل

(11)...... قال بعضهم: هي ليالي عشر ذي الحجة. حدثنا ابن بشار قال: ثنا ابن أبي عدي وعبد الوهاب ومحمد بن جعفر عن عوف عن زرارة عن ابن عباس قال: إن الليالي العشر التي أقسم الله بها هي ليالي العشر الأول من ذي الحجة. (تفسیر الطبری تحت الآیۃ (ولیال عشر)

(12)...... حدثني يعقوب بن إبراهيم قال: حدثنا هشيم عن أبي بشر عن سعيد بن جبير عن ابن عباس في قوله: واذكروا الله في أيام معدودات قال: أيام التشريق. (تفسیر الطبری تحت الآیۃ واذکروا اللہ فی ایام معدودات رقم الحدیث ۳۸۸۶)

(13)...... عن ابن عباس قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما من أيام العمل الصالح فيهن أحب إلى الله من هذه الأيام العشر فقالوا: يا رسول الله ولا الجهاد في سبيل الله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ولا الجهاد في سبيل الله إلا رجل خرج بنفسه وماله فلم يرجع من ذلك بشيء. (سنن الترمذی رقم الحدیث ۷۵۷)

(14)...... عن ابن عباس قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ما من أيام أعظم عند الله ولا أحب إليه العمل فيهن من أيام العشر فأكثروا فيهن التسبيح والتكبير والتهليل. (المعجم الکبیر للطبرانی رقم الحدیث ۱۱۱۱۶)

(15)...... عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: ما من أيام أحب إلى الله أن يتعبد له فيها من عشر ذي الحجة يعدل صيام كل يوم منها بصيام سنة وقيام كل ليلة منها بقيام ليلة القدر. (سنن الترمذی رقم الحدیث ۷۵۸)

(16)...... أن النبي صلى الله عليه وسلم قال: إذا دخلت العشر وأراد أحدكم أن يضحي فلا يمس من شعره وبشره شيئا. (الصحیح لمسلم رقم الحدیث ۱۹۷۷)

(17)...... عن قتادة رضي الله عنه في حديث طويل قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: ثلاث من كل شهر ورمضان إلى رمضان فهذا صيام الدهر كله صيام يوم عرفة أحتسب على الله أن يكفر السنة التي قبله والسنة التي بعده وصيام يوم عاشوراء أحتسب على الله أن يكفر السنة التي قبله. (الصحیح لمسلم رقم الحدیث ۱۱۶۲)

(18)...... عن أبي أمامة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال: من قام ليلتي العيدين محتسبا لله لم يمت قلبه يوم تموت القلوب. (السنن لابن ماجہ: رقم الحدیث ۱۷۸۲)

(19)...... وروي عن معاذ بن جبل رضي الله عنه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من أحيا الليالي الخمس وجبت له الجنة ليلة التروية وليلة عرفة وليلة النحر وليلة الفطر وليلة النصف من شعبان. (الترغیب للمنذری رقم الحدیث ۱۶۵۶)

اعمال

(20)...... (إنه يستحب ووجهه ان المضحي يرى نفسه مستوجبة العقاب وهو القتل ولم يؤذن فيه ففداه بالاضحية وصار كل جزء منهما فداء كل جزء منه فلذلك نهي عن مس الشعر والبشر لئلا يفقد من ذلك قسط ما عند تنزل الرحمة). (مرقاۃ المفاتیح باب فی الاضحیۃ 3/1081، رقم الحدیث: 1459)

(21)...... حدثنا شريك قال: قلت لأبي إسحاق: كيف كان يكبر علي وعبد الله قال: كانا يقولان: الله أكبر الله أكبر لا إله إلا الله والله أكبر الله أكبر ولله الحمد. (المصنف لابن ابی شیبہ رقم الحدیث ۵۶۵۳)

(22)...... عن علي أنه كان يكبر بعد صلاة الفجر يوم عرفة إلى صلاة العصر من آخر أيام التشريق ويكبر بعد العصر. (المصنف لابن ابی شیبہ: رقم الحدیث ۵۶۳۱)

(23)...... (وقالا بوجوبه فور كل فرض مطلقا) ولو منفردا أو مسافرا أو امرأة لأنه تبع للمكتوبة. (الشامی مع الدر ۲/۱۸۰)

- ولا بأس به عقب العيد لان المسلمين توارثوه فوجب اتباعهم وعليه البلخيون. (درمختار)
- ويأتي المؤتم به وان تركه امامه (درمختار)

(24)......ذکر ابو السعود ان الحموی نقل عن القراحصاری ان الإتیان به مرتین خلاف السنة. (شامی: 2/178)

(25)......فیجب علی کل من تجب علیه الصلاة المکتوبة، بحر. (الشامی مع الدر۲/۱۸۰)

(26)......وجوبه علی إمام مقیم بمصر و علی مقتد مسافر او قروی او امراة بالتبعیة لکن المراة تخافت. (الشامی مع الدر۲/۱۷۷)

(27)......واما محل اداله فدبر الصلاة وفورها من غیر ان یتخلل مایقطع حرمة الصلاة حتی لو ضحک قهقهة او احدث متعمدا او تکلم عامدا او ساهیا او خرج من المسجد او جاوز الصفوف فی الصحراء لا یکبر لأن التکبیر من خصائص الصلاة حیث لا یؤتی به إلا عقب الصلاة فیراعی لإتیانه حرمتها وهذه العوارض تقطع حرمتها ولو صرف وجهه عن القبلة ولم یخرج من المسجد ولم یجاوز الصفوف او سبقه الحدث یکبر لأن حرمة الصلاة باقیة والأصل أن کل ما یقطع البناء یقطع التکبیر ومالا فلا. (البحر الرائق۲/۱۶۵)

2. قربانی آپ پر واجب ہے یا نہیں؟ جلد فیصلہ کریں

فضائل قربانی

(28)......عن عائشة رضی الله عنها ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال: ما عمل آدمی من عمل یوم النحر احب إلی الله من إهراق الدم إنه لیاتی یوم القیامة بقرونها واشعارها واظلافها وأن الدم لیقع من الله بمکان قبل أن یقع من الأرض فطیبوا بها انفسا. (سنن الترمذی رقم الحدیث۱۴۹۳)

(29)......عن ابن عباس قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فی یوم اضحی: ما عمل ابن آدم فی هذا الیوم افضل من دم یهراق إلا أن یکون رحما مقطوعة توصل. (المعجم الکبیر للطبرانی، رقم الحدیث۱۰۹۴۸)

(30)......عن علی ولفظه أن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال یا فاطمة قومی فاشهدی اضحیتک فإن لک باول قطرة تقطر من دمها مغفرة لکل ذنب اما إنه یجاء بلحمها ودمها توضع فی میزانک سبعین ضعفا، قال ابو سعید یا رسول الله هذا لآل محمد خاصة فإنهم اهل لما خصوا به من الخیر او للمسلمین عامة قال لآل محمد خاصة وللمسلمین عامة. (الترغیب والترہیب للمنذری رقم الحدیث۱۶۶۴)

(31)......وروی عن ابن عباس رضی الله عنهما قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما أنفقت الورق فی شیء أحب إلی الله من نحر ینحر فی یوم عید. (الترغیب والترہیب للمنذری رقم الحدیث۱۶۶۵)

(32)......عن زید قال اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم: یا رسول الله ما هذه الأضاحی قال: سنة ابیکم إبراهیم قالوا: فما لنا فیها یا رسول الله قال: بکل شعرة حسنة قالوا: فالصوف یا رسول الله قال: بکل شعرة من الصوف حسنة. (سنن ابن ماجہ رقم الحدیث۳۱۲۷)

(33)......(دیکھیں 28 تا 32)

(34)......لِیُنفِق ذُو سَعَةٍ مِن سَعَتِهِ وَمَن قُدِرَ عَلَیهِ رِزقُهُ فَلیُنفِق مِمَّا آتَاهُ اللّٰهُ (الطلاق آیت ۷)

- وَمَا أَنفَقتُم مِن شَیءٍ فَهُوَ یُخلِفُهُ وَهُوَ خَیرُ الرَّازِقِینَ (السبا۳۹)
- وفی البخاری عن أبی هریرة رضی الله عنه أن النبی صلی الله علیه وسلم قال: ما من یوم یصبح العباد فیه إلا ملکان ینزلان فیقول أحدهما: اللهم اعط منفقا خلفا ویقول الآخر: اللهم اعط ممسکا تلفا. (رقم الحدیث۱۴۴۲)

قربانی نہ کرنے پر وعید

(35)......عن أبی هریرة أن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال: من کان له سعة ولم یضح فلا یقربن مصلانا. (سنن ابن ماجہ رقم الحدیث۳۱۲۳)

(36)......عن ابن عمر قال: اقام رسول الله صلى الله عليه وسلم بالمدينة عشر سنين يضحي كل سنة. (سنن الترمذی رقم الحدیث ۱۵۰۷)

قربانی کس پر واجب ہے؟

(37)......وشرائطها اى شرائط وجوبها الاسلام والاقامة واليسار الذي يتعلق به وجوب صدقة الفطر ولم يذكر العقل والبلوغ لما فيهما من الخلاف والمراة موسرة بالمعجل لوالزوج مليا وبالمؤجل لا، بأن يملك مائتي دراهم أو عرضا يساويها غير مسكونة وثياب اللبس أو متاع يحتاجه إلى أن يذبح الاضحية ولو عقار يستغله فقيل تلزم لو قيمته نصابا فمتى فضل نصاب تلزمه ولو عقار وقفا (الشامی مع الدر ۶/۳۱۲)

(38)......فان وجب له في ايامها نصاب تلزم وصاحب الثياب الاربعة لوساوى الرابع نصابا غني وثلاثا فلا. (الشامی مع الدر ۶/۳۱۲)

- ......تجب (صدقة الفطر) ...... على كل حر مسلم ...... ذي نصاب فاضل عن حاجته الأصلية كدينه وحوائج عياله وإن لم ينم كما مر وبه اى بهذا النصاب تحرم الصدقة كما مر وتجب الأضحية ونفقة المحارم على الراجح ...... ثم فرع عليه فلا تسقط الفطرة وكذا الحج بهلاک المال بعد الوجوب كما لا يبطل النكاح بموت الشهود بخلاف الزكاة والعشر والخراج. (الدرالمختار)

(39)......وفارغ عن حاجته الأصلية قوله: وفسره ابن ملک اى فسر المشغول بالحاجة الأصلية والأولى فسرها وذلک حيث قال وهي مايدفع الهلاک عن الإنسان تحقيقا كالنفقة ودور السكنى وآلات الحرب والثياب المحتاج إليها لدفع الحر او البرد أو تقديرا كالدين فإن المديون محتاج إلى قضائه بما في يده من النصاب دفعا عن نفسه الحبس الذي هو كالهلاک وكآلات الحرفة وأثاث المنزل ودواب الركوب وكتب العلم لأهلها. (الشامی مع الدر ۶/۳۱۲)

- ......(وشرطه) اى شرط افتراض ادائها (حولان الحول) وهو في ملكه (وثمنية المال كالدراهم والدنانير) لتعينها للتجارة باصل الخلقة فتلزم الزكاة كيفما امسكها ولو للنفقة" (الدرالمختار مع ردالمحتار، کتاب الزکوۃ، ج ۵، ص ۳۳۹) (ایلاغ، شعبان ۱۴۳۲)

(40)......اولها الغنى و الغنى فيها هو من له مئتا درهم أو عرض يساوي مئتي درهم سوى مسكنه و خادمه و ثيابه التي يلبسها و أثاث البيت فالغنى في الأضحية ما هو الغنى في صدقة الفطر. (فتاویٰ قاضیخان علی ہامش الہندیہ ۳/۳۴۴)

(41)......(دیکھیں حوالہ نمبر 40)

- وفي الولد الصغير عن أبي حنيفة رحمه الله تعالى روايتان في ظاهر الرواية يستحب ولا يجب بخلاف صدقة الفطر و روى الحسن عن أبي حنيفة رحمه الله تعالى أنه يجب أن يضحي عن ولده الصغير و ولد ولده الذي لا اب له و الفتوى على ظاهر الرواية. (وفی فتاویٰ قاضیخان علی ہامش الہندیہ ۳/۳۴۵)

(42)......(دیکھیں حوالہ نمبر 40)

(43)......وقال في البدائع واما قدر محل الواجب فلا يجوز الشاة والمعز الا عن واحد، وان كانت سمينة تساوي شاتين مما يجوز ان يضحي بهما، لان القياس في الابل والبقر ان لايجوز فيهما الاشتراک لان القربة في هذا الباب اراقة الدم وانها لاتحتمل التجزئة لانها ذبح واحد وانما عرفنا جواز ذلک بالخبر، فبقي الامر في الغنم على اصل القياس. فان قيل: اليس انه روي ان رسول الله ﷺ ضحى بكبشين املحين، احدهما عن نفسه والاخر عمن لا يضحي من امته فكيف ضحى بشاة واحدة عن امته عليه الصلوة والسلام. فالجواب انه عليه الصلوة والسلام انما فعل ذلک لاجل الثواب، وهو انه جعل ثواب تضحيته بشاة واحدة لامته لا للاجزاء وسقوط التعبد عنهم (بدائع الصنائع ۴/۲۰۶ اذیل المجموع کتاب الضحایا ۹/۵۲۳)

(44)......(احکام و تاریخ قربانی مصنفہ مفتی محمد شفیع صاحبؒ صفحہ نمبر 29,30)

(45)......(دیکھیں حوالہ نمبر 44)

(46)......(دیکھیں حوالہ نمبر 37,38)

(47)......ولا يشترط ان يكون غنيا في جميع الوقت حتىٰ لو كان فقيرا في اول الوقت ثم ايسر في آخره تجب عليه (فتاویٰ ہندیہ ج ۵، ص ۲۹۲)

نصاب قربانی وزکوٰۃ میں فرق

(48)......ولیس علی الرجل ان یضحی عن اولادہ الکبار وامرأتہ الا باذنہ (ہندیہ ج۵ ص۲۹۳)

(49)......(ویضحی عن ولدیہ الصغیر من مالہ) صححہ فی الھدایۃ (وقیل لا) صححہ فی الکافی قال: ولیس للاب ان یفعلہ من مالہ طفلہ ورجحہ ابن الشحنۃ، قلت وھو المعتمد لما فی متن مواھب الرحمن من انہ اصح ما یفتی بہ وعللہ فی البرھان بانہ ان کان المقصود الاتلاف، فلا ب لا یملکہ فی مال ولدہ کالعتق او التصدق باللحم، فمال الصبی لا یحتمل صدقۃ التطوع وعزاہ للمبسوط فلیحفظ (الدرمع الرد ج۶ ص۳۳۵)

(50)......وفقیر شراھا لھا لوجوبھا علیہ حتی یمتنع علیہ بیعھا. (الدرمع الرد ج۶ ص۳۲۱ وفی الشامیۃ الان شراءہ یجری مجری الایجاب وھو النذر بالتضحیۃ عرفا، ج۶ ص۳۲۱)

(51)......ومنھا الإقامۃ فلا تجب علی المسافر لأنھا لا تتأدی بکل مال ولا فی کل زمان بل بحیوان مخصوص فی وقت مخصوص والمسافر لا یظفر بہ فی کل مکان فی وقت الأضحیۃ. (بدائع الصنائع ۶۳/۵)

(52)......(دیکھیں حوالہ نمبر 51)

(53)......قال اصحابنا انہ دم نسک وجب شکرا لما وفق للجمع بین النسکین بسفر واحد (بدائع: ج۲ ص۱۴۷ فصل واما بیان ما یجب علی المتمتع والقارن)

(54)......(دیکھیں حوالہ نمبر 40)

(55)......والمرأۃ تعتبر موسرۃ بالمھر اذا کان الزوج ملیا فی العجل الذی یقال لہ بالفارسیۃ (دست پیمان) (ہندیہ ۲۹۲/۵)

(56)......ولو کان علیہ دین بحیث لو صرف فیہ نقص نصابہ لا تجب. (ہندیہ ج۵ ص۲۹۲)

3. منڈی جانے سے پہلے کے امور

استخارہ

(57)......عن جابر ابن عبداللہ قال: کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یعلمنا الاستخارۃ فی الأمور کلھا کالسورۃ من القرآن: إذا ھم بالأمر فلیرکع رکعتین ثم یقول: اللھم إنی أستخیرک بعلمک وأستقدرک بقدرتک وأسالک من فضلک العظیم فإنک تقدر ولا أقدر وتعلم ولا أعلم وأنت علام الغیوب اللھم إن کنت تعلم أن ھذا الأمر خیر لی فی دینی ومعاشی وعاقبۃ أمری أو قال: فی عاجل أمری وآجلہ فاقدرہ لی وإن کنت تعلم أن ھذا الأمر شر لی فی دینی ومعاشی وعاقبۃ أمری أو قال: فی عاجل أمری وآجلہ فاصرفہ عنی واصرفنی عنہ واقدر لی الخیر حیث کان ثم رضنی بہ ویسمی حاجتہ

(58)......(اصلاحی خطبات: 10/157)

صلوٰۃ الحاجت

(59)......عن عبداللہ بن أبی أوفی الأسلمی قال: خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال: من کانت لہ حاجۃ إلی اللہ أو إلی أحد من خلقہ فلیتوضأ ولیصل رکعتین ثم لیقل: لا إلہ إلا اللہ الحلیم الکریم سبحان اللہ رب العرش العظیم الحمد للہ رب العالمین اللھم إنی أسألک موجبات رحمتک وعزائم مغفرتک والغنیمۃ من کل بر والسلامۃ من کل إثم أسألک ألا تدع لی ذنبا إلا غفرتہ ولا ھما إلا فرجتہ ولا حاجۃ ھی لک رضا إلا قضیتھا لی ثم یسأل اللہ من أمر الدنیا والآخرۃ ما شاء فإنہ یقدر. (سنن ابن ماجہ)

(60)......عن أبی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال: إذا دخلت منزلک فصل رکعتین تمنعانک مدخل السوء وإذا خرجت من منزلک فصل رکعتین تمنعانک مخرج السوء. (مجمع الزوائد رقم الحدیث ۳۶۸۶)

مشورہ

(61)......وشاورهم في الامر (آل عمران ۱۵۹)

نماز کا خیال رکھنا

(62)...... (شمیہ: 211/5، فضائل حج: از شیخ الحدیث، پانچویں فصل، حج کے آداب میں، اتفاقی آداب نمبر 27، ص79)

نیت کی درستگی

(63)......عن أبي سعد بن أبي فضالة الأنصاري وكان من الصحابة قال: سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول: إذا جمع الله الناس يوم القيامة ليوم لا ريب فيه نادى مناد: من كان أشرك في عمل عمله لله أحدا فليطلب ثوابه من عند غير الله فإن الله أغنى الشركاء عن الشرك. (الترمذی رقم الحدیث ۳۱۵۴)

(64)......عن عبد الله بن عمر رضي الله عنهما قال: سمعت رسول الله ﷺ يقول: من سمع الناس بعمله سمع الله به سامع خلقه وصغره وحقره. (مجمع الزوائد: ۱۰/۳۸۱)

(65)......عن عبد الله بن قيس الخزاعي رضي الله عنه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: من قام رياء وسمعة لم يزل في مقت الله حتى يجلس. (تفسیر ابن کثیر: ۳/۱۱۹)

(66)......لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّوْنَ وَمَا تُنْفِقُوا مِن شَيْءٍ فَإِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ. (آل عمران ۹۲)

(67)......وَيُطْعِمُوْنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسْكِيْنًا وَّيَتِيْمًا وَّأَسِيْرًا (الدہر ۸)

- عن أبي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من لقي الله لا يشرك به شيئا وأدى زكاة ماله طيبا بها نفسه محتسبا وسمع وأطاع فله الجنة أو دخل الجنة وخمس ليس لهن كفارة الشرك بالله عز وجل وقتل النفس بغير حق أو نهب مؤمن أو الفرار يوم الزحف أو يمين صابرة يقتطع بها مالا بغير حق (مسند احمد: ۸۳۶۲)

(68)...... (دیکھیں حوالہ نمبر 56)

(69)......وعن محمد رحمه الله تعالى في المنتقى إذا اشترى شاة ليضحي بها وأضمر نية التضحية عند الشراء تصير أضحية كما نوى. (ہندیہ ۵/۳۰۶)

(70)......وإن كان كل واحد منهم صبيا أو كان شريك السبع من يريد اللحم أو كان نصرانيا ونحو ذلك لا يجوز للآخرين أيضا كذا في السراجية......والمسلم لو أراد اللحم لا يجوز عندنا (ہندیہ ۵/۳۰۴)

(71)......ولو أرادوا القربة الأضحية أو غيرها من القرب أجزأهم سواء كانت القربة واجبة أو تطوعا أو وجب على البعض دون البعض وسواء اتفقت جهات القربة أو اختلفت بأن أراد بعضهم الأضحية وبعضهم جزاء الصيد وبعضهم هدي الإحصار وبعضهم كفارة عن شيء أصابه في إحرامه وبعضهم هدي التطوع وبعضهم دم المتعة أو القران وهذا قول أصحابنا الثلاثة رحمهم الله تعالى وكذلك إن أراد بعضهم العقيقة عن ولد ولد له من قبل كذا ذكر محمد رحمه الله تعالى في نوادر الضحايا. (ہندیہ ۵/۳۰۴)

صراحتاً اجازت لینا

(72)......ومنها أن تجزيء فيها النيابة فيجوز للإنسان أن يضحي بنفسه وبغيره بإذنه لأنها قربة تتعلق بالمال فتجزيء فيها النيابة كأداء الزكاة وصدقة الفطر ولأن كل أحد لا يقدر على مباشرة الذبح بنفسه خصوصا النساء فلو لم تجز الاستنابة لأدى إلى الحرج وسواء كان المأذون مسلما أو كتابيا حتى لو أمر مسلم كتابيا أن يذبح أضحيته يجزيه لأن الكتابي من أهل الذكاة إلا أنه يكره لأن التضحية قربة والكافر ليس من أهل القربة لنفسه فكره إنابته في إقامة القربة لغيره وسواء كان الأذن نصا أو دلالة. (بدائع الصنائع ۵/۳۰۴)

(73)......قال فی الذخیرة لعله ذهب الی ان العادة اذا جرت من الاب فی کل سنة صار کالاذن منهم فان کان علی هذا الوجه فما استحسنه ابو یوسف مستحسن.
(ردالمحتار، ج۔۹، ص۔۳۱۵، کتاب الاضحیہ)

(74)......قال فی البدائع لأن الموت لا یمنع التقرب عن المیت بدلیل انه یجوز ان یتصدق عنه ویحج عنه وقد صح ان رسول الله ضحی بکبشین احدهما عن نفسه والآخر عمن لم یذبح من امته وإن کان منهم من قد مات قبل أن یذبح . لأن له ولایة علیهم إتقانی قال فی النهایة وعلی هذا إذا کان احدهم ام ولد ضحی عنها مولاها أو صغیرا ضحی عنه أبوه قوله لأن بعضها لم یقع قربة فکذا الکل لعدم التجزی کما یأتی فرع من ضحی عن المیت کما یصنع فی أضحیة نفسه من التصدق والأکل والأجر للمیت والملک للذابح. (الشامی۹/۳۲۶)

مال حلال کا استعمال

(75)......عن أبی هریرة قال: قال رسول الله صلی الله علیه وسلم: یا أیها الناس إن الله طیب ولا یقبل إلا طیبا وإن الله أمر المؤمنین بما أمر به المرسلین فقال: یا أیها الرسل کلوا من الطیبات واعملوا صالحا إنی بما تعملون علیم وقال: یا أیها الذین آمنوا کلوا من طیبات ما رزقناکم قال: وذکر الرجل یطیل السفر أشعث أغبر یمد یده إلی السماء یا رب یا رب ومطعمه حرام ومشربه حرام وملبسه حرام وغذی بالحرام فأنی یستجاب لذلک. (ترمذی، رقم الحدیث ۲۹۸۹)

(76)......دخل عبد الله بن عمر علی ابن عامر یعوده وهو مریض فقال: ألا تدعو الله لی یا ابن عمر قال: إنی سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول: لا تقبل صلاة بغیر طهور ولا صدقة من غلول. (مسلم، ۳۵۵)

(77)......والحاصل أنه إن علم أرباب الأموال وجب رده علیهم وإلا فإن علم عین الحرام لا یحل له ویتصدق به بنیة صاحبه وإن کان مالا مختلطا مجتمعا من الحرام ولا یعلم أربابه ولا شیئا منه بعینه حل له حکما والأحسن دیانة التنزه عنه. (شامی۹/۳۸۵)

● قوله اکتسب حراما إلخ توضیح المسألة ما فی التتارخانیة حیث قال: رجل اکتسب مالا من حرام ثم اشتری فهذا علی خمسة أوجه: أما إن دفع تلک الدراهم إلی البائع أولا ثم اشتری منه بها أو اشتری قبل الدفع بها ودفعها أو اشتری قبل الدفع بها ودفع غیرها أو اشتری مطلقا ودفع تلک الدراهم أو اشتری بدراهم آخر ودفع تلک الدراهم. قال أبو نصر: یطیب له ولا یجب علیه أن یتصدق إلا فی الوجه الأول وإلیه ذهب الفقیه أبو اللیث لکن هذا خلاف ظاهر الروایة فإنه نص فی الجامع الصغیر: إذا غصب ألفا فاشتری بها جاریة وباعها بألفین تصدق بالربح. وقال الکرخی: فی الوجه الأول والثانی لا یطیب وفی الثلاث الأخیرة یطیب وقال أبو بکر: لا یطیب فی الکل لکن الفتوی الآن علی قول الکرخی دفعا للحرج عن الناس اهـ. وفی الولوالجیة: وقال بعضهم: لا یطیب فی الوجوه کلها وهو المختار ولکن الفتوی الیوم علی قول الکرخی دفعا للحرج لکثرة الحرام. (شامی۵/۲۳۵)

پہلے سے جانور پالنا

(78)......فیستحب ان یربط الاضحیة قبل ایام النحر بایام لما فیه من الاستعداد من القربة واظهار الرغبة فیها فیکون له فیه اجر وثواب. (بدائع الصنائع۵/۷۸)

(79)......والبقر والبعیر یجزئ عن سبعة اذا کانوا یریدون وجه اللہ تعالیٰ والتقدیر بالسبعة یمنع الزیادة ولایمنع النقصان کذا فی الخلاصة. (ہندیہ۵/۳۰۴)

مسائل کا سیکھنا

(80)......قال عمر بن الخطاب: لا یبع فی سوقنا إلا من قد تفقه فی الدین. (ترمذی، رقم الحدیث ۴۸۷)

حفاظتی دعاؤں کا اہتمام

(81)......عن أنس بن مالک قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من قال يعني إذا خرج من بيته: بسم الله توكلت على الله لا حول ولا قوة إلا بالله يقال له: كفيت ووقيت وتنحى عنه الشيطان. (ترمذی رقم الحدیث۳۴۲۶)

(82)......عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: وكلني رسول الله صلى الله عليه وسلم بحفظ زكاة رمضان فأتاني آت فجعل يحثو من الطعام فأخذته فقلت لأرفعنک إلى رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكر الحديث فقال: إذا أويت إلى فراشک فاقرأ آية الكرسي لن يزال عليک من الله حافظ ولا يقربک شيطان حتى تصبح فقال النبي صلى الله عليه وسلم صدقک وهو كذوب ذاک شيطان. (صحیح البخاری رقم الحدیث۳۲۷۵)

4. منڈی پہنچنے کے بعد کے امور

منڈی میں کیسے داخل ہوں؟

(83)......أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: من دخل السوق فقال: لا إله إلا الله وحده لا شريک له له الملک وله الحمد يحيي ويميت وهو حي لا يموت بيده الخير وهو على كل شيء قدير كتب الله له ألف ألف حسنة ومحا عنه ألف ألف سيئة ورفع له ألف ألف درجة. (سنن الترمذی رقم الحدیث۳۴۲۸)

(84)......عن بُريدة قال: كان رسول الله صلى الله عليه وسلم إذا دخل السوق قال: بِسمِ اللّٰهِ اللّٰهُمَّ إنِّي أسألُکَ خيرَ هٰذِهِ السّوقِ وَخيرَ ما فيها وأعوذُ بِکَ مِن شرِّها وَشَرِّ ما فيها اللّٰهُمَّ إنِّي أعوذُ بِکَ أن أُصيبَ فيها يَميناً فاجِرَةً أو صَفقةً خاسِرَةً. (الاذکار للنووی رقم ۹۱۱)

منڈی میں کتنی دیر لگائیں؟

(85)......عن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال: أحب البلاد إلى الله مساجدها وأبغض البلاد إلى الله أسواقها. (مسلم رقم ۱۴۸۸)

(86)......عن سلمان قال: لا تكونن إن استطعت أول من يدخل السوق ولا آخر من يخرج منها فإنها معركة الشيطان وبها ينصب رايته. (مسلم رقم ۱۰۰)

کب خریدنا ہے؟

(87)......(ووجب سعي إليها وترک البيع) ولو مع السعي، وفي المسجد أعظم وزرا (بالأذان الأول) في الأصح وإن لم يكن في زمن الرسول بل في زمن عثمان، وأفاد في البحر صحة إطلاق الحرمة على المكروه تحريما. (شامی ۲/۱۶۱)

(88)......ففي الصحيحين نهى رسول الله عن تلقي الركبان إلى أن قال وأن يستام الرجل على سوم أخيه وفي الصحيحين أيضا لا يبع الرجل على بيع أخيه ولا يخطب على خطبة أخيه إلا أن يأذن له وصورة السوم أن يتراضيا بثمن ويقع الركون به فيجيء آخر فيدفع للمالک أكثر أو مثله وصورة البيع أن يتراضيا على ثمن سلعة فيقول آخر أنا أبيعک مثلها بأنقص من هذا الثمن أفاده في الفتح قال الخير الرملي ويدخل في السوم الإجارة إذ هي بيع المنافع.
(شامی ۵/۱۰۲ مطلب احکام نقصان المبیع فاسدا)

کس سے خریدنا ہے؟

(89)......ومثله تلقي الجلب أي في التفصيل بين كونه يضر أهل البلدة أو لا يضر وصورته كما في منلا مسكين أن يخرج من البلد إلى القافلة التي جاءت بالطعام

ويشترى منها خارج البلد وهو يريد حبسه ويمتنع عن بيعه ولم يترك حتى تدخل القافلة البلد قالوا هذا إذا لم يلبس الملتقى سعر البلد على التجار فإن لبس فهو مكروه في الوجهين. (شامی ٦/٣٩٩)

(90)......عن ابي هريرة عن النبي ﷺ اشترى سرقة وهو يعلم انها سرقة فقد اشترك في عارها واثمها. (الترغیب، ٢٦٦٧)

کیسے خریدنا ہے؟

(91)......يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا أَمْوَالَكُم بَيْنَكُم بِالْبَاطِلِ. (نساء ٢٩)

(92)......عن أبي سعيد الخدري، أن رسول الله صلى الله عليه وسلم، قال: لا ضرر ولا ضرار، من ضار ضره الله، ومن شاق شق الله عليه.(دارقطنی ٩ ٧٤ ٣٠)

(93)......عن أبي هريرة أن رسول الله صلى الله عليه وسلم مر على صبرة طعام فادخل يده فيها فنالت أصابعه بللا فقال: ما هذا يا صاحب الطعام قال أصابته السماء يا رسول الله قال: أفلا جعلته فوق الطعام كي يراه الناس من غش فليس مني. (مسلم ١٠٢)

(94)......عن جابرؓ قال قال رسول الله ﷺ: رحم الله رجلا سمحا اذا باع واذا اشترى واذا اقتضىٰ. (بخاری 1934)

(95)......وعند الترمذي: غفر الله لرجل كان قبلكم سهلا اذا باع سهلا اذا اشترى سهلا اذا اقتضىٰ. وله في اخرى عن ابي هريرةؓ يرفعه: ان الله يحب سمح البيع سمح الشراء سمح القضاء (تیسیر الوصول الیٰ جامع الاصول ١/٥٣)

(96)......عن أبي هريرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: من أقال مسلما أقاله الله عثرته. (ابوداؤد ٣٤٦٠)

